www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب' کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | منگل 15 ستمبر 2026، بمطابق 2 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 275

فتنہ الہندوستان کیخلاف کارروائیاں، کمانڈر سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، پشین میں سی ٹی ڈی آپریشن، 6 مبینہ دہشتگرد مارے گئے

، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے

مستونگ / کوئٹہ (این این آئی) سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کیخلاف دو مختلف کارروائیوں میں کمانڈر سمیت 9 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ میں کی جانے والی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، کمانڈر نقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک اور ان کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

محسن نقوی کا مستونگ میں کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر داخلہ

سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

پاکستان کا 2 ماہ میں امریکا کے ساتھ تجارتی سرپلس 48 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا امریکا کے ساتھ 2 ماہ میں تجارتی سر (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

ایس سی او انسداد دہشت گردی کونسل کا اجلاس، ایران پر نئے فوجی حملوں کی مذمت

کونسل کا ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی المناک موت پر تعزیت کا اظہار

ایران کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ سے متعلق اپنے موقف کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی زیر صدارت شنگھائی تعاون (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

صدر مملکت آصف علی زرداری سے لبنان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

جمہوری نظام حکومت میں اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے عوامی بہبود کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں: شہباز شریف

موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کیلئے بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ضروری ہے: وزیر اعظم

آئین کا آرٹیکل 25 ہر شہری کے مساوی حقوق اور قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ قومی سطح پر آئین پاکستان، وفاق کی تمام اکائیوں، قومی اداروں کے باوقار مقام اور نظم و نسق کو متعین کرتا ہے

وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستیں خواتین کی موثر نمائندگی کے لئے مقرر کی گئی ہیں، ریاست اقلیتوں کے حقوق و فرائض اور مفادات کے تحفظ کی پابند ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کے فروغ، عوامی رائے کے احترام، انسانی وقار کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں، عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد انصاف مانگنے آرہے ہیں گولی نہیں چلنی چاہیے: بیرسٹر گوہر

انصاف مارچ کے اعلان پر پنجاب میں کریک ڈاؤن ہو رہا ہے جو قابل مذمت ہے، راجا ناصر عباس

بانی پی ٹی آئی کے ساتھ دہشت گردوں جیسا سلوک جمہوری سوچ نہیں، عوام کے مینڈیٹ کو نظرانداز کرنا ملک کے لیے نقصان دہ ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ انصاف مارچ پرامن ہوگا، اللہ کرے مارچ کے دوران کوئی گولی نہ چلے جبکہ راجا ناصر عباس نے کہا ہے کہ انصاف مارچ کے اعلان پر پنجاب میں کریک ڈاؤن ہو رہا ہے جو قابل مذمت ہے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ راجہ ناصر عباس کے ہمراہ گفتگو میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ عدالت سیاسی معاملات میں مداخلت نہ کرے، سیاسی مسائل کا سیاسی حل نکالا (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

افغانستان دہشت گردوں کا بیس کیمپ بن چکا: حنیف عباسی

پاکستان ایٹمی قوت ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا

، دہشت گردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، وزیر ریلوے کا خطاب

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بہت جلد وزیر اعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، پاکستان ایٹمی قوت ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، افغانستان دہشتگردوں کا بیس کیمپ ہے جہاں اسرائیل (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

مستونگ میں فورسز نے دہشتگردوں کیخلاف بھرپور ایکشن لیا: سرفراز بگٹی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور موثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں

دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر کے اہم کامیابی حا (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے کینیڈا میں پاکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے لبنانی وزیر داخلہ اور انڈونیشین نیول چیف کی ملاقاتیں

وزیر داخلہ کا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف

دونوں ممالک کے سیکورٹی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنایا جائے اور باہمی تعاون کو مزید بڑھایا جائے، ملاقات میں گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) لبنان کے وزیر داخلہ نے علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے پاکستان کے دو روزہ دورے کے دوران جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی ہوئی سیکورٹی صورتحال اور سیکورٹی کے شعبے میں دو طرفہ تعلقات کو مزید فروغ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سے لبنان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے
مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا



موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

ون ٹائم رجسٹریشن کے لیے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے REG لکھ کر space دیں

Step: 1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

Step: 2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

Step: 3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

Step: 4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DDMMYYYY
دن، مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ
ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر SMS کریں

شیڈول:

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے ہر ہفتے یک مشت 5 لیٹر پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں	جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 20 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔
800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان 10 دن میں ایک مرتبہ یک مشت 10 لیٹر پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکتے ہیں	جبکہ ماہانہ مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول رعایتی قیمت پر حاصل کر سکتے ہیں۔

- اسلام آباد میں آج سے پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جا سکے گا۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف:

اسلام آباد I، آزاد جموں و کشمیر A، گلگت بلتستان G، سندھ S، پنجاب P، خیبر پختونخوا K، بلوچستان B

ٹوکن لینے کا طریقہ

رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے
TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔
موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

رعایتی پٹرول کا حصول

ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں
یا QR اسکین کریں

وزارت اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID(I)2504-D/26

200 یونٹ تک بجلی صارفین کی سبسڈی حکومت جاری رکھے گی، اویس لغاری

سبسڈی ختم کرنے کی خبریں حقائق کے منافی ہیں، حق دار صارفین کو سبسڈی ملتی رہے گی، وفاقی وزیر

سولر توانائی کی حوصلہ شکنی نہیں کی جا رہی، نظام مزید شفاف بنایا جا رہا ہے، نیٹ بلنگ پالیسی سے 90 فیصد گھریلو صارفین متاثر نہیں ہوں گے

[illegible] آر کوڈ کی معلومات کی بنیاد پر سبسڈی کا فیصلہ کیا جائیگا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اویس لغاری نے کہا کہ حکومت پروٹیکٹڈ صارفین کے لیے بجلی سبسڈی ختم نہیں کررہی، بجلی پر سبسڈی لینے والوں کی تعداد 2 کروڑ 15 لاکھ ہوچکی ہے، تمام صارفین کا کیو آر کوڈ کے ذریعہ ڈیٹا مرتب کریں گے، حق دار صارفین کو سبسڈی دینا جاری رکھیں گے، بجلی بلوں پر سبسڈی لینے والوں سے کیو آر کوڈ کے ذریعے تفصیل مانگی جا رہی ہے۔اویس لغاری نے کہا [illegible] دعوے درست ہیں۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ آئی پی پیز معاہدوں پر نظرثانی سے 3500 ارب روپے کی بچت ہوئی، ڈسکوز کے نقصانات میں کمی سے 193 ارب روپے کی بچت ہوئی ہے، سال 2024-25 میں سرکلر ڈیٹ میں 780 ارب روپے کی کمی ریکارڈ کی گئی، اصلاحات کے باعث بجلی کی لاگت میں نمایاں کمی آئی، توانائی شعبے کی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، پاور سیکٹر اصلاحات سے صارفین کو براہِ راست [illegible] فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی پیداوار کے لیے مقامی ذرائع پر انحصار مسلسل بڑھ رہا ہے، سال 2035 تک کلین انرجی کا شیئر 90 فیصد ہوجائیگا جو ابھی 55 فیصد ہے، اس عرصے میں مقامی وسائل سے پیداوار موجودہ 74 فیصد سے 96 فیصد ہوجائیگی، پاکستان کا قابل تجدید توانائی کا شیئر 57 فیصد تک ہے، بھارت کا قابل تجدید توانائی کا شیئر 48 فیصد تک ہے۔

جام محمد فاؤنڈیشن کی جانب سے جام غلام قادر سول ہسپتال حب میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد

تھیلیسیمیا میں مبتلا ننھے بچوں کو زندگی کی امید برقرار رکھنے کے لیے باقاعدگی سے خون کی ضرورت ہوتی ہے

حب (نمائندہ بولان) تھیلیسیمیا میں مبتلا ننھے بچوں کو زندگی کی امید برقرار رکھنے کے لیے باقاعدگی سے خون کی ضرورت ہوتی ہے اسی ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے جام محمد فاؤنڈیشن کی جانب سے جام غلام قادر سول ہسپتال حب میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جہاں عطیہ کیا جانے والا خون تھیلیسیمیا کے زیر علاج بچوں کے لیے فراہم کیا جا رہا ہے یہ ہمارے لیے صرف ایک مہم نہیں بلکہ ان معصوم بچوں کی زندگی، صحت اور مسکراہٹ کے لیے ایک ذمہ داری ہے جام محمد فاؤنڈیشن تمام مخیر حضرات، نوجوانوں، طلبہ، کاروباری افراد اور صحت مند شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ اس نیک مقصد میں بڑھ چڑھ کر اپنا حصہ ڈالیں۔ آپ کا عطیہ کسی معصوم بچے کے لیے زندگی کی نئی امید بن سکتا ہے۔ آیئے، انسانیت کی خدمت کے اس سفر میں ہمارا ساتھ دیں اور ان ننھے پھولوں کی مسکراہٹ برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

کے ایم سی پنشن ادائیگیوں میں 60، 40 فیصد مبینہ رشوت کا انکشاف

کراچی (این این آئی) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے پنشنرز کو درپیش مسائل اور طویل عرصے سے زیرالتوا پنشن کیسز کے حوالے سے سنگین شکایات سامنے آئی ہیں، بعض پنشنرز سے پنشن کی ادائیگی کے عوض 60 اور 40 فیصد تک رقم طلب کیے جانے کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں۔ میری پہچان پاکستان کی مرکزی کمیٹی کے انچارج نہال احمد صدیقی، سیف یار خان اور رضوان احمد فکری سے کے ایم سی، ٹی ایم سیز کے نمائندوں، افسران کی تنظیم، ریٹائرڈ ملازمین کی ایکشن کمیٹیوں اور مہاجر ایمپلائز یونین کے وفد نے ملاقات کی۔

لورالائی، ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حبیب شجاع زیر تعمیر ڈیجیٹل وومن لائبریری اور جمنازیم کا معائنہ کر رہے ہیں

جنگ شاہی گورنمنٹ گرلز مین اردو سکول کیمپس میں بنیادی سہولیات کا فقدان

اساتذہ کے لیے کرسیاں اور میزیں اور طلبہ کے لیے ڈیسک مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) جنگ شاہی گورنمنٹ گرلز مین اردو سکول کیمپس میں بنیادی سہولیات کا فقدان، فوری فراہمی کا مطالبہ۔ گورنمنٹ گرلز مین اردو اسکول کیمپس جنگشاہی میں بنیادی سہولتیں نہ ہونے کے باعث اسکول انتظامیہ، اساتذہ اور طالبات کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ اسکول میں پینے کے صاف پانی، بجلی یا سولر سسٹم کی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے خصوصاً معصوم بچیوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ جبکہ باتھ روم کی مناسب سہولیات کا فقدان بھی ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ اس کے علاوہ اساتذہ کے لیے کرسیاں اور میزیں اور طلبہ کے لیے ڈیسک مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں ہیں۔ سکول کی مختلف کلاسوں کے دروازوں اور کھڑکیوں کی مرمت کی بھی اشد ضرورت ہے۔ اسکول انتظامیہ اور طلبا نے وزیر تعلیم سندھ سید سردار شاہ، سیکریٹری تعلیم اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایس ایس بی بجٹ میں مذکورہ اسکول کو نظرانداز کرنے کا فوری نوٹس لیا جائے اور اسکول کی بنیادی ضروریات کو محکمہ تعلیم کے بجٹ سے ہنگامی بنیادوں پر پورا کیا جائے۔

کراچی پولیس کے ایک ہفتے میں 36 مقابلے، 7 ڈاکو ہلاک، 28 زخمیوں سمیت 43 گرفتار

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان کے احکامات پر شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ضلعی پولیس کے ڈاکوؤں کے ساتھ 36 مبینہ مقابلے ہوئے، جن میں 7 ملزمان ہلاک اور 28 زخمی ڈاکوؤں سمیت 43 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ کراچی پولیس کے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 37 مختلف اقسام کا غیرقانونی اسلحہ، 2 رکشے اور 17 موٹرسائیکلیں برآمد کی گئیں۔

دکی، ڈپٹی کمشنر فضل الرحمان کبدانی کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا

مبینہ زیادتی کا شکار 10 سالہ بچی علاج کے بعد گھر واپس پہنچ گئی

ٹیم نے بچی اور اس کے اہل خانہ کو راشن، ضروری گھریلو سامان اور فوری امداد فراہم کی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مبینہ زیادتی کا شکار 10 سالہ بچی علاج کے بعد گھر واپس پہنچ گئی دھابیجی سے تعلق رکھنے والی مبینہ زیادتی کا شکار 10 سالہ معصوم بچی کی مدد، علاج اور انصاف کی فراہمی کے لیے ہیلپنگ ہینڈز ویلفیئر ٹرسٹ نے عملی اقدامات کرتے ہوئے معصوم بچی کو انڈس اسپتال کراچی میں داخل کرایا جہاں ایک ماہ کے دوران بچی کے تین آپریشن ہوئے جن کا تمام اخراجات ٹرسٹ کی ٹیم نے برداشت کیے متاثرہ خاندان کے مطابق بچی کے والد نے اسے بہتر تعلیم و تربیت کی غرض سے اپنے ایک قریبی دوست کے سپرد کیا تھا، جہاں مبینہ طور پر ملزم نے بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور کئی روز تک یرغمال بنائے رکھا۔ جب بچی کی طبیعت انتہائی خراب ہوگئی تو ملزم نے بیماری کا بہانہ بنا کر اسے واپس والد کے حوالے کر دیا۔ اس سلسلے میں ٹرسٹ کی ٹیم، جس میں پنہوں عقیلی ایڈووکیٹ، خالد سلیم آرائیں، محترمہ صابرہ قریشی اور شاہان قریشی شامل تھے، نے ترکی کالونی میں قائم متاثرہ خاندان کی عارضی رہائش گاہ کا دورہ کیا۔ ٹیم نے بچی اور اس کے اہل خانہ کو راشن، ضروری گھریلو سامان اور فوری امداد فراہم کی۔ جبکہ اس کے علاج، ادویات، خوراک، تعلیم اور دیگر بنیادی ضروریات کے تمام اخراجات بھی ٹرسٹ نے اپنے ذمہ لئے تھے اور بچی کو انڈس اسپتال کراچی میں داخل کرایا تھا جہاں اسپتال کے ڈاکٹروں اور اسٹاف نے بھرپور طریقے سے بچی کی دیکھ بھال کی اور علاج کیا ٹرسٹ کے رہنما خالد سلیم آرائیں نے بتایا کہ معروف قانون دان پنہوں عقیلی ایڈووکیٹ مقدمے کی پیروی کر رہے ہیں تاکہ ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے اور متاثرہ بچی کو انصاف مل سکے۔ ہیلپنگ ہینڈز ویلفیئر ٹرسٹ نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف اور تیز رفتار تحقیقات کرتے ہوئے ذمہ دار ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے، تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف مل سکے اور ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو۔

فیصل آباد ڈجکوٹ پولیس کی کارروائی، 5 کلو سے زائد چرس برآمد، ملزم گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے، تھانہ ڈجکوٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات سمگلنگ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 5 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ ڈجکوٹ کے ایس ایچ او محمد سلیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم غلام دستگیر کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے 5 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی،

پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں کی 100 فیصد فزیکل انسپکشن یقینی بنانے کا حکم جاری

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں کی 100 فیصد فزیکل انسپکشن یقینی بنانے کا حکم جاری۔۔ اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کو اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے تمام سکولوں کا لازمی طور پر فزیکل معائنہ کرنے کی ہدایت۔۔ تدریس کے معیار، صفائی، کلاس رومز، واش رومز، کھیل کے میدان، لان، چھتوں کی صفائی کا جائزہ لینے کی بھی ہدایت۔

وندر کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کی لاشیں ہسپتال میں رکھی ہوئی ہیں

محمد عامر ولد نور بخش، عبدالسلام ولد نور بخش کے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر فی خاندان ایک، ایک کروڑ روپے کا معاوضہ ادا کیا جائے، عوامی نیشنل پارٹی

حب (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ماہیگیر شیر محمد ولد بدل خان، محمد عامر ولد نور بخش، عبدالسلام ولد نور بخش کے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ خاندانوں کو فوری طور پر فی خاندان ایک، ایک کروڑ روپے کا معاوضہ ادا کیا جائے ساتھ ہی تحصیل گڈانی کی ریسکیو ٹیم کے کردار اور کارکردگی کے حوالے سے مکمل تحقیقات کے لیے فوری طور پر انکوائری کمیٹی تشکیل دی جائے اور اگر کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ثابت ہو تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے مزید یہ کہ گڈانی کے سمندری علاقے میں پانی کے اندر موجود چٹانوں اور خطرناک مقامات کی فوری نشاندہی کی جائے اور وہاں واضح حفاظتی علامات، بورڈز اور دیگر ضروری حفاظتی انتظامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک حادثات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ ہنگامی بنیادوں پر حکومتِ بلوچستان گڈانی اور حبکو کا دورہ کرے، متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کرے اور علاقے میں حفاظتی و ریسکیو انتظامات کا ازسرِنو جائزہ لے یہ مطالبات متاثرہ خاندانوں کو انصاف اور علاقے میں انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے فوری طور پر پورے کیے جائیں۔

فیصل آباد مکوانہ کے قبرستان میں آوارہ جانوروں کی بھرمار اور قبروں کی بے حرمتی و نقصان کا خدشہ

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد مکوانہ کے قبرستان میں آوارہ جانوروں کی بھرمار اور قبروں کی بے حرمتی و نقصان کا خدشہ ہے۔ مکوانہ کے قبرستان میں آوارہ جانوروں، خصوصاً پالتو جانوروں، کتوں اور دیگر جانوروں کی آزادانہ نقل و حرکت کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی افراد کے مطابق آوارہ جانور قبرستان میں داخل ہو کر قبروں کی اطراف مٹی کھودتے اور بعض اوقات قبروں کو نقصان پہنچاتے ہیں، جس سے قبروں کی بے حرمتی کا خدشہ ہے۔

سپلا کے ریجنل صدر ملہار سندھی اور دیگر کی قیادت میں بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی ریلی نکالی گئی

کالج کے پروفیسرز ناصر احمد سومرو امجد علی بروہی اور دیگر ساتذہ نے کالج گیٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا

شہدادکوٹ (رپورٹ شبیر لمبوہ) سپلا ضلع قمبر شہدادکوٹ کی جانب سے پرنسپل پروفیسر خالد حسین کھٹیان کے مبینہ انتقامی کاروائی تحت تبادلے کے خلاف شہدادکوٹ میں سپلا کے ریجنل صدر ملہار سندھی اور دیگر کی قیادت میں بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی ریلی نکالی گئی کالج کے پروفیسرز ناصر احمد سومرو امجد علی بروہی اور دیگر ساتذہ نے کالج گیٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا احتجاجی مظاہرے میں ضلع قمبر شہدادکوٹ کے تمام یونٹوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور پروفیسر خالد حسین کھٹیان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر خالد حسین کھٹیان کا تبادلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور پروفیسر خالد حسین کھٹیان کو دوبارہ پرنسپل تعینات کیا جائے رہنماں نے کہا کہ اساتذہ کے ساتھ ناانصافی اور انتقامی کارروائیاں کسی صورت قبول نہیں کی جائیں گی جبکہ سپلا سکھر ریجن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ملہار سندھی نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اساتذہ کے حقوق احترام اور اتحاد کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا سپلا کے رہنماں نے واضح کیا کہ پروفیسر خالد حسین کھٹیان کے حقوق کی بحالی تک آئینی اور قانونی طریقوں سے جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پروفیسر خالد حسین کھٹیان کو اسی کالج میں دوبارہ بطور پرنسپل تعینات کیا

وندر امن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا باقاعدہ افتتاح جام گروپ کے سینئر رہنما و سابق وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر محمد اسلم سوری نے شاٹ مار کر کر دیا

نہروں میں پانی کی شدید کمی کے خلاف جے یو آئی کا احتجاجی کیمپ قائم

احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، زمینداروں، کاشتکاروں اور متاثرہ علاقوں کے شہریوں نے شرکت کی

گنداخہ (نور حسن جمالی) کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید کمی اور تحصیل گنداخہ کے مختلف علاقوں کے ٹیلوں تک پانی کی عدم فراہمی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی نگرانی میں گنداخہ پریس کلب چوک پر احتجاجی کیمپ قائم کر دیا گیا۔ احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، زمینداروں، کاشتکاروں اور متاثرہ علاقوں کے شہریوں نے شرکت کرتے ہوئے محکمہ آبپاشی کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار ماہ سے تحصیل گنداخہ کی مختلف نہروں، شاخوں اور مائنزوں کے ٹیلوں میں پانی کی شدید قلت ہے، جس کے باعث صورتحال اس قدر سنگین ہوچکی ہے کہ کئی علاقوں میں انسانوں اور مویشیوں کے لیے پینے کا پانی بھی دستیاب نہیں۔ پانی کی عدم فراہمی سے زرعی زمینیں متاثر، فصلیں تباہ اور کاشتکار شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ احتجاجی شرکا کا کہنا تھا کہ کھیرتھر کینال سے نکلنے والی گنداخہ شاخ سمیت دیگر ذیلی نہروں کے ٹیل علاقوں کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ پانی کی منصفانہ تقسیم نہ ہونے کے باعث ٹیل کے آبادگار شدید پریشانی میں مبتلا ہیں، جبکہ کئی علاقوں میں لوگ دور دراز مقامات سے پینے کا پانی لانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو معاشی نقصان کا سامنا ہے۔

منشیات فروش و جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری

منشیات فروش ملزم محمد جڑیل سومرو کو تین سو گرام چرس سمیت گرفتار کر کے منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش و جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری ہیں۔ منشیات فروش و جرائم پیشہ (07) ملزمان گرفتار۔ منشیات اور اسلحہ برآمد مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق۔ ایس ایچ او تھانہ میروخان انسپکٹر شفقت حسین کناسرو بمع اسٹاف نے خفیہ اطلاع پر کارروائیوں میں دو منشیات فروش ملزمان بنام شاہد حسین شیخ کو دو سو گرام چرس سمیت گرفتار کر کے منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ جبکہ منشیات فروش ملزم محمد جڑیل سومرو کو تین سو گرام چرس سمیت گرفتار کر کے منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ جبکہ دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ اے سیکشن شہدادکوٹ انسپکٹر غلام محمد بوزدار بمع اسٹاف نے تین ملزمان بنام نوید بروہی، عرفان عرف مداری بروہی، اور شکیل رند گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ جبکہ تیسری کارروائی میں انچارج پی پی لالو رانک سب انسپکٹر محمد جڑیل چانڈیو بمع اسٹاف نے خفیہ اطلاع پر کارروائی میں ڈکیتی کیس میں مطلوب دو ملزمان بنام محمد یوسف عرف نانو چانڈیو اور محمد نواز جج کو گرفتار کر کے ملزم یوسف عرف نانو چانڈیو سے جرم میں استعمال شدہ پسٹل بمع میگزین برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

سوراب میں گیس بحران برقرار، 20 روز گزرنے کے باوجود ایل پی جی پلانٹ کو سپلائی نہ مل سکی، شہری شدید پریشان

سوراب (نامہ نگار) سوراب میں گیس کی فراہمی کا بحران 20 روز گزرنے کے باوجود ختم نہ ہو سکا، ایل پی جی پلانٹ کے لیے گیس کی مطلوبہ سپلائی نہ پہنچنے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کے مطابق گیس کی عدم دستیابی نے گھریلو صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے اور کھانا پکانے سمیت روزمرہ کے امور متاثر ہو رہے ہیں گیس کی قلت کے باعث شہری متبادل ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں، جس سے ان کے اضافی اخراجات میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس کی مسلسل عدم دستیابی خصوصاً کم آمدنی والے طبقے کے لیے باعثِ تشویش ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے

تھانہ جھمپیر کی حدود میں اپنی اہلیہ کے قتل کی واردات میں مطلوب ملزم ندیم سومرو گرفتار

مقتولہ کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) تھانہ جھمپیر کی حدود میں اپنی اہلیہ کے قتل کی واردات میں مطلوب ملزم ندیم سومرو گرفتار تفصیلات کے مطابق تھانہ جھمپیر کی حدود علی بحر، سومرو لیج میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر ندیم ولد یار محمد عرف یارو سومرو نے اپنی اہلیہ یاسمین امامزادی، عمر تقریباً 20/22 سال، کو گلا کاٹ کر قتل کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی جھمپیر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے *ملزم ندیم کو گرفتار کر لیا، جبکہ مقتولہ کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو نے افسوسناک واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی ہے کہ واقعے کی مکمل اور شفاف تفتیش کی جائے اور تمام قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے ملزم کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور ملزم کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن قانونی اقدام کیا جائے۔

بدین۔ منشیات کے عادی شوہر کے تشدد کا شکار بیوی تانیہ شیدی صحافیوں سے گفتگو کر رہی ہے۔

بدین کے میرواہ میں پیٹرول پمپ کے قریب بوری بند لاش برآمد

قتل کی وجوہات اور ملزمان کے حوالے سے تاحال کوئی معلومات سامنے نہیں آ سکیں

بدین (نامہ نگار) بدین کے میرواہ میں پیٹرول پمپ کے قریب بوری بند لاش برآمد، پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ بدین: بدین کے علاقے میرواہ میں پیٹرول پمپ کے قریب نامعلوم شخص کی بوری میں بند لاش برآمد ہوئی ہے، جس کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی ون فائیو کے انچارج ایاز انصاری پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور لاش کو تحویل میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد مبینہ طور پر رات کے وقت شخص کو قتل کرنے کے بعد لاش بوری میں بند کر کے مذکورہ مقام پر پھینک کر فرار ہوگئے۔ لاش کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی۔ لاش کو ایمبولینس کے ذریعے پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کیا جا رہا ہے، جبکہ پولیس کی جانب سے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ قتل کی وجوہات اور ملزمان کے حوالے سے تاحال کوئی معلومات سامنے نہیں آ سکیں۔ پرامن شہر بدین میں بوری بند لاش کی برآمدگی ایک انتہائی تشویشناک واقعہ ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر بدین جیسے نسبتاً پرامن شہر میں بھی بوری بند لاشیں ملنے کا سلسلہ شروع ہوگیا تو یہ امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے خطرے کی گھنٹی ہے۔ شہریوں نے پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف اور فوری تحقیقات کر کے مقتول کی شناخت اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ جبکہ ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی نے کہا کہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔

بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف ریلوے کا کریک ڈاؤن جاری، ٹکٹ چیکنگ مزید سخت

بے ضابطگی یا غفلت ثابت ہونے پر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف پاکستان ریلوے کا کریک ڈاؤن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی واضح ہدایات پر ریلوے حکام نے ٹرینوں میں ٹکٹ چیکنگ کا عمل مزید سخت کرتے ہوئے بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف قانونی کارروائی کا سلسلہ تیز کر دیا ہے۔ روہڑی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے لاہور ہیڈکوارٹر ایس ٹی نظام دین نے بتایا کہ کمرشل منیجر طارق انور سپرا، ڈپٹی سی ایم پینیجر ناصر نظیر ڈی آئی ایس ٹی صابر علی خان اور متعلقہ ریلوے حکام کی ہدایات پر ٹرینوں میں مسافروں کے ٹکٹوں کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دورانِ سفر بغیر ٹکٹ پائے جانے والے مسافروں کے خلاف ریلوے قوانین کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی لاہور ہیڈکوارٹر ایس ٹی نظام دین نے کہا کہ مسافروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ سفر شروع کرنے سے قبل مقررہ ٹکٹ حاصل کریں اور دورانِ سفر ٹکٹ اپنے پاس محفوظ رکھیں، تاکہ چیکنگ کے موقع پر کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریلوے قوانین کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

سوراب میں پانی کے منصوبے یا کاغذی کارروائیاں؟ جے یو آئی

بے ضابطگی یا غفلت ثابت ہونے پر ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

سوراب (نامہ نگار) جمعیت علما اسلام تحصیل سوراب کے عہدیداران نے کہا ہے کہ سوراب کو گزشتہ تین بجٹ کے دوران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کی مد میں فنڈز فراہم کیے گئے، تاہم اس کے باوجود عوام پانی کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سرکاری ریکارڈ میں مختلف منصوبوں اور فنڈز کا ذکر موجود ہے، مگر ان کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ رہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گزشتہ تین بجٹ کے دوران جاری فنڈز، مکمل و نامکمل منصوبوں اور اخراجات کا شفاف آڈٹ کرایا جائے۔ جے یو آئی عہدیداران نے صوبائی حکومت، محکمہ پی ایچ ای اور ضلعی انتظامیہ سے پانی کے منصوبوں کا فوری جائزہ لینے اور عوامی شکایات کا ازالہ کرنے کا مطالبہ کیا۔

وندر امن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا باقاعدہ افتتاح

جام گروپ کے سینئر رہنما و سابق وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر محمد اسلم سوری نے شاٹ مار کر کر دیا

مہمانِ خصوصی محمد اسلم سوری کی اسپورٹس گراؤنڈ وندر آمد پر اسپورٹس کمیٹی کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر امن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا باقاعدہ افتتاح جام گروپ کے سینئر رہنما و سابق وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر محمد اسلم سوری نے شاٹ مار کر کر دیا۔ مہمانِ خصوصی محمد اسلم سوری کی اسپورٹس گراؤنڈ وندر آمد پر اسپورٹس کمیٹی کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ افتتاحی میچ میں شہید نور بخش اسپورٹس اور کنگ بریدہ اسپورٹس کی ٹیمیں مدمقابل ہوئیں شہید نور بخش نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 8 اوورز میں 139 رنز کا ہدف دیا۔ شہید نور بخش کے بلے باز میر جانثار نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹورنامنٹ کی پہلی نصف سنچری اسکور کی۔ ہدف کے تعاقب میں کنگ بریدہ اسپورٹس کی پوری ٹیم 45 رنز بنا سکی۔ شہید نور بخش اسپورٹس نے میچ میں کامیابی حاصل کر کے اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ اس موقع پر جام گروپ کے معروف اسٹیج سیکرٹری مہر اللہ الفت نے مہمانِ خصوصی محمد اسلم سوری کو روایتی اجرک پہنائی جبکہ دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف بھی کرایا گیا۔ مہمانِ خصوصی محمد اسلم سوری نے اسپورٹس کمیٹی کے لیے 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے کھیلوں کا فروغ انتہائی ضروری ہے۔ وندر کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ایسے کھیلوں کے مقابلوں سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع میسر آتے ہیں اور معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے۔ اس موقع پر وندر پریس کلب کے صدر مہر اللہ ابراہیم انگاریہ، زبیر بلوچ، پون شیوانی، تنویر حفیظ ایوبی، بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما زاہد مبارک انگاریہ، سینئر اسپورٹس مین اکبر ساقی، نریز احمد، اسلم ساقی و دیگر بڑی تعداد میں شائقین کرکٹ نے شرکت کی۔ کمینٹیٹری کے فرائض محمد بخش انگاریہ، اور سلمان شاہ نے سرانجام دیئے۔

میر رضا کے حق میں احتجاج کے دوران دو گروپوں میں تصادم

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں طارق روڈ اللہ والی چورنگی پر میر رضا کے حق میں ہونے والے احتجاج کے دوران دو گروپ آپس میں لڑ پڑے، جس کے نتیجے میں متعدد افراد معمولی زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق احتجاج کے دوران دونوں گروپوں نے ایک دوسرے پر لاتوں، مکوں اور لاٹھیوں سے حملہ کیا۔ واقعے میں متعدد افراد معمولی زخمی ہوئے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی افراد اپنی مدد آپ کے تحت نجی اسپتالوں میں طبی امداد کے لیے چلے گئے، تاہم اب تک کوئی زخمی جناح اسپتال نہیں پہنچا۔ پولیس حکام نے کہا کہ واقعے کے حوالے سے تاحال کسی فریق نے پولیس سے رابطہ نہیں کیا۔ تصادم کی وجوہات جاننے سمیت واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

آئس اور دیگر منشیات کا استعمال نہ رک سکا، کئی خاندان اجڑنے لگے

آئس کے مبینہ عادی شوہر کے تشدد سے تنگ خاتون انصاف کے لیے پریس کلب پہنچ گئی۔

بدین (نامہ نگار) پیر عالی شاہ کوٹ کی رہائشی تانیہ شیدی کی دہائی، منشیات کے عادی شوہر پر مارپیٹ، گھر سے نکالنے اور بچوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ، پولیس سے تحفظ اور قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے، بدین ضلع میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کے باعث نوجوانوں کے ساتھ ساتھ کئی خاندانوں کے متاثر ہونے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں، جبکہ منشیات کی روک تھام اور متاثرہ خاندانوں کو تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ اسی صورتحال میں پیر عالی شاہ کوٹ کی رہائشی خاتون تانیہ شیدی اپنے شوہر کے مبینہ تشدد اور منشیات کے استعمال کے خلاف انصاف اور تحفظ کی فریاد لے کر بدین پریس کلب پہنچ گئی۔ پریس کلب میں صحافیوں کے سامنے دہائی دیتے ہوئے تانیہ شیدی نے الزام عائد کیا کہ اس کا شوہر بڈو شیدی مبینہ طور پر آئس سمیت مختلف منشیات کا استعمال کرتا ہے اور نشے کی حالت میں اسے کئی دنوں سے مارپیٹ اور تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے۔ خاتون کے مطابق شوہر نے اسے گھر سے بھی نکال دیا ہے، جس کے باعث وہ شدید پریشانی، بے بسی اور خوف کی صورتحال سے دوچار ہے۔ تانیہ شیدی نے بتایا کہ وہ دو بچوں کی ماں ہے جبکہ اس وقت تیسرے بچے کی بھی امید سے ہے۔ اس کا کہنا تھا کہ شوہر کے مبینہ تشدد اور منشیات کے استعمال کے باعث اس کی اور بچوں کی زندگی غیر محفوظ ہوگئی ہے، جبکہ گھر سے نکالے جانے کے بعد وہ دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ متاثرہ خاتون نے دعویٰ کیا کہ اس نے شوہر کے مبینہ تشدد کے خلاف متعدد مرتبہ پولیس سے بھی شکایات کیں، تاہم اس کے بقول اسے مطلوبہ تحفظ اور انصاف نہیں مل سکا۔ خاتون نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں اسے اپنی جان اور بچوں کی سلامتی کے حوالے سے شدید خدشات لاحق ہیں۔

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سول سوسائٹی حب ولسبیلہ کے رہنماؤں اور نوجوانوں کا ایک اہم اجلاس

اجلاس میں نوجوانوں کو درپیش بنیادی مسائل، خصوصاً بے روزگاری، تعلیم اور صحت کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

حب (نمائندہ بولان) سول سوسائٹی حب ولسبیلہ کے رہنماؤں اور نوجوانوں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی سربراہی سول سوسائٹی حب ولسبیلہ کے سینئر اراکین ڈاکٹر محمد حیات رونجھو، سید اشرف شاہ، عطاء اللہ رونجھو اور حاجی محمد حنیف رونجھو نے کی۔ اجلاس میں نوجوانوں کو درپیش بنیادی مسائل، خصوصاً بے روزگاری، تعلیم اور صحت کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، انہیں بہتر تعلیمی مواقع، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں اجلاس میں نوجوانوں کو منظم اور متحرک کرنے کے لیے یونٹ سازی کے حوالے سے بھی تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اس موقع پر نوجوانوں کو سول سوسائٹی کے پلیٹ فارم پر اہم ذمہ داریاں سونپنے کی تجویز بھی پیش کی گئی تاکہ وہ نوجوانوں کو درپیش مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ شرکاء اجلاس نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حب ولسبیلہ کے نوجوانوں کے مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

کراچی میں پولیس کے مختلف علاقوں مقابلے، 5 ڈاکو گرفتار، ایک ملزمہ کو بھی حراست میں لے لیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلوں میں 5 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے، جبکہ ایک ملزمہ کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک ہونڈا اسوک کار برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گبول ٹاؤن پولیس کا بفرزون سیکٹر 15 بی میں مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو خان محمد زخمی حالت میں گرفتار ہوا۔ ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا،

حب۔ سول سوسائٹی حب ولسبیلہ کے رہنماؤں اور نوجوانوں کا مشترکہ اجلاس ڈاکٹر محمد حیات رونجھو، سید اشرف شاہ، عطاء اللہ رونجھو اور حاجی محمد حنیف رونجھو کی صدارت میں ہو رہا ہے

مبینہ جائیداد کے تنازع، ہراسانی اور مبینہ تشدد کے واقعات کے خلاف فریاد

اعلیٰ حکام سے تحفظ اور معاملے کی غیر جانبدارانہ و شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ

سکھر (بیورو رپورٹ) روہڑی کے نواحی علاقے بیدل بیکس کے رہائشی عبدالحسیب برڑو نے سکھر پریس کلب پہنچ کر اپنے والد اور چچاؤں کے ساتھ مبینہ جائیداد کے تنازع، ہراسانی اور مبینہ تشدد کے واقعات کے خلاف فریاد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے تحفظ اور معاملے کی غیر جانبدارانہ و شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ سکھر پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالحسیب برڑو نے اپنا موقف بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کے مطابق ان کے والد عبدالحکیم نے 2007 میں ان کی والدہ سے علیحدگی اختیار کر کے دوسری شادی کر لی تھی، جس کے بعد ان کی والدہ نے انہیں اور ان کے ایک معذور بھائی کو مشکلات کے باوجود پال پوس کر تعلیم و تربیت دی۔ عبدالحسیب برڑو کے مطابق روہڑی میں واقع ان کے گھر اور گاؤں کی زمین سمیت دیگر جائیداد کے حوالے سے ان کا اپنے چچاؤں عبدالخالق، نظر محمد برڑو، عبدالعزیز، لطیف اور اظہر برڑو کے ساتھ تنازع چلا آ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ جائیداد میں اپنے قانونی حق کے حصول کے لیے مطالبہ کر رہے ہیں، تاہم اس معاملے کے باعث انہیں مبینہ طور پر مختلف مشکلات، دباؤ اور ہراسانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ماضی میں انہیں مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا، جبکہ بعض مواقع پر ان کے خلاف مقدمات درج کرانے یا انہیں مقدمات میں ملوث کرنے کی مبینہ کوششیں کی گئیں۔ عبدالحسیب کے بقول 2024 میں پیش آنے والے ایک مبینہ حملے کے حوالے سے انہوں نے روہڑی تھانے میں رپورٹ بھی درج کرائی تھی، تاہم جائیداد کا تنازع بدستور حل طلب ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ان کے کزن وسیم برڑو ایک فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہوئے تھے، جنہیں وہ اپنی جانب سے اسپتال لے کر گئے، تاہم بعدازاں اس واقعے کے حوالے سے بھی ان پر الزامات عائد کیے گئے، جس کے باعث ان کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوا۔ عبدالحسیب برڑو کا کہنا تھا کہ والد کی جانب سے مبینہ لاتعلقی کے باعث وہ اور ان کا خاندان شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ جائیداد کے تنازع اور جاری کشیدگی کے باعث انہیں یا ان کے اہل خانہ کو کسی قسم کا نقصان پہنچ سکتا ہے، جس کے پیش نظر انہوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی۔ انہوں نے ایم این اے سید خورشید احمد شاہ، آئی جی سندھ، وزیراعلیٰ سندھ اور سکھر انتظامیہ سمیت دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ان کی جانب سے بیان کردہ خدشات اور الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، جائیداد کے تنازع کا قانون کے مطابق جائزہ لیا جائے

سابق وزیراعظم پاکستان آئی آئی چندریگر کی 66 ویں برسی 26 ستمبر کو منائی جائیگی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم آئی آئی چندریگر (ابراہیم اسماعیل چندریگر) کی 66 ویں برسی 26 ستمبر کو منائی جائے گی وہ 17 اکتوبر 1957 سے 16 دسمبر 1957 تک پاکستان کے وزیراعظم رہے۔ آئی آئی چندریگر 1897 میں احمد آباد میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ممبئی یونیورسٹی سے قانون کی ڈگری حاصل کی اور احمد آباد میں وکالت شروع کی۔ 1940 سے 1945 تک بمبئی مسلم لیگ کے صدر بھی رہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اوزون کی تہہ کی حفاظت کا عالمی دن (کل) منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں اوزون کی تہہ کی حفاظت کا عالمی دن (آج) 16 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد اوزون کی تہہ کی حفاظت کے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس دن کی مناسبت سے محکمہ ماحولیات اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا

بدین۔ برآمد ہونے والی بوری بند لاش، ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی جائے واقعہ اور انڈس ہسپتال کے موقع پر صورتحال کا جائزہ لیا۔

مائی زاہدہ کوسو کی جانب سے پولیس کے خلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی

سنگل بینچ نے درخواست کی سماعت کرتے ہوئے مائی زاہدہ کوسو اور اس کے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کرنے کا حکم دے دیا

سکھر (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ سکھر بینچ میں سائٹ ایریا سکھر کے قریب واقع گاؤں بلال کوسو کی رہائشی مائی زاہدہ کوسو کی جانب سے پولیس کے خلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس محمد عثمان علی ہادی کی سنگل بینچ نے درخواست کی سماعت کرتے ہوئے مائی زاہدہ کوسو اور اس کے اہلخانہ کو تحفظ فراہم کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار خاتون کے وکیل مجتبیٰ پیرزادہ اور محمد یاسین کولاچی نے عدالت کو دلائل دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ سائٹ ایریا تھانے کی پولیس کی جانب سے سال 2022 سے درخواست گزار مائی زاہدہ کوسو کے خلاف مبینہ طور پر بے بنیاد اور جھوٹے مقدمات درج کر کے اسے ہراساں کیا جا رہا ہے۔ پولیس کی مبینہ کارروائیوں اور خوف کے باعث درخواست گزار خاتون شدید پریشانی میں مبتلا ہے اور دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ وکلا نے عدالت سے استدعا کی کہ مائی زاہدہ کوسو کو پولیس کی مبینہ ہراسانی سے تحفظ فراہم کیا جائے، اس کے خلاف درج مقدمات کی شفاف تحقیقات کروا کر جھوٹے مقدمات ختم کیے جائیں اور اسے و اس کے خاندان کو قانونی تحفظ فراہم کیا جائے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد مائی زاہدہ کوسو اور اس کے خاندان کے افراد کو تحفظ فراہم کرنے کا حکم جاری کرتے ہوئے پولیس کو درخواست گزار کے خلاف کسی بھی قسم کی غیر قانونی کارروائی کرنے اور اس کے گھر پر بلا جواز چڑھائی سے روک دیا۔

ہیلتھ ایشیا نمائش عالمی تعاون اور جدید طبی ٹیکنالوجی کا اہم پلیٹ فارم

کراچی (این این آئی) 23 ویں ہیلتھ ایشیا بین الاقوامی نمائش و کانفرنس کا کراچی میں انعقاد شعبہ صحت میں عالمی تعاون اور جدید طبی ٹیکنالوجی کے فروغ کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ نمائش کا انعقاد ای کامرس گیٹ وے، وزارت قومی صحت و خدمات اور خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تعاون سے کیا گیا، جس میں مختلف ممالک کے وفود، قونصل جنرلز اور طبی شعبے سے وابستہ کمپنیوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے نمائش کا افتتاح کیا۔

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Daily BOLAN HUB Balochistan

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کھوسہ

فون/فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

منگل 15 ستمبر 2026، بمطابق 2 ربیع الثانی 1448ھ

قیمت 20 روپے

نام نہاد قوم پرست سرداروں اور نوابوں کو بلوچستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی — حاجی علی مدد جتک

میر سرفراز بگٹی اور سابق نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ جیسے رہنماں نے بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھ میں قلم دیا اور انہیں آکسفورڈ، ہارورڈ، ایچی سن کالج سمیت پاکستان اور دنیا کے مختلف تعلیمی اداروں تک پہنچنے کے مواقع فراہم کیے

بطور نگران وزیراعظم پاکستان انوارالحق کاکڑ نے بلوچستان کو ایک تاریخی تحفہ دیا۔ چمن سے کراچی تک خونی شاہراہ کو ڈبل کرنے کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، جو مکمل ہونے کے بعد بلوچستان میں سفری سہولیات اور معاشی سرگرمیوں کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا

کوئٹہ (بولان بیورو) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں جاری ترقی اور خوشحالی کا سفر نام نہاد قوم پرست سرداروں اور نوابوں کو ہضم نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ بطور نگران وزیراعظم پاکستان انوارالحق کاکڑ نے بلوچستان کو ایک تاریخی تحفہ دیا۔ چمن سے کراچی تک خونی شاہراہ کو ڈبل کرنے کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے، جو مکمل ہونے کے بعد بلوچستان میں سفری سہولیات اور معاشی سرگرمیوں کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر عملی پیش رفت جاری ہے۔ یہ منصوبے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ سرداروں اور نوابوں نے صوبے کو لاشوں، نفرت اور محرومی کی سیاست کے سوا کیا دیا؟ اس کے برعکس میر سرفراز بگٹی اور سابق نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ جیسے رہنماں نے بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھ میں قلم دیا اور انہیں آکسفورڈ، ہارورڈ، ایچی سن کالج سمیت پاکستان اور دنیا کے مختلف تعلیمی اداروں تک پہنچنے کے مواقع فراہم کیے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں تعلیم، صحت، سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور روزگار کے منصوبوں پر عملی کام ہو رہا ہے۔ عوام اب نعروں اور منفی سیاست کے بجائے عملی اقدامات دیکھ رہے ہیں۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا سفر کسی کے منفی پروپیگنڈے سے نہیں رکے گا۔

غزہ میں قحط اسرائیلی غیرانسانی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، خلیج تعاون کونسل

خلیجی ممالک فلسطینی عوام کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے اور غزہ پر مسلط محاصرہ فوری طور پر ختم ہونا چاہیے، جاسم البدیوی

قاہرہ (این این آئی) خلیجی ممالک کی تعاون کونسل نے کہا ہے کہ غزہ میں قحط اسرائیلی غیرانسانی پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری جنرل جاسم البدیوی نے کہا کہ خلیجی ممالک فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور غزہ پر مسلط محاصرہ فوری طور پر ختم ہونا چاہیے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ اسرائیلی افواج کو روکا جائے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل چائینیز کمپنی بلیو ویو مرکنٹائل کے سربراہ (Mr. Likui Liu) کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی بھی موجود ہیں۔

طلبا معاشرے میں تبدیلی کیلئے کلیدی کردار ادا کریں، نیب بلوچستان

طلبا اپنے اخلاق اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبردآزما ہو سکتے ہیں

یہ وصف ان کے مستقبل میں قائدانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) چیئرمین نیب کے وژن کے مطابق اور انسداد بدعنوانی سے متعلق آگاہی مہم کے تحت، قومی احتساب بیورو (بلوچستان) نے 10 ستمبر 2026 کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ کے طلبا اور اساتذہ کے ایک وفد نے نیب بلوچستان کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت اسسٹنٹ ڈائریکٹر ظہور احمد نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل نیب (بلوچستان) نیاز حسن نے وفد کا خیرمقدم کیا اور طلبا کو کرپشن کے خلاف معلومات کی فراہمی میں اس طرح کے دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ وفد نے نیب بلوچستان کے مختلف دفاتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے نیب کے طریقہ کار، بشمول شکایات کی وصولی، انکوائری اور پراسیکیوشن کے عمل کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نیب بلوچستان جناب فرحان یوسف خان نے شرکا کو اپنے آگاہی لیکچر کے دوران نیب کے طریقہ کار، وژن، مشن اور کارکردگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔ ڈائریکٹر نیب محمد سلیم احمد نے طلبا سے گفتگو کرتے ہوئے کرپشن کے خاتمے میں ان کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں خوداحتسابی پر زور دیا اور کہا کہ اسلام میں بدعنوانی اور بددیانتی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے اقربا پروری، رشوت، سفارش، زور زبردستی اور جانبداری کو کرپشن کی اقسام کے طور پر گردانا اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ یہ رویے ہمارے معاشرے میں معمول بن چکے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان نیاز حسن نے طلبا سے مفصل گفتگو کی اور طلبا اور فیکلٹی ممبران کی جانب سے کئے گئے سوالات کے جوابات دیئے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں چیئرمین نیب کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیب اپنی تمام تر صلاحیتیں کرپشن کے تدارک اور ایسی تدابیر پر صرف کرے گا جس کی بدولت محکموں میں کرپشن کو پنپنے سے روکا جا سکے۔ انہوں نے نیب کی سہ جہتی حکمت عملی Awareness، Prevention اور Enforcement کے بارے میں تفصیل سے بتایا اور نیب کے قانون اور اس کی ترامیم کے اہم حصوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلبا اپنے اخلاق اور پیشہ ورانہ مہارت میں عبور حاصل کر کے بدعنوانی سے بہتر انداز میں نبردآزما ہو سکتے ہیں۔ یہ وصف ان کے مستقبل میں قائدانہ ذمہ داریاں ادا کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔

پختونوں، بلوچوں کو اعتماد میں لیے بغیر امن قائم نہیں ہو سکتا، نعیم الرحمن

خطے میں امن کی کنجی پاک افغان تعلقات کی بحالی ہے، دونوں ممالک دہشتگردی کی روک تھام کے لیے اشتراک عمل قائم کریں

حکمرانوں کی امریکہ نوازی نے پاکستان کو آگ میں دھکیلا، 2001ء سے قبل قبائلی خطے میں مکمل امن تھا، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پختونوں اور بلوچوں کو اعتماد میں لیے بغیر خیبر پختونخوا، بلوچستان میں امن قائم نہیں ہوگا، خطے میں امن کی کنجی پاک افغان تعلقات کی بحالی ہے، دونوں ممالک دہشت گردی کی روک تھام کے لیے اشتراک عمل قائم کریں، ریاست عوام کا نام ہے، ان کی مرضی کے خلاف حکمران مسلط کیے جائیں گے تو عوام اور اداروں میں اعتماد کا بحران پیدا ہوگا، غیرملکی طاقتوں کو مداخلت کا موقع ملے گا، اسٹیبلشمنٹ لوگوں کو مسلط کرنے کے عمل سے دور ہو جائے، ادارے آئینی حدود میں کام کریں، حکمرانوں کی امریکہ نوازی نے پاکستان کو آگ میں دھکیلا، 2001ء سے قبل قبائلی خطے میں مکمل امن تھا، کے پی میں رمضان کے پہلے 15 دنوں میں دہشت گردی کے 70 واقعات ہوئے، سو افراد کی جان گئی، جماعت اسلامی بلوچستان پر 14 اپریل کو اسلام آباد میں آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کرے گی، 20 اپریل کو پشاور میں امن مارچ ہوگا، عید کے بعد بجلی کی قیمتوں میں کمی کے لیے ملک گیر احتجاجی تحریک برپا کریں گے، ''حق دو عوام کو، بچاؤ پاکستان کو'' تحریک کے ذریعے پرامن سیاسی مزاحمت جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر جماعت اسلامی و امیر کے پی جنوبی پروفیسر ابراہیم، نائب امیر جماعت اسلامی میاں اسلم، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید فراست شاہ، امیر کے پی شمالی عنایت اللہ خان، امیر کے پی وسطی عبدالواسع و دیگر قائدین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ امیر جماعت نے کہا کہ افغانستان کی زمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے، اسلام آباد افغانستان کے ساتھ اعتماد سازی کو فروغ دے، طورخم بارڈر کا کھل جانا اور بات چیت کا آغاز نیک شگون ہے

جنوبی کوریا کے جنگلات میں تباہ کن آگ، 19 افراد ہلاک

آگ بجھانے والا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 42 ہزار ایکٹر سے زیادہ رقبہ آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ رپورٹ

سیول (جی این ایم) جنوبی کوریا کے جنگلات میں لگنے والی آگ سے ہلاکتوں کی تعداد 19 ہو گئی ہے جب کہ ایک قدیم مندر شعلوں کی لپیٹ میں آ کر منہدم ہو گیا فرانسیسی نشریاتی ادارے کے مطابق جنوبی کوریا کے قائم مقام صدر نے 19 ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے جنوب مشرقی علاقے میں آگ پھیلنے سے تقریباً 27 ہزار افراد کو فوری طور پر نقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا حکام کا کہنا ہے کہ جنگلات میں لگی آگ میں 18 شہری ہلاک ہوئے جب کہ آگ بجھانے والے ہیلی کاپٹر کا پائلٹ اس وقت ہلاک ہو گیا جب اس کا طیارہ پہاڑی علاقے میں گر کر تباہ ہوا وزارت داخلہ کے مطابق جنگلات میں لگی آگ نے 42 ہزار 991 ایکڑ رقبے کو جلا دیا ہے جس میں سے 87 فیصد حصہ صرف یوسیونگ کاؤنٹی کا ہے حکومت نے کرائسس الرٹ کو بلند ترین سطح تک بڑھا دیا اور علاقے کی جیلوں سے ہزاروں قیدیوں کو باہر منتقل کرنے کا نادر قدم اٹھایا ہے حکام نے بتایا ہے کہ جنگل کی آگ مسلسل پانچویں دن جل رہی ہے جنوبی کوریا کے قائم مقام صدر ہان ڈک سو نے کہا کہ اس سے غیر معمولی نقصان ہو رہا ہے انہوں نے ایک ہنگامی سیفٹی اور ڈیزاسٹر میٹنگ کو بتایا کہ آگ اس طرح سے بڑھ رہی ہے جو موجودہ پیشگوئی کے ماڈلز اور سابقہ توقعات دونوں سے زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ رات بھر افراتفری کا سلسلہ جاری رہا

پاکستان میں ایک کروڑ 45 لاکھ افراد سماعت خرابی کا سامنا کر رہے ہیں، ماہرین

آج سننے میں احتیاط ہے آئندہ زندگی میں اچھی سماعت کی ضامن ہے، قوت سماعت میں کمی سماجی معاشرتی اور اقتصادی مسائل کا سبب بنتی ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں تقریباً ایک کروڑ 45 لاکھ افراد مختلف درجات کی سماعت کی خرابی کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ دنیا کے ڈیڑھ ارب افراد سماعت کی کمی یا جزوی بہرے پن کا شکار ہیں جو دنیا کی کل آبادی کا 20 فیصد ہیں ماہرین کے مطابق 2050 تک ڈھائی ارب افراد کے بہرے پن کا شکار ہونے کا خدشہ ہے اور کم از کم 70 کروڑ افراد کو سماعت کی بحالی کی ضرورت ہوگی سماعت میں بے احتیاطی کے باعث اس وقت بھی دنیا کے ایک ارب نوجوانوں کو سماعت کی خرابی کا خطرہ لاحق ہے، اوجھا کیمپس کے فزیوتھراپی لیکچر ہال میں '' عالمی یوم سماعت '' کے سلسلے میں منعقدہ سیمینار سے پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی، شکیل احمد خان، ڈاکٹر عقیل الرحمن، ڈاکٹر سیدا کبر عباس، ڈاکٹر سدرہ کلیم جعفری، ڈاکٹر مہینما میمن اور دیگر نے خطاب کیا، ماہرین نے کہا کہ بڑھتے شور کی آلودگی اور بے احتیاطی کے باعث دنیا کی آبادی کسی نہ کسی درجے میں سماعت کی کمی کا شکار ہو رہی ہے، بڑھتے شور کی آلودگی میں تعمیراتی، صنعتی، ٹریفک، ہینڈ فری آلات و ہیجان انگیز موسیقی شامل ہیں، ماہرین نے عوام الناس خصوصاً نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ ہینڈ فری آلات کا استعمال کم سے کم کر کے کانوں کو مناسب اور مدھم آواز کا عادی بنائیں دوسری صورت میں آج کا شوق آئندہ زندگی میں سماعت سے محرومی کا سبب بن سکتا ہے۔

ایران پر تجزیہ، پینٹاگون کی خفیہ ایجنسی کے سربراہ سمیت سینئر فوجی کمانڈر برطرف

جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا

رپورٹ صدر ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انھوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دینے کا اعلان کیا تھا

واشنگٹن: (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر تجزیہ مہنگا پڑ گیا، ڈیفنس انٹیلیجنس چیف عہدے سے فارغ کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پینٹاگون نے ڈیفنس انٹیلی جنس ایجنسی کے سربراہ جنرل جیفری کروزی کو ان کے عہدے سے برطرف کر دیا، وائس ایڈمرل نینسی لیکور اور ریئر ایڈمرل ملٹن سینڈز بھی برطرف ہونے والوں میں شامل ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق جنرل کروزی نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ ایران کے ایٹمی پروگرام کو امریکی کارروائیوں سے خاطر خواہ نقصان نہیں پہنچا، یہ رپورٹ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کے برخلاف تھی، جس میں انھوں نے ایرانی ایٹمی صلاحیت کو مکمل طور پر تباہ کر دینے کا اعلان کیا تھا۔ روئٹرز کے مطابق اس اقدام پر ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر ڈیموکریٹ سینیٹر نے کہا کہ انتظامیہ انٹیلیجنس کو ملک کی بجائے اپنی وفاداری کا امتحان بنا رہی ہے۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق چند ہفتے قبل ایجنسی نے ایک ابتدائی رپورٹ تیار کی تھی جو صدر ٹرمپ کے اس دعوے کی تردید کرتی تھی کہ ایران کے جوہری مقامات امریکی فوجی حملوں میں تباہ کر دیے گئے ہیں۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے نائب ایڈمرل نینسی لیکور کو بھی برطرف کر دیا، جو نیوی ریزرو کی سربراہ تھیں، نیز ریئر ایڈمرل جیمی سینڈز کو بھی، جو نیوی سیل افسر تھے اور نیول اسپیشل وارفیئر کمانڈ کے انچارج تھے۔ پینٹاگون نے ان برطرفیوں کی فوری طور پر کوئی وضاحت پیش نہیں کی ہے۔ واضح رہے کہ ایئر فورس کے لیفٹیننٹ جنرل جیفری کروز پینٹاگون کے تازہ ترین سینئر عہدیدار ہیں، اور وہ دوسرے اعلیٰ فوجی انٹیلیجنس افسر ہیں جنھیں صدر ٹرمپ کی دوبارہ صدارت سنبھالنے کے بعد عہدے سے ہٹایا گیا ہے۔ اس سے قبل نیشنل سیکیورٹی ایجنسی (NSA) کے سربراہ جنرل ٹموتھی ڈی ہف کو بھی برطرف کیا گیا تھا۔

سی سی پی نے فلائی جناح، ایئرعربیہ اکیڈمی کے جوائنٹ وینچر کی منظوری دیدی

اسلام آباد (اے ایف بی) کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے فلائی جناح سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور ایئر عربیہ اکیڈمی ایل ایل سی کے درمیان جوائنٹ وینچر کی منظوری دے دی ہے۔ سی سی پی کے مطابق مذکورہ دونوں کمپنیاں پاکستان میں ہوابازی کی تربیت کی خدمات پیش کرنے کے لیے ایک نیا تربیتی ادارہ، فلائی جناح ٹی تھری فلائٹ اکیڈمی (پرائیویٹ) لمیٹڈ قائم کریں گی۔ کمپٹیشن کمیشن نے کمپٹیشن (مرجر کنٹرول) ریگولیشنز 2016 کے تحت دونوں فریقین کی جانب سے جمع کرائی گئی پری مرجر کی درخواست کا جائزہ لیا۔

امریکہ نے سراج الدین حقانی سمیت حقانی نیٹ ورک کے راہنماؤں کے سروں کی قیمت ختم کر دی

سراج الدین حقانی عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی کے سر پر اب کوئی انعام نہیں وہ شدت پسندوں کی عالمی فہرست میں شامل رہیں گے، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکہ نے افغانستان میں عسکریت پسند گروہ حقانی نیٹ ورک کے سربراہ سراج الدین حقانی سمیت دیگر سینیئر راہنماں کے سروں کی قیمت کے نام پر مقرر کیے گئے لاکھوں ڈالر کے انعامات ختم کر دیے ہیں یہ فیصلہ امریکی صدر ٹرمپ کے دوسرے دور حکومت کے چند ہفتے بعد اور خصوصاً اس واقعے کے کچھ روز بعد سامنے آیا ہے جب کابل میں امریکی حکام نے امریکا کے سابق ایلچی زلمے خلیل زاد کی سربراہی میں طالبان حکومت سے ایک امریکی سیاح کی رہائی کے لیے ملاقات کی تھی یاد رہے کہ سراج الدین حقانی افغانستان میں طالبان حکومت میں وزیر داخلہ بھی ہیں اس پیش رفت کو موجودہ تناظر میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے واضح رہے کہ حقانی نیٹ ورک پر افغانستان میں امریکہ کی قیادت میں لڑی جانے والی جنگ کے دوران کئی ہائی پروفائل اور شدید نوعیت کے حملے کرنے کا الزام ہے انہی میں امریکی اور انڈین سفارت خانوں اور نیٹو افواج پر حملے بھی شامل ہیں تاہم 2021 سے ملک میں امریکی فوج کے انخلا کے بعد سے اب یہ نیٹ ورک طالبان حکومت میں اہم حیثیت رکھتا ہے دوسری جانب امریکی محکمہ خارجہ نے تصدیق کی ہے کہ سراج الدین حقانی ان کے بھائی عبدالعزیز حقانی اور برادر نسبتی یحییٰ حقانی کے سر پر اب کوئی انعام نہیں

الفلاح قران انسٹیٹیوٹ میں ختم قران کی پروقار تقریب کا انعقاد

قرآن مجید قیامت تک انسانیت کیلئے سرچشمہ ہدایت اور حق و باطل کی کسوٹی ہے، سمیرا ظہور

کوئٹہ (یواین اے) الفلاح قران انسٹیٹیوٹ کے زیراہتمام رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ختم قران کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی ناظمہ زون سمیرا ظہور تھیں۔ الفلاح قران انسٹیٹیوٹ سواں گارڈن اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اس پرنور محفل میں دورہ قران مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نظامت کے فرائض مدرسہ سامعہ محسن نے انجام دیے، تقریب کا آغاز خنسہ بلال نے تلاوت قران پاک سے کیا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نعت رسول مقبول کا نذرانہ ثمن زبیر نے پیش کیا، نورین لقمان نے ترانہ پیش کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سمیرا ظہور نے کہا کہ قرآن کریم پڑھنے کے ساتھ قرآن فہمی بہت ضروری ہے، قرآن کریم اللہ رب العالمین کا لازوال کلام ہے جو قیامت تک کی انسانیت کیلئے سرچشمہ ہدایت اور حق و باطل کی کسوٹی ہے، جس کا ہر حرف منارنور، ہر آیت مشعلِ راہ اور ہر جملہ ہدایت کی روشن دلیل ہے، قرآن مجید خالق کائنات کا وہ سدا بہار، دائمی، عالمی اور انقلابی پیغام ہے، جو کتاب ہدایت بھی اور کتاب زندگی بھی ہے۔ سمیرا ظہور کا کہنا تھا کہ قرآن و سنت عالم انسانیت کیلئے جامع دستور اور آئین ہدایت ہے۔ غیر اسلامی نظام اور قوانین مسائل کا حل نہیں ہیں

قلات میں بی ایل اے کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں کے ورثا کا مطالبہ سامنے آ گیا

کوئٹہ (یواین اے) قلات میں بی ایل اے کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں کے ورثا کا سخت مطالبہ سامنے آ گیا۔ کالعدم دہشتگرد تنظیمیں بالخصوص بی ایل اے بلوچستان کی ترقی کی دشمن بن چکی ہیں، قلات میں بی ایل اے کے دہشت گردوں کی سفاکیت کا نشانہ بننے والے مزدوروں (محمد امین شہید، منور حسین شہید، ذیشان خالد شہید، دلاور شہید) کے لواحقین انصاف کے منتظر ہیں۔ شہید مزدوروں کے ورثا نے مطالبہ کیا ہے کہ ماہ رنگ لانگو اور اس کے دہشت گرد ساتھیوں کے خلاف سخت اور عبرتناک کارروائی کی جائے تاکہ اس سرزمین پر مزید بے گناہوں کا خون نہ بہے

پشاور اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش سے جل تھل ایک ہو گیا

محکمہ موسمیات کی ملک کے مختلف علاقوں میں بھی گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی

لاہور (جی این ایم) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے جبکہ پشاور اور گردونواح میں بدھ کی صبح گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش سے جل تھل ایک ہو گیا محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں میں خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، بالائی پنجاب، اسلام آباد اور شمالی بلوچستان میں تیز ہواں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا امکان ہے جبکہ چند مقامات پر ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 26 اور 27 مارچ کو آندھی، ژالہ باری اور تیز بارش کی وجہ سے کمزور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، ژالہ باری اور آندھی سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں کھڑی فصلوں کو نقصان بھی پہنچ سکتا ہے اس دوران درمیانی سے شدید بارش کے باعث مری، گلیات، ناران، کاغان، چترال، دیر، سوات، کوہستان، مانسہرہ، ایبٹ آباد، شانگلہ، استور، ہنزہ، سکردو، وادی نیلم، باغ، پونچھ، حویلیاں میں لینڈ سلائیڈنگ اور پھسلن کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا ہو سکتا ہے اسلام آباد اور گردونواح میں وقفے وقفے سے تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کی توقع ہے علاوہ ازیں سندھ کے بالائی اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ بعدازدوپہر جھکڑ چلنے کی توقع ہے،

پاکستان خطے میں سب سے کم ٹیرف والا ملک بن جائے گا، گاڑیوں کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا امکان

پاکستان اور آئی ایم ایف نے 5 سالوں کے دوران ملک کے سابقہ اوسط ٹیرف کو 6 فیصد تک کم کرنے پر اتفاق کیا ہے

اقدام کا مقصد پاکستان کی معیشت کو غیرملکی مسابقت کیلئے کھولنا ہے، یہ اقدام ٹیرف کو 10.6 فیصد سے کم کر کے جنوبی ایشیا میں سب سے کم کر دے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک): آئی ایم ایف کی جانب سے ریلیف کے بعد پاکستان میں کاروں کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف نے 5 سالوں کے دوران ملک کے سابقہ اوسط ٹیرف کو 6 فیصد تک کم کرنے پر اتفاق کیا ہے، ان میں تقریباً نصف کمی کر دی ہے، اس اقدام کا مقصد پاکستان کی معیشت کو غیرملکی مسابقت کیلئے کھولنا ہے، یہ اقدام ٹیرف کو 10.6 فیصد سے کم کر کے جنوبی ایشیا میں سب سے کم کر دے گا۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف سے ریلیف کی مقامی کاروں کی قیمتوں پر اثر پڑنے کی توقع ہے جو عام طور پر آٹو سیکٹر پر درآمدات اور متعلقہ اخراجات میں کمی کے نتیجے میں کم ہوں گی، کمی اس سال جولائی میں شروع ہوگی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹیرف میں کمی جولائی 2025 سے نافذ کی جائے گی، 2030 تک 6 فیصد شرح حاصل کرنے کا ہدف ہے، ٹیرف میں کمی 2 پالیسیوں کے تحت ہوگی، اول: نیشنل ٹیرف پالیسی جس کا ہدف 2030 تک 7.4 فیصد ہے اور دوئم: آٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ پالیسی (اے آئی ڈی ای پی) جو آٹوموبائل سیکٹر میں ٹیرف کو مزید کم کرے گی، آٹوموبائل سیکٹر کو چھوڑ کر ٹیرف پہلے سے طے شدہ 7.1 فیصد کے بجائے 7.4 فیصد مقرر کیا جائے گا۔ دیگر اہم تبدیلیوں میں اضافی کسٹم ڈیوٹی کا مکمل خاتمہ، ریگولیٹری ڈیوٹی میں 80 فیصد کمی اور کسٹم ایکٹ کے 5ویں شیڈول کے تحت بعض رعایتوں کو واپس لینا شامل ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نئی پالیسی سے مخصوص اشیا پر 7 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی اور صفر ٹیرف سلیب پر 2 فیصد ڈیوٹی بھی ختم ہو جائے گی، جو اس سال جولائی سے لاگو ہوگی، اگرچہ آئی ایم ایف نے ابتدائی طور پر 5 فیصد سابقہ اوسط ٹیرف میں کمی کی کوشش کی تھی، لیکن وفاقی حکومت نے اسے 6 فیصد تک کم کرنے کا عہد کیا،

دکی، کوئلہ کانوں کی بندش، مقامی مزدوروں کی زندگیاں متاثر ہیں، ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان

غیر محفوظ کام کے حالات، ہنگامی امداد کی عدم دستیابی سے مزدور خوفزدہ ہیں، حکومت کوئلہ کانوں کی سیکیورٹی کو یقینی بنائے، رپورٹ

کوئٹہ (اے ایف بی) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (ایچ آر سی پی) کی تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بلوچستان کے علاقے دکی میں کوئلہ کانوں کی بندش نے مقامی مزدوروں کی زندگیوں کو شدید متاثر کیا۔ سیکیورٹی خطرات، غیر محفوظ کام کے حالات اور ہنگامی امداد کی عدم دستیابی کے باعث مزدور نہ صرف خوفزدہ ہیں بلکہ روزگار کے محدود مواقع کے سبب شدید مالی مشکلات کا شکار بھی ہو رہے ہیں، اکتوبر 2024 میں دکی کی کوئلہ کانوں پر ایک دہشت گرد حملے میں کم از کم 21 مزدور جاں بحق ہو گئے تھے

فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے لیے اسرائیلی ایجنسی کا قیام قابل مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت خارجہ نے قابض اسرائیلی حکام کی جانب سے غزہ کی پٹی سے فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے لیے ایک ایجنسی کے قیام کے اعلان اور مغربی کنارے میں 13 غیرقانونی بستیوں کے محلوں کو الگ کرنے کی منظوری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب نے اس اقدامات کو بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی قرار دیا۔

نوجوان کی نکاح کا ڈرامہ کر کے 13 سالہ لڑکی سے زیادتی

سرگودھا (جی این ایم) سرگودھا سے اغوا کرنے کے بعد نوجوان نے نکاح کا ڈرامہ کر کے 13 سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا اور 3 ماہ تک دوستوں سے بھی اس کا ریپ کرواتا رہا۔ پولیس کے مطابق سرگودھا کے نواحی گاں 132 جنوبی کی رہائشی 13 سالہ لڑکی کو گاں کے ایک شخص کامران نے اغوا کیا، اغوا کار لڑکی کو لاہور لے گئے جہاں 3 ماہ تک اسے اپنی ہوس کا نشانہ بنایا گیا، مرکزی ملزم لڑکی کے ساتھ فرضی نکاح کا ڈرامہ کر کے خود بھی زیادتی کرتا رہا اور اپنے دیگر 3 دوستوں سے بھی لڑکی کا ریپ کروایا، 4 افراد نے لڑکی کے ساتھ گن پوائنٹ پر اجتماعی زیادتی کی اور اس دوران اس کی ویڈیو بھی بنائی۔ بتایا گیا ہے کہ 3 ماہ تک ملزمان کی ہوس کا نشانہ بننے کے بعد لڑکی بھاگ کر سلانوالی ویگن اڈے پر پہنچی، جس کے بعد معاملہ متعلقہ تھانے پہنچا تو پولیس نے لڑکی کے بیان کی روشنی میں اس کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، مرکزی ملزم کامران اور اس کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیوں کا آغاز کر دیا۔ ادھر صوبہ پنجاب کے ضلع وہاڑی میں ایک جواری نے جوا ہارنے کے بدلے میں جیتنے والوں سے بیوی کا ریپ کروا دیا

سندھ ہائیکورٹ نے ملزمان کی شناخت پریڈ کی نئی گائیڈ لائنز جاری کر دیں

کراچی (یواین اے) کرمنل مقدمات میں ملزمان کی شناخت پریڈ کے معاملے پر ممبر انسپیکشن ٹیم سندھ ہائیکورٹ نے نئی گائیڈ لائنز جاری کر دیں، جس میں ملزم کی شناخت نامعلوم رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔



اسلام آباد: ڈی آئی جی جواد طارق پولیس افسران کے مسائل کے حل کے لیے اوردلی روم کے انعقاد پر مسائل سن رہے ہیں

بازاروں اور گلیوں میں خواتین کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، مریم نواز

بازاروں میں خواتین کے تحفظ کیلئے ''ویمن پولیس سکواڈ'' پیدل، سائیکل اور موٹر سائیکل سوار ٹیمیں بازاروں اور مارکیٹوں میں گشت کریں گی

سکواڈ خواتین کو ہراساں کرنے، سماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں کی نگرانی، خواتین، بچیوں کو پریشان کرنے کے واقعات کی روک تھام کریگا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خواتین، بچوں اور کمزور طبقات کیلئے قابل تحسین اور منفرد اقدام اٹھایا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر کے نمایاں بازاروں میں خواتین کے تحفظ کے لئے ''ویمن پولیس سکواڈ'' قائم کر دیئے گئے اور صوبہ بھر میں گشت شروع کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر بازاروں میں رش کے اوقات میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی ''ویمن پولیس سکواڈ'' گشت کریں گی۔ ویمن پولیس سکواڈ کی پیدل، سائیکل اور موٹر سائیکل سوار ٹیمیں بازاروں اور مارکیٹوں میں گشت کریں گی۔ ویمن پولیس سکواڈ بازاروں اور مارکیٹوں میں شاپنگ کیلئے آنے والی خواتین کو ہراساں کرنے کے واقعات کی روک تھام کرے گا۔ ویمن پولیس سکواڈ بازاروں میں سماج دشمن عناصر کی سرگرمیوں کی نگرانی کرے گا۔ ویمن پولیس سکواڈ شاپنگ کیلئے آنے والی خواتین، بچیوں کو پریشان کرنے کے واقعات کا سدباب بھی کرے گا۔ بازاروں میں عید کے رش کے باعث خواتین سے موبائل، پرس چھیننے اور ڈکیتی وغیرہ کے واقعات کو روکنے میں مدد ملے گی۔ ویمن پولیس کے پیدل سکواڈ بھی بازاروں اور مارکیٹوں میں نگرانی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ لاہور، راولپنڈی، سیالکوٹ، فیصل آباد، گوجرانوالہ، چنیوٹ، بورے والا، وہاڑی، خانیوال اور دیگر شہروں میں ویمن پولیس سکواڈ کا بڑے تجارتی مراکز میں گشت شروع ہو گیا۔ لاہور میں ڈولفن پولیس کا خصوصی سکواڈ بھی مارکیٹوں اور بازاروں میں خواتین بچوں کے تحفظ اور معاونت کیلئے تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈولفن کا کوئیک رسپانس سائیکل سکواڈ لاہور کے 65 بڑے تجارتی مراکز پر تعینات کیا گیا ہے۔ لاہور کے ڈی ایچ اے رایا، وائی لاگ، اچھرہ، انارکلی اور لبرٹی مارکیٹ میں سائیکل سکواڈ پٹرولنگ کر رہا ہے

غزہ میں ہماری عمارت پر حملے کا سبب اسرائیلی ٹینک بنا، اقوام متحدہ

جنگی فریق کو خوب اچھی طرح معلوم تھا جہاں بمباری کی گئی ہے اس جگہ پر اقوام متحدہ کی عمارت ہے، بیان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے غزہ میں اپنی عمارت پر بمباری کے علاوہ ایک بلغارین کارکن کی ہلاکت اور دیگر چھ کارکنوں کے زخمی ہونے کا سبب اسرائیلی ٹینک کو قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان سٹیفن دجارک نے کہا کہ عمارت پر حملے کا سبب اسرائیلی ٹینک کو قرار دینے کی بنیاد دستیاب معلومات ہیں۔ اقوام متحدہ کے ترجمان نے اس واقعے کے بارے میں بات کرتے ہوئے واضح لفظوں میں کہا کہ جنگی فریق کو خوب اچھی طرح معلوم تھا۔ کہ جہاں بمباری کی گئی ہے اس جگہ پر اقوام متحدہ کی عمارت ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کو اس واقعے کی وجہ سے مشکل فیصلہ کرتے ہوئے غزہ میں اپنے غیر مقامی سٹاف میں عارضی طور پر کمی کرنی پڑی ہے۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اقوام متحدہ غزہ کو چھوڑ کر نہیں جا رہا

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

یوکرین میں امن کے لیے ٹرمپ کے ویژن کی حمایت کرتے ہیں، برطانیہ

برطانیہ یوکرین اور روس کے درمیان مذاکرات کی کامیابی دیکھنا چاہتا ہے، وزیر دفاع

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر دفاع جان ہیلی نے کہا ہے کہ وہ یوکرین میں امن قائم کرنے کے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ویژن کی حمایت کرتے ہیں۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے ہاؤس آف کامنز میں ایک تقریر میں یہ بھی کہا کہ ان کا ملک یوکرین اور روس کے درمیان مذاکرات کی کامیابی دیکھنا چاہتا ہے لیکن وہ جنگ کو بھول کر امن کو خطرے میں نہیں ڈالے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ برطانیہ اس سال یوکرین کو 4.5 بلین ڈالر فراہم کرے گا۔ جان ہیلی نے یوکرین میں کسی بھی تصفیے میں دیرپا امن کو یقینی بنانے میں مداخلت اور مدد کرنے کے لیے برطانیہ اور فرانس کی قیادت میں اتحاد کا دفاع کیا۔

اورماڑہ کے ساحل پر قدرت کا انمول تحفہ، نایاب رسو ڈولفن کی دلکش آمد

تین میٹر سے زائد لمبائی والی یہ خوبصورت مخلوق ساحل پر موجود لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گئی

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کے ساحل پر قدرت کا انمول تحفہ، نایاب رسو ڈولفن کی دلکش آمد منگل کی صبح اورماڑہ کے ساحل پر ایک حیرت انگیز منظر دیکھنے کو ملا، جب ایک نایاب رسو ڈولفن سمندر کی لہروں سے کھیلتے ہوئے ساحل کے بالکل قریب آ گئی۔ یہ دلکش منظر مقامی ماہی گیروں کے لیے خوشگوار حیرت کا باعث بنا۔ تین میٹر سے زائد لمبائی والی یہ خوبصورت مخلوق ساحل پر موجود لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ ماہی گیروں نے اس نادر موقع کو اپنے موبائل کیمروں میں محفوظ کر لیا۔ رسو ڈولفن بحیرہ عرب میں پائی جانے والی ایک نایاب نوع ہے اس کی بلنٹ سر، نمایاں ڈورسل فن اور مضبوط جسم اسے دیگر ڈولفنز سے ممتاز کرتے ہیں۔ مقامی ماہی گیروں نے اس نایاب مہمان کی آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے واپس سمندر میں چھوڑنے کا فیصلہ کیا

ایل این جی کی درآمدات میں 6 فیصد کمی

مکوآنہ (این این آئی) ایل این جی کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 6 فیصد کی کمی آئی ہے۔ پاکستان ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ایل این جی کی درآمدات پر 2.45 ارب ڈالرز مبادلہ خرچ ہوا

ادویہ سازی مصنوعات کی قومی برآمدات میں جنوری 2025 کے دوران 159.32 فیصد اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) ادویہ سازی کی مصنوعات کی قومی برآمدات میں جنوری 2025 کے دوران 159.32 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کی رپورٹ کے مطابق اس دوران برآمدات کی مالیت 15.3 ارب روپے تک بڑھ گئی

مقتدر قوتوں نے حکومت میڈیا عدلیہ کو کنٹرول کر کے عوام کو نان شبینہ کے محتاج کر دیا، مولانا ہدایت

حکمرانوں کے بیانات اور کنٹرول میڈیا میں حقیقت کے برخلاف سب ٹھیک حقیقی طور پر تباہی و بربادی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے بیانات اور کنٹرول میڈیا میں حقیقت کے برخلاف سب ٹھیک حقیقی طور پر تباہی و بربادی ہیں مقتدر قوتوں نے حکومت میڈیا عدلیہ کو تو کنٹرول کر لیا مگر ملک دیوالیہ عوام نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو تجربہ گاہ بنا دیا گیا ہے عوام کی طرف سے مسترد کیے گئے

ٹرمپ اور محمد بن زاید کی فون پر گفتگو، غزہ جنگ بندی پر تبادل خیال

شیخ محمد کا غزہ کے لوگوں کو اہم انسانی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور

نیویارک (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں جنگ بندی کی کوششوں پر تبادل خیال کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے واشنگٹن اور ابوظہبی کے درمیان تزویری اہمیت کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے طریقوں کے ساتھ ساتھ متحدہ عرب امارات کے قومی سلامتی کے مشیر شیخ طحنون بن زاید کے حالیہ دورِ امریکہ پر بھی بات کی۔ دورے کے دوران متحدہ عرب امارات نے امریکہ میں 1.4 ٹریلین ڈالر کی 10 سالہ سرمایہ کاری کا عہد کیا

اسسٹنٹ کمشنر کچلاک نعمت اللہ ترین گرانفروشوں کیخلاف کاروائی کر رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
موبائل حب : 0336-6113760
فون حب : 0853-310202
فیکس حب : 0853-310202
موبائل کوئٹہ : 0300-8380280
موبائل اسلام آباد : 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

شہید کا بیٹا بھی شہید

خودکش دھماکے میں مولانا حامد الحق کے ساتھ کئی اور مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا، مجھے اس بات کا یقین ہے کہ مولانا عبدالحق، مولانا سمیع الحق شہید اور بابا جان نے مل کر جنت الفردوس میں حامد الحق حقانی شہید کا استقبال کیا ہوگا کیونکہ اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے عمریں گزارنے، قربانیاں دینے اور جانوں کے نذرانے پیش والوں کو اللہ کریم ان کی شایان شان ابدی زندگی عطا کرتا ہے۔

مولانا حامد الحق حقانی کو شہید کرنے والا خودکش بمبار تو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنم کا ایندھن بن چکا ہے اور انشا اللہ اس کے سہولت کار، سرپرست اور تمام کھلے چھپے مددگار بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنم کا ایندھن بنیں گے۔ ایک مومن مسلمان کو قصداً عمداً قتل کرنے والے کی ذلت آمیز سزا کا اندازہ یہاں سے لگا لیں کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے ایک ہی آیت میں نہ صرف ایسے قاتل کے لیے دوزخ کی سزا کا ذکر کیا ہے بلکہ اسے اللہ نے اپنے غضب، لعنت اور زبردست عذاب کا بھی حقدار قرار دیا ہے۔ سورالنسا کی آیت نمبر 93 میں اللہ سبحانہ وتعالی نے ارشاد فرمایا ہے کہ اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا دوزخ ہے کہ مدتوں اس میں رہے گا اور اس پر اللہ غضب ناک ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا اور اس نے اس کے لیے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے مسلمانوں کا خون بہانے، انہیں قتل کرنے اور فتنہ وفساد برپا کرنے کو نہ صرف کفر قرار دیا ہے بلکہ اسلام سے واپس کفر کی طرف پلٹ جانا قرار دیا ہے۔ علما فرماتے ہیں کہ اسے اصطلاحِ شرع میں اِرتداد کہتے ہیں اور مرتد واجب القتل ہوتا ہے۔

امام بخاری حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم میرے بعد ایک دوسرے کو قتل کرنے کے سبب کفر کی طرف نہ لوٹ جانا۔ یعنی اس طرح کے قاتل ایمان سے فارغ ہو کر دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں۔

تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ ولی کامل شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کے اس عظیم خانوادے نے ہمیشہ اسلام کی سربلندی کے لیے مثالی اور قابل تحسین وقابل تقلید جدوجہد کی، اسلام کی تعلیمات اور قرآن وسنت کی ترویج واشاعت کو مشکل گھڑی میں بھی نہیں چھوڑا۔

اس بات کا عملی ثبوت مولانا سمیع الحق کی شہادت ہے، اتنا بڑا سانحہ رونما ہونے کے باوجود ان کے خانوادے، دارالعلوم حقانیہ اور ان کی جماعت جمعیت علما اسلام)س(نے نہ سڑکیں بلاک کیں، نہ جلاؤ گھیراؤ کیا اور نہ ہی توڑ پھوڑ کی مگر ریاست نے بلا کی بے حسی کا مظاہرہ کیا اور 7 سال سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود قاتل گرفتار ہوئے نہ اس بہیمانہ قتل کے منصوبہ ساز۔ مگر قاتل اور منصوبہ ساز یہ جان لیں کہ اللہ کے حکم کے مطابق شہید اسلام مولانا سمیع الحق شہید رحمہ اللہ کے خاندان نے صبر کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا مقدمہ اللہ رب العزت کے دربار میں اسی وقت پیش کیا تھا اور انشا اللہ منتقم اللہ ان سفاک قاتلوں، ان کے سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں سے اپنی شان کے مطابق انتقام لے گا اور مولانا سمیع الحق شہید رحمہ اللہ کو اپنے وعدے کے مطابق جنت الفردوس میں اعلی مقام اور اپنے محبوب خاتم النبیین حضرت محمد مجتبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب سے نوازے گا۔

مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کے اعلی ظرف اور محبّ وطن خاندان کے روایات کو دیکھتے ہوئے تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ مولانا عبدالحقکے علمی گلشن دارالعلوم حقانیہ میں ان کے پوتے اور شہید اسلام مولانا سمیع الحق شہید کے لخت جگر مولانا حامد الحق حقانی کی خودکش حملے میں شہادت پر بھی نہ احتجاج ہوگا، نہ سڑکیں بلاک ہوں گی، نہ توڑ پھوڑ اور نہ جلاؤ گھیراؤ کیا جائے گا مگر ریاست کے ذمے داروں نے کبھی سوچا ہے کہ آخر کب تک یہ ظلم برداشت کیا جاسکتا ہے؟

جہاں تک مولانا عبدالحق رحمہ اللہ کے خاندان کا تعلق ہے، اللہ کی رضا پر راضی اس خانوادے نے ایک بار پھر اپنی روایات کے مطابق اپنا مقدمہ اور ایف آئی آر منتقم اللہ کے دربار وعدالت میں جمع کر دی ہے۔ اس اذیت ناک اور جذباتی موقع پر جس طرح مولانا انوار الحق دامت برکاتہم عالیہ سے لے کر شہید ابن شہید حامد الحق حقانی کے مجاہد بیٹوں، مولانا عبدالحق ثانی اور ان کے چھوٹے بھائی نے کیا ہے وہ قابل رشک اور قابل تقلید ہے۔

جس طرح مولانا عبدالحق سے مولانا سمیع الحق شہید اور مولانا سمیع الحق شہید رحمہ اللہ سے مولانا حامد الحق حقانی شہید تک اس خانوادے، ان کے علمی گلشن اور قرآنی علوم کے مرکز دارالعلوم حقانیہ کے شیوخ، اساتذہ کرام، طلبا کرام، جامعہ کے منتظمین اور ان کی جماعت نے اسلام اور پاکستان کا پرچم مضبوطی سے تھام کے رکھا ہے انشا اللہ ان کے بھائی، بیٹے، شاگرد اور کارکنان آئندہ بھی اسلام اور پاکستان کا پرچم تھامے رکھیں گے، مگر کیا ریاست ان کے زخموں پر مرہم رکھنے کے لیے ان سفاک قاتلوں کے سہولت کاروں کو نشان عبرت بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، یا مولانا سمیع الحق شہید رحمہ اللہ کے کیس کی طرح بھول جائیں گے؟

جمعیت علما اسلام پاکستان کے قائد مولانا فضل الرحمٰن جو اس وقت سعودی عرب کے سفر پر ہیں

اٹھارویں ترمیم کے بعد

اٹھارویں ترمیم کے پیچھے ایک علمی اور فکری سوچ یہ ہی کارفرما تھی کہ مرکز صوبوں کو سیاسی، انتظامی اور مالی اختیارات دے گا تاکہ صوبے ایک خود مختار اور مضبوط صوبائی حکومتوں کے نظام کو چلا سکیں۔ اسی بنیاد پر مرکزیت کے مقابلے میں عدم مرکزیت کے نظام کی حمایت کی گئی۔

ماضی میں صوبوں کو سیاسی طور پر یہ گلہ تھا کہ مرکز ہمیں زیادہ اختیارات نہیں دیتا اور صوبوں پر مرکزی کنٹرول زیادہ ہوتا تھا۔ اب اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتیں ماضی کے مقابلے میں بہت زیادہ خود مختار اور مضبوط ہیں۔ بلکہ اب تو وفاق کو یہ شکوہ ہے اس کے اختیارات میں کمی ہوئی ہے۔ مرکز کے مقابلے میں صوبائی حکومتوں کا مضبوط ہونا ایک اچھا فیصلہ ہے کیونکہ اسی فیصلے کے تحت ہی ہم صوبائی سطح پر گورننس یا اچھی حکمرانی کے نظام کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ عام آدمی کے بنیادی نوعیت کے مسائل بھی صوبائی سطح پر ہی حل ہو سکتے ہیں اور اس میں ایک مضبوط صوبائی حکومت کا ہونا بنیادی شرط سمجھا جاتا ہے۔

اب بہت سے ایسے مسائل ہیں جن کا براہ راست تعلق عوام یا عوامی نوعیت سے ہے، ان کے مسائل کے حل کا تعلق بھی صوبائی حکومتوں اور صوبائی انتظامیہ کے ساتھ ہے۔ اگر ایک اچھی صوبائی حکومت نہیں ہے تو اس صوبے میں بری حکمرانی کے مختلف پہلوں زیادہ نظر آتے ہیں ہے۔ اس لیے ہماری سیاسی ترجیحات میں ایک مضبوط صوبائی حکومت اور ایک واضح روڈ میپ یا جامع پروگرام کا ہونا یقینی طور پر ظاہر کرے گا کہ ہم صوبے کی ترقی کا کیا ماڈل رکھتے ہیں۔

آج کل ہم تین صوبوں کے درمیان سیاسی مقابلہ بازی کے مختلف مناظر دیکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان میں پنجاب، سندھ اور خیبر پختون خواہ شامل ہیں۔ ہر صوبائی حکومت یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہی ہے کہ پچھلے ایک برس میں ان کی کارکردگی دیگر صوبوں یا ان کے سیاسی مخالفین کے مقابلے میں بہت زیادہ مثالی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ صوبائی حکومتیں نہ صرف اپنی کارکردگی کی بہتر مثالیں پیش کر رہی ہیں بلکہ اپنے سیاسی مخالفین کو جہاں ان کی دیگر صوبوں میں صوبائی حکومتیں ہیں ان پر کارکردگی کے تناظر میں شدید تنقید کر رہی ہیں۔

صوبائی حکومتوں میں اس طرح کی سیاسی مقابلہ بازی کا ہونا فطری امر سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ جب صوبوں میں مختلف سیاسی جماعتوں کی صوبائی حکومتیں ہوں گی تو اس طرح کے مقابلہ بازی کا رجحان کا پیدا ہونا سیاسی حکمت عملی کا بھی حصہ ہوتا ہے۔ ویسے بھی صوبائی حکومتوں کے

تحریر: معیز احمد گنگلوی

درمیان اپنی کارکردگی کے تناظر میں مقابلہ بازی کا رجحان کوئی بری بات نہیں ہے کیونکہ اس سے صوبوں میں ایک دوسرے کے مقابلے میں اچھی کارکردگی کا مقابلہ کرنے یا سبقت حاصل کرنے کے لیے ماحول پیدا ہوتا ہے جو مثبت پہلو ہے۔

لیکن اگر یہ مقابلہ بازی حقائق اور شواہد کے بجائے محض جذباتیت پر مبنی ہو تو پھر منفی رجحانات کو جنم دینے کا سبب بنتا ہے۔

صوبائی حکومتوں کی کارکردگی کو جانچنے کے لیے کچھ بنیادی اشاریے موجود ہیں اور ان اشاریوں کی مدد سے یہ اندازہ اور تجزیہ کیا جاسکتا ہے کہ صوبائی حکومتیں اچھی حکمرانی کے مقابلے میں کہاں کھڑی ہیں۔ اول، 18ویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتوں کی پہلی بنیادی ذمے داری یہی بنتی تھی کہ جس طرح سے وفاق نے صوبائی خود مختاری کے اصول کو تسلیم کر کے ایک مضبوط صوبائی حکومتوں کے تصور کو پیش کیا ہے تو صوبوں میں موجود صوبائی حکومت اسی تصور کے تحت آئین پاکستان میں دی گئی شق 140 اے کے تحت ضلعی سطح پر ایک مضبوط اور خود مختار مقامی حکومتوں کے نظام کو یقینی بنائے۔

مقامی حکومتوں کے نظام کی عدم موجودگی کے بغیر اختیارات کی نچلی سطح تک تقسیم ممکن نہیں۔ لیکن یہاں المیہ یہ ہے کہ صوبائی حکومتیں اول تو مقامی حکومتوں کے نظام میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کرتی ہیں اور دوئم اگر بلدیاتی ادارے تشکیل کرنا پڑے تو وہ صوبوں کے طاقتور حلقے انھیں مضبوط بنانے کے بجائے مفلوج بنا دیتے ہیں۔ اگر صوبائی حکومتوں نے واقعی اپنے اپنے صوبوں میں اچھی حکمرانی اور گورننس کے نظام کو موثر اور شفاف بنانا ہے اور عوام تک اس نظام کی رسائی کو یقینی بنانا ہے تو یہ کام مضبوط اور خود مختار مقامی حکومتوں کے نظام کے بغیر ممکن نہیں۔

صوبائی حکومتوں کا کام چھوٹی چھوٹی صنعتوں کو فروغ دینا اور ان کی مدد سے روزگار پیدا کرنا ہے۔ لیکن صوبائی حکومتیں بھی حقیقی ترقی کے منصوبوں کے بجائے خیراتی منصوبے تشکیل دیتی ہیں۔ جس سے حقیقی معاشی ترقی کے معاملات بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ ایک اور معاملہ پبلک سیکٹر سے جڑے اداروں کو مضبوط بنانے کے بجائے یا ان کی فعالیت کو یقینی بنانے کے بجائے ہم نجی شعبوں کو فروغ دے رہے ہیں۔ نجی بنیاد پر شعبوں کو فروغ دینا اور ان میں عدم ریگولیٹ نظام کی موجودگی عام آدمی کے لیے اور زیادہ مسائل کا سبب بن رہی ہے۔ پاکستان میں عام آدمی جو بہت زیادہ معاشی معاملات میں کمزور ہے وہاں سارے معاملات کو نجی شعبوں تک منتقل کرنے کی پالیسی ان کے مسائل میں بڑی سطح کی مشکلات کو پیدا کرے گی۔

اصولی طور پر تو ہمیں ان امور کا تجزیہ کرنا چاہیے کہ صوبائی حکومتوں نے ایسے کیا سیاسی، انتظامی، قانونی، معاشی اور مالی اقدامات کیے ہیں اور ان کی بنیاد پر صوبائی سطح پر موجود ڈھانچوں میں عوامی مفادات کے تناظر میں مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ کیونکہ اٹھارویں ترمیم کے بعد گورننس کی بہتری کے نظام کی ذمے داری وفاق کے مقابلے میں صوبائی حکومتوں کی ہے۔ اصل میں ہماری صوبائی حکومتیں ردعمل کی بنیاد پر چلتی ہیں اور ان کے فیصلے مستقل بنیادوں پر کم روزانہ کی بنیادوں پر ہونے والے امور پر زیادہ ہوتے ہیں۔

اسی طرح سیاسی حکومتوں کی مجبوری یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے ترقیاتی اقدامات سے سیاسی قد بھی بڑھائیں۔ اس سیاسی قد میں ہم ذاتی تشہیر بھی دیکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سندھ میں ہمیں بے نظیر بھٹو، آصف علی زرداری، بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو، پنجاب میں مریم نواز اور شہباز شریف جب کہ خیبر پختون خواہ میں علی امین گنڈا پور اور بانی تحریک انصاف کی ذاتی تشہیر بھی نمایاں دیکھنے کو ملتی ہے اور کئی منصوبے تو ان کے ناموں سے چلائے جاتے ہیں۔ اس کا ایک عملی سطح کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ جب بھی نئی صوبائی حکومتیں آتی ہیں تو وہ پہلے سے چلنے والے سیاسی منصوبوں یا سیاسی افراد کے نام سے چلنے والے منصوبوں کو ختم کر کے اپنے ناموں سے چلاتے ہیں اور یہ مقابلہ بازی کا رجحان قومی سیاست کو ایک بڑے نقصان کی طرف دھکیل رہا ہے

کیا یہ ثبوت کافی نہیں؟

ہماری بدقسمتی ہے کہ کائناتوں کے خالق کی کتاب جسے اس نے خود ہدایت، رحمت اور حکمت قرار دیا ہے، ہمارے پاس الماریوں میں پڑی رہتی ہے مگر ہم اس سے مستفیض نہیں ہوتے اور کھول کر نہیں دیکھتے۔ رمضان برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے، اس کی برکتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ہم کتابِ حق کا مطالعہ شروع کر دیتے ہیں۔

اگر قرآنِ کریم کو بامحاورہ ترجمے اور کسی بڑے اسکالر کی تشریح کے ساتھ پڑھا جائے تو پھر بے حد لطف آتا ہے، اپنے خالق کے ساتھ ایک تعلق قائم ہو جاتا ہے اور ہر صفحے پر اس کی رحمتیں اور اس کی حکمتیں نظر آنے لگتی ہیں۔ کتابِ اللہ کی سورہ الملک پڑھنی شروع کی تو خالقِ کائنات کی طاقت اور حکمت کا نئے سرے نہایت بزرگ وبرتر ہے، وہ جس کے ہاتھ میں کائنات کی سلطنت ہے۔

)یعنی تمام اختیارات کا مالک اور شہنشاہِ کائنات وہی ہے(اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تاکہ تمہیں آزما کر دیکھے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے۔ اور وہ زبردست بھی ہے اور درگذر فرمانے والا بھی۔ جس نے تہ بہ تہ سات آسمان بنائے۔ تم رحمان کی تخلیق میں سے کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے۔ پھر پلٹ کر دیکھو تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑا، تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی

تاریخ انسانی میں خدا ہونے کا دعوی نمرود یا ایک آدھ اور بادشاہ نے کیا ضرور ہے مگر صرف حکمران ہونے کی حد تک۔ خالقِ کائنات ہونے کا دعوی کرنے کی ہمت کسی نے نہیں کی۔ اور پھر اپنی تخلیق کے بارے میں اتنا یقین سے دعوی کرنا کہ کوشش کر کے دیکھ لو، پوری کائنات میں تمہیں کوئی نقص اور کوئی infimity نظر نہیں آئے گی، ایسا دعوی کائنات کے اصلی اور حقیقی خالق کے سوا کوئی اور کر ہی نہیں سکتا۔ یہ دعوی اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں کئی بار دھرایا ہے مگر دنیا کا کوئی سائنسدان، ریاضی دان یا ماہرِ طبیعات آج تک اس دعوے کو نہیں جھٹلا سکا، اس لیے کہ اللہ تعالی کی تخلیق کردہ اس کائنات میں حیرت انگیز قسم کا توازن اور تناسب ہے جو ہر باشعور شخص کو نظر آتا ہے۔

اس کی عظیم الشان کائنات میں کہیں معمولی سا بھی جھول، بدنظمی، بے ترتیبی یا بے ربطی نظر نہیں آتی۔ مفسرین کی یہ بات درست ہے کہ دنیا بھر کے سائنسدان، طاقتور ترین دوربینوں سے بھی دیکھ بیٹھے مگر کہیں کوئی معمولی سی بھی بے ترتیبی نہ ڈھونڈ سکے۔ کیا کائنات کی تخلیق اور خالق کے بارے میں صاحبانِ عقل ودانش کے لیے یہی ثبوت کافی نہیں ہے کہ اتنی عظیم الشان کائنات کے تمام اجزا باہم مربوط ہیں اور ان میں کمال درجے کا تناسب پایا جاتا ہے۔

چند روز پہلے سورہ المرسلت پڑھنے کا موقع ملا، اس کے آغاز میں ہی اللہ تعالی نے مختلف قسم کی ہواؤں کی قسم کھائی ہے۔ ہم نے کبھی ہواؤں کی اہمیت کو محسوس نہیں کیا حالانکہ ہوا انسانی زندگی کی بقا اور نشوونما کے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ ہوا کو ہم اس طرح taken for granted لیتے ہیں کہ اس کی اہمیت اور افادیت کا احساس ہی جاتا رہا ہے۔ یقیناً ہوا کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے ہوا کی قسم، ہواؤں کا خالق ہی اٹھا سکتا ہے۔

صاحبِ تفہیم القرآن لکھتے ہیں کہ زمین پر جن اسباب سے حیوانی اور نباتی زندگی ممکن ہوئی ہے ان میں سے ایک نہایت اہم سبب ہوا ہے۔ ہوا کا ہر قسم کی زندگی کے ساتھ جو تعلق ہے وہ اس بات کی شہادت دے رہا ہے کہ کوئی قادرِ مطلق اور عظیم اور حکیم خالق ہے، جس نے اس کرہ خاکی پر زندگی کو وجود میں لانے کا ارادہ کیا تو پھر ایک ایسی چیز پیدا کی جس کی صفات زندہ مخلوقات کے وجود کی ضروریات کے ساتھ ٹھیک ٹھیک مطابقت رکھتی ہیں۔ اس نے اپنی قدرت اور حکمت سے اس ہوا میں بیشمار مختلف کیفیات پیدا کر دی ہیں جن کی بدولت لاکھوں کروڑوں سالوں سے موسم پیدا ہوتے ہیں۔ کبھی گرمی آتی ہے اور کبھی سردی۔ کبھی بادل آتے ہیں۔

کبھی نہایت نفع بخش بارش ہوتی ہے اور کبھی تباہ کن طوفان آ جاتے ہیں۔ غرض ایک ہوا نہیں، طرح طرح کی ہوائیں ہیں جو اپنے اپنے وقت پر چلتی ہیں اور ہر ہوا کسی نہ کسی مقصد کو پورا کرتی ہے۔

یہ انتظام کمال درجے کی حکمت اور دانائی کا ثبوت ہے۔ اس حیرت انگیز انتظام کے مقابلے میں انسان اتنا بے بس ہے کہ وہ اپنے لیے نہ ہی اپنے مطلب کی ہوا طلب کر سکتا ہے اور نہ ہی اپنے اوپر ہلاکت خیز ہوا کا طوفان آنے سے روک سکتا ہے۔ یہ ہوائیں انسان کو یاد دلاتی رہتی ہیں کہ اس کے اوپر کوئی زبردست اقتدار کارفرما ہے جو زندگی کے اس سب سے بڑے ذریعے کو جب چاہے اس کے لیے رحمت اور جب چاہے ہلاکت کا سبب بنا سکتا ہے، اور انسان اس کے کسی فیصلے کو روکنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

اسی سورہ میں روزِ قیامت کا نقشہ اس طرح کھینچا گیا ہے پھر جب ستارے ماند پڑ جائیں گے، اور آسمان پھاڑ دیا جائے گا، اور پہاڑ دھنک ڈالے جائیں گے"۔ پھر کہا کیا ہم نے ایک حقیر پانی سے تمہیں پیدا نہیں کیا اور ایک مقررہ مدت تک اسے ایک محفوظ جگہ ٹھہرائے رکھا؟ تو دیکھو ہم اس پر قادر تھے، پس ہم بہت اچھی قدرت رکھنے والے ہیں۔ تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹ کر رکھنے والی نہیں بنایا، زندوں کے لیے بھی اور مردوں کے لیے بھی اور اس میں بلند وبالا پہاڑ جمائے، اور تمہیں میٹھا پانی پلایا؟ تباہی ہے اس روز جھٹلانے والوں کے لیے۔ مولانا ابوالاعلی مودودی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں

یہی زمین ہے جس پر ان تمام اقسام کی مخلوقات کے بے شمار افراد روز مرتے ہیں، مگر ایسا بے نظیر انتظام کر دیا گیا ہے کہ سب کے لاشے اِسی زمین میں ٹھکانے لگ جاتے ہیں اور یہ پھر ہر مخلوق کے نئے افراد کے جینے اور بسنے کے لیے تیار ہو جاتی ہے۔

اِس زمین کو اسپاٹ گیند کی طرح بھی بنا کر نہیں رکھ دیا گیا ہے بلکہ اس میں جگہ جگہ پہاڑی سلسلے اور فلک بوس پہاڑ قائم کیے گئے ہیں جس کا موسموں کے تغیرات میں، بارشوں کے برسنے میں، دریاؤں کی پیدائش میں، زرخیز وادیوں کے وجود میں، بڑے بڑے شہتیر فراہم کرنے والے درختوں کے اگنے میں، قسم قسم کی معدنیات اور طرح طرح پتھروں کی فراہمی میں بہت بڑا دخل ہے۔

پھر اس زمین کے پیٹ میں بھی میٹھا پانی پیدا کر دیا گیا ہے، اِس کی پیٹھ پر بھی میٹھے پانی کی نہریں بہا دی گئی ہیں، اور سمندر کے کھاری پانی سے صاف ستھرے بخارات اٹھا کر بھی نتھرا ہوا پانی آسمان سے برسانے کا انتظام کیا گیا ہے، کیا یہ سب اِس بات کی دلیل نہیں ہے کہ ایک قادر مطلق نے یہ سب کچھ بنایا ہے، اور وہ محض قادر ہی نہیں ہے بلکہ علیم وحکیم بھی ہے؟ اب اگر اس کی قدرت اور حکمت ہی سے یہ زمین اِس سروسامان کے ساتھ اور ان حکمتوں کے ساتھ بنی ہے تو ایک صاحبِ عقل آدمی کو یہ سمجھنے میں کیوں مشکل پیش آتی ہے کہ اسی کی قدرت اِس دنیا کی بساط لپیٹ کر پھر ایک دوسری دنیا نئے طرز پر بنا سکتی ہے اور اس کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس کے بعد ایک دوسری دنیا بنائے تاکہ انسان سے ان اعمال کا حساب لے جو اس نے اِس دنیا میں کیے ہیں؟

کچھ دوسرے دوستوں کی طرح میں بھی یہی سمجھتا تھا کہ صدیوں کے موسمی تغیرات اور آندھیوں کے سبب مٹی اکٹھی ہو ہو کر بالآخر پہاڑ کی صورت اختیار کر لیتی ہے

ٹرمپ کی پابندیوں کا پہلا شکار

صدر ٹرمپ کی عائد کردہ پابندیوں کا شکار سب سے پہلے سندھ کا ضلع جیکب آباد ہوا۔ اس شہر کا صاف پانی کا پروجیکٹ بند ہو رہا ہے۔ جیکب آباد سندھ کا تاریخی شہر ہے جو بلوچستان کی سرحد سے متصل ہے۔ جیکب آباد کا شمار ہمیشہ سے دنیا کے گرم ترین شہروں میں ہوتا ہے مگر جیکب آباد کلائمنٹ چینج سے سب سے زیادہ متاثر شہر ہے۔ جیکب آباد کی آبادی 2023 کی مردم شماری کے مطابق 219,315 ہے۔ جیکب آباد بنیادی طور پر بلوچ اور سندھی قبائل کا چھوٹا سا شہر تھا۔ برطانوی ہند حکومت نے جیکب آباد میں فوجی چھاؤنی تعمیر کی۔ 1878 میں ریل کے ذریعے جیکب آباد کو منسلک ہو گیا۔ جیکب آباد کی فوجی چھاؤنی نے انگریز فوج کی بلوچستان اور افغانستان میں کامیابیوں میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ انگریز حکومت نے اس شہر کو جدید خطوط پر استوار کرنے والے برطانوی جنرل جیکب کے نام پر شہر کا نام جیکب آباد رکھ دیا۔ جیکب آباد ہمیشہ سے ہندوؤں اور مسلمانوں کی آبادی کا ملا جلا شہر رہا۔

ہندوستان کے بٹوارے کے بعد جب نیا ملک وجود میں آیا تو جیکب آباد اور اطراف کے علاقے میں زراعت نے نشوونما پائی اور کے ساتھ تجارتی سرگرمیاں بڑھ گئیں۔ جیکب آباد افغان جنگ میں بین الاقوامی میڈیا کی خبروں

تحریر: ایم جے گوہر

کا محور رہا۔ کلائمنٹ چینج کے ساتھ جیکب آباد کا موسم مزید سخت ہو گیا اور اب جیکب آباد پھر بین الاقوامی میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ جیکب آباد میں ہمیشہ سے صاف پینے کے پانی کی شدید کمی رہی۔ جیکب آباد کا دارومدار بارش کے پانی یا بلوچستان یا دریائے سندھ سے آنے والے پانی کے ریلے پر رہا۔

نائن الیون کے بعد جیکب آباد ایئرپورٹ امریکا کے زیر استعمال بھی رہا۔ ان ایام میں جیکب آباد میں صاف پانی تقریباً نایاب ہو گیا تھا۔ امریکا کی حکومت نے صاف اور فلٹر شدہ پانی کا ایک بہت بڑا پروجیکٹ شروع کیا تھا۔ ایک غیر سرکاری تنظیم کو صاف پانی کے پروجیکٹ کو چلانے کا کام سونپا گیا۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دوبارہ اقتدار سنبھالا تو انھوں نے پوری دنیا میں یو ایس ایڈ کے تمام منصوبوں کے لیے امداد بند کرنے کا فیصلہ کیا۔

وائٹ ہاؤس کے یو ایس ایڈ کی امداد بند کرنے سے جیکب آباد کا صاف پانی کا منصوبہ بھی شدید متاثر ہوا۔ فرانسیسی خبر رساں ایجنسی AFP کی ایک رپورٹ کے مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ امریکا کی حکومت نے 2012 میں صاف پانی کی فراہمی منصوبہ کے لیے 66 ملین ڈالر کی رقم مختص کی تھی۔ اس منصوبے کے تحت اندرونِ سندھ بلدیاتی سہولتوں خاص طور پر صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں کو مکمل کرنا تھی۔ اس پروگرام کے تحت جیکب آباد میں صاف پانی کے منصوبہ کے علاوہ سیوریج کی لائنوں کی تنصیب اور ایک جدید اسپتال کی تعمیر شامل تھی۔

یوں جیکب آباد کے شہریوں کو صاف پانی ملنے لگا۔ اس منصوبے پر کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم کے افسران کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ نے 1.5 ملین ڈالر کی خطیر رقوم کو اب منجمند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

دانش کا تقاضہ

سیاسی ترجیحات اس دور میں بھی تعلیم کے شعبے پر اثرانداز ہو رہی ہیں۔ ملک بھر کی بیشتر سرکاری یونیورسٹیاں شدید مالیاتی بحران کا شکار ہیں۔ وفاقی حکومت نے برطانیہ سے ملنے والے 190 ملین پونڈ سے اسلام آباد میں ایک نئی دانش یونیورسٹی کے قیام کا اعلان کر دیا۔

یہ یونیورسٹی اسلام آباد کے سیکٹر H-6 میں 100 ایکڑ پر تعمیر ہوگی۔ اس یونیورسٹی کا پہلا سیشن 14، اگست 2026 کو عملی طور پر متحرک ہو جائے گا۔

اسلام آباد سے آنے والی ایک رپورٹ کے مطالعے سے ظاہر ہوتا ہے کہ لندن سے ملنے والی رقم سے ملک کے مختلف حصوں میں دانش اسکول قائم ہونگے۔ وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے بھی کراچی اور حیدرآباد میں مختلف یونیورسٹیوں کے کیمپس کے قیام کا بیانیہ اپنی عوامی رابطہ مہم میں شامل کیا ہوا ہے۔

اعلی تعلیم کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقائق سامنے آتے ہیں کہ سرکاری یونیورسٹیوں کو گرانٹ دینے والے ادارہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (H.E.C) نے گزشتہ مالیاتی سال کے بجٹ کے لیے 125 بلین روپے وفاقی حکومت سے مانگے تھے مگر وفاقی حکومت نے ایچ ای سی کو صرف 65 بلین روپے فراہم کیے۔

ایچ ای سی نے گزشتہ سے پیوستہ برسوں میں بھی بجٹ میں اضافہ کا مطالبہ کیا تھا مگر گزشتہ پانچ برسوں سے اسلام آباد کا وفاقی بجٹ بنانے والی اتھارٹی نے ایچ ای سی کے مطالبہ کو پورا کرنے کے بجائے مزید بجٹ کم کر دیا۔

ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تمام سرکاری یونیورسٹیوں کو فراہم کی جانے والی Recurring Grant میں کمی کی گئی۔ 2018-19 کے وفاقی بجٹ میں فی طالب علم یہ رقم 67,528 روپے تک محدود ہو گئی تھی۔ 2023-24 میں فی طالب علم 50,956 روپے تک محدود ہو گئی۔

قومی اسمبلی کی تعلیم کی ذیلی کمیٹی کو گزشتہ دنوں بتایا گیا تھا کہ ایچ ای سی کو جی ڈی پی کا صرف 2 فیصد سے کم حصہ مل رہا ہے۔ قومی اسمبلی کے منتخب اراکین نے یہ گزارش کی تھی کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کو جی ڈی پی کا 4 فیصد حصہ مہیا کیا جائے مگر یہ گزارش قومی اسمبلی سیکریٹریٹ اور وزارت تعلیم کے درمیان گردش کرنے والے فائل کے صفحات کے درمیان مقید ہو گئی۔

تحریر: ہمدان عبداللہ

تحریک انصاف کی حکومت کے دور سے ایچ ای سی کے بجٹ میں کمی کا سلسلہ شروع ہوا جس کی بنا پر 160 کے قریب یونیورسٹیوں میں مالیاتی بحران شدت اختیار کر گیا۔ اس بحران کا شکار تمام یونیورسٹیاں ہوئیں مگر وفاق کی یونیورسٹیوں کے علاوہ بلوچستان اور خیبر پختون خوا کی یونیورسٹیوں میں یہ بحران زیادہ شدید ہو گیا۔

وفاق کے زیر انتظام قائد اعظم یونیورسٹی، وفاقی اردو یونیورسٹی اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اس بحران سے براہ راست متاثر ہوئیں۔ ان یونیورسٹیوں میں سب سے زیادہ بحران وفاقی اردو یونیورسٹی میں ہے۔ بجٹ کی کمی کی بنا پر اساتذہ وعمال کو تنخواہوں کی ادائیگی میں بے قاعدگی سے اساتذہ وعمال تنخواہوں اور رینٹل سیلنگ سے محروم ہیں۔ ریٹائر ہونے والے اساتذہ وعمال کی پانچ ماہ کی پنشن باقی ہے۔ 2017 میں ریٹائر ہونے والے اساتذہ اور عمال کو واجبات ادا نہیں کیے گئے۔ قائد اعظم یونیورسٹی اور علامہ اقبال یونیورسٹی میں مالیاتی بحران کی بنا پر تعلیمی معیار متاثر ہوا ہے۔

جب ان وفاقی اردو یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور ریٹائرڈ اساتذہ نے تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگیوں کے لیے احتجاج شروع کیا اخبارات میں خبریں شایع ہوئیں اور صورتحال کی گونج پاکستان کی سینیٹ کی تعلیم کی ذیلی کمیٹی میں سنی گئی تو وفاقی وزارت نے ان تینوں یونیورسٹیوں کے مالیاتی بحران پر قابو پانے کے لیے وزارت خزانہ کو 2.5 ملین روپے کی خصوصی گرانٹ کی منظوری کی استدعا کی۔ اگرچہ اس رقم سے تینوں وفاقی یونیورسٹیوں کا مالیاتی بحران مکمل طور پر ختم نہیں ہوگا مگر وزارت خزانہ اور وزیر اعظم ابھی تک اس سمری کے مستقبل کے بارے میں کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکے۔

جب تحریک انصاف کی حکومت نے ایچ ای سی کے فنڈز میں خاطر خواہ کمی کی تو پھر وفاقی کابینہ کے سامنے سرکاری یونیورسٹیوں پر فنڈز کی کمی کا معاملہ آیا تو عقل مند بیوروکریسی کے کسی اہلکار نے یہ تجویز دی کہ یونیورسٹیوں کو مالیاتی طور پر خودکفیل ہونا چاہیے، یوں یونیورسٹیوں کو ہدایات جاری کی گئیں کہ اخراجات پورے کرنے کے لیے طلبہ کی فیسوں میں خاطر خواہ اضافہ کریں اور پھر بھی معاشی صورتحال بہتر نہ ہو تو سرکاری یونیورسٹیوں کی زمینوں کی فروخت کی جائے۔

اس وقت ڈاکٹر بنوری ایچ ای سی کے چیئرمین تھے۔ انھوں نے ان دونوں تجاویز کی شدید مخالفت کی۔ ڈاکٹر بنوری کی یہ دلیل تھی کہ سرکاری یونیورسٹیوں میں متوسط اور نچلے متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ ان طلبہ کے والدین کے لیے اتنی زیادہ فیسیں ادا کرنا مشکل ہوگا۔ ڈاکٹر بنوری کا استدلال تھا کہ چھوٹے شہروں کی یونیورسٹیوں میں فیسوں سے اضافے سے طلبہ کی تعداد کم ہوگی۔ اسی طرح ڈاکٹر طارق بنوری نے اپنے وسیع تجربہ کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹیوں کی زمینوں کی فروخت سے ایک طرف یونیورسٹیاں قیمتی اثاثوں سے محروم ہو جائیں گی تو دوسری طرف مختلف شہروں میں سرگرم لینڈ مافیا کے اہلکار زمینوں کی بندر بانٹ میں حصہ لینے لگیں گے مگر ڈاکٹر بنوری کا یہ بیانیہ اسلام آباد کی بیوروکریسی کے لیے ناقابل قبول تھا۔ اس بنا پر ڈاکٹر طارق بنوری کو ایچ ای سی کی قیادت سے محروم ہونا پڑا۔

طلبہ اور اساتذہ کے احتجاج پر یونیورسٹیوں کی قیمتی زمینوں کی فروخت کا معاملہ داخل دفتر ہوا۔

میاں شہباز شریف کی قیادت میں مخلوط حکومت قائم ہوئی۔ حکومت نے ایچ ای سی پر زور دیا کہ سرکاری یونیورسٹیوں کے مختلف کورس کی فیسوں میں کئی گنا اضافہ کر دیا جائے۔ بعض یونیورسٹیوں میں 100 سے 200 فیصد تک فیسیں بڑھا دی گئیں جس سے نچلے متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے طلبا وطالبات کو اپنی تعلیم نامکمل چھوڑنی پڑی۔ مگر سرکاری یونیورسٹیوں میں داخلوں کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہوا بلکہ بعض یونیورسٹیوں میں داخلوں کی شرح گر گئی۔

ایک نارمل معاشرے کا متلاشی پاکستان

اوئے پنڈی وال کدھر جل سیں میں نے گھبرا کر پیچھے مڑ کر دیکھا میرے سامنے ایک دھان پان سا گورا کھڑا تھا اس نے گندی سی ٹی شرٹ اور نیکر پہن رکھی تھی کندھے پر کپڑے کا تھیلا لٹکا رکھا تھا اور پاؤں میں چمڑے کے کھلے جوتے تھے وہ دانت نکال کر میری طرف دیکھ رہا تھا ہمارے دائیں بائیں سالسبرگ کا قدیم شہر بکھرا ہوا تھا میں نے اس سے مسکرا کر پوچھا کیا تمہیں پنجابی آتی ہے؟ اس نے ہنس کر جواب دیا لٹل لٹل میں چار سال اسلام آباد رہا ہوں وہ مجھے دلچسپ کردار لگا میں نے اسے کافی کی آفر کی اور وہ چھلانگ لگا کر بینچ پر میرے سامنے بیٹھ گیا یہ فرینکی کے ساتھ میری پہلی ملاقات تھی۔

میری اس کے ساتھ مزید دو ملاقاتیں بھی ہوئیں لیکن پھر وہ فوت ہو گیا فرینکی یو ایس ایڈ میں کام کرتا تھا آسٹریا سے تعلق تھا ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں پاکستان میں تعینات ہوا چار سال اسلام آباد رہا اس کا زیادہ وقت راولپنڈی میں گزرتا تھا چناں چہ وہ پوٹھوہاری زبان سیکھ گیا راولپنڈی اسلام آباد اور لاہور میں اس کے بے شمار دوست تھے وہ انھیں مس کر رہا تھا میں نے اس سے پوچھا تم کتنی مرتبہ پاکستان گئے؟ اس نے بتایا وہ 1975 میں پاکستان پوسٹ ہوا تھا اور 1979 تک اسلام آباد رہا 1984 میں اس نے ریٹائرمنٹ لے لی 1992 میں وہ وزٹ کے لیے پاکستان گیا آخری مرتبہ اسے چھوٹی سی اسائنمنٹ ملی اور وہ 2008 میں دو ہفتوں کے لیے پاکستان گیا یہ اس کی آخری وزٹ تھی۔

میں نے اس سے پاکستان میں ہونے والی تبدیلیوں کے بارے میں پوچھا اس کے جواب نے مجھے حیران کر دیا اس کا کہنا تھا 1975 کا پاکستان ایک نارمل ملک تھا بلیو ایریا میں نیف ڈیک ہوتا تھا اس میں انگریزی فلمیں لگتی تھیں سیمینار بھی ہوتے تھے اور ڈیبیٹس بھی بلیو ایریا میں امریکن سینٹر تھا اس کی لائبریری نوجوانوں سے بھری ہوتی تھی میلوڈی میں برٹش کونسل تھی اس کے ہالز اور لائبریری میں درجنوں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں بحث مباحثہ کر رہے ہوتے تھے راولپنڈی کے تین ہوٹلز میں بارز اور ڈانسنگ فلورز تھے لوگ وہاں شام کے وقت گڈ ٹائم گزارتے تھے اسلام آباد میں بھی ڈسکوز اور پبز تھے۔

سفارت خانوں میں روز کلچرل شوز ہوتے تھے ان میں پاکستان کی ایلیٹ شریک ہوتی تھی قائداعظم یونیورسٹی یورپی اور امریکی یونیورسٹیوں کا مقابلہ کرتی تھی سڑکوں پر پولیس اور فوج دور دور تک نظر نہیں آتی تھی گھروں کی باؤنڈریز چھوٹی تھیں اور کھڑکیاں دروازے نازک لوگ

تحریر: جاوید چوہدری

اپنی گاڑیاں گلیوں میں کھڑی کر جاتے تھے لڑکیاں سائیکل اور موٹر سائیکل چلاتی تھیں شہر میں درجنوں سوئمنگ پولز تھے اور لوگ ان میں تیراکی کرتے تھے راولپنڈی اور اسلام آباد کے درمیان والوو بسیں چلتی تھیں اور لڑکیاں اور لڑکے مکس ہو کر کھڑے ہوتے تھے اور کسی کو کسی سے کوئی شکایت نہیں ہوتی تھی راولپنڈی صدر کا علاقہ گورے سیاحوں سے بھرا ہوتا تھا لوگ وہاں بالٹی گوشت کھاتے تھے مارگلہ کی پہاڑیوں میں ہائیکنگ ہوتی تھی۔

آبپارہ کے قریب کیمپنگ سائٹ تھی اس میں سارا دن گورے اور گوریاں آدھے ننگے لیٹے رہتے تھے آبپارہ ہی میں یوتھ ہاسٹل تھا اس میں کمرہ نہیں ملتا تھا میلوڈی میں ریسٹورانٹ تھے ان کا کھانا بہت اچھا ہوتا تھا شہر میں چھ سات لکر شاپس تھیں اور ان پر کسی کو کوئی اعتراض نہیں تھا شہر میں لال مسجد سب سے بڑی مسجد تھی اس میں بڑے بڑے اسکالرز لیکچر دیتے تھے اور گورے بھی یہ لیکچر سنتے تھے مسجد کے سامنے مسلمان چینی عورتیں چھوٹے چھوٹے اسٹال لگاتی تھیں اسلام آباد کا اتوار بازار بہت پررونق ہوتا تھا ہم سب وہاں سے خریداری کرتے تھے لیکن پھر اس شہر کو نظر لگ گئی فرینکی کا کہنا تھا میں جب دوسری مرتبہ 1992 میں اسلام آباد گیا تو ماحول بدل چکا تھا مجھے اسلام آباد اور راولپنڈی میں مولوی نظر آئے۔

کلچرل شوز ختم ہو چکے تھے سینماؤں کی رونق بجھ چکی تھی اور سڑکوں پر پولیس اور ہتھیار بند فوجی نظر آتے تھے راولپنڈی میں بھی ہر طرف وحشت ویرانی اور شدت تھی پورے شہر میں برقعے اور داڑھیاں تھیں لاؤڈ اسپیکروں کی بھرمار تھی اور وہ دن رات چلتے رہتے تھے میں 2008 میں تیسری مرتبہ پاکستان گیا تو پورے ملک میں بم دھماکے ہو رہے تھے لوڈشیڈنگ بے انتہا تھی سڑکیں غیر محفوظ ہو چکی تھیں اور شام کے بعد پورے ملک میں ہولناک سناٹا ہو جاتا تھا ہر طرف فوج ہی فوج دکھائی دیتی تھی یوں محسوس ہوتا تھا پاکستان میں کوئی جنگ چل رہی ہے یا پھر جنگ کی تیاری ہو رہی ہے میرا دل ٹوٹ گیا اور پھر میں دوبارہ کبھی پاکستان نہیں گیا وہ خاموش ہو گیا۔ مجھے اس کی آنکھوں میں آنسو دکھائی دے رہے تھے۔

فرینکی کی داستان نے مجھے بھی اداس کر دیا پاکستان واقعی کبھی ایک نارمل ملک ہوتا تھا اس میں اسپورٹس بھی تھیں کلچر بھی رواداری بھی اور کھلا پن بھی لیکن پھر یہ سب ختم ہو گیا اس کی سب سے بڑی وجہ افغانستان تھا ہم بلاوجہ اور بلاجواز افغانستان کی جنگ میں کود پڑے امریکا اس زمانے میں سوویت یونین سے براہ راست لڑنا نہیں چاہتا تھا اسے کرائے کا کوئی ایسا ملک چاہیے تھا جو اس کے مقاصد پر قربان ہو جائے ہم ان دنوں فارغ تھے لہٰذا ہم نے اپنی گردن آگے کر دی اور اس کے بعد ہم ایک ابنارمل معاشرہ بنتے چلے گئے آپ یہاں یہ یاد رکھیں جنگیں فوجیں نہیں لڑا کرتیں قومیں لڑتی ہیں چناں چہ ان کا سارا ملبہ بھی قوموں کے سروں پر گرتا ہے امریکا کو 1980 میں پوری پاکستانی قوم چاہیے تھی اور ہم نے یہ قوم پلیٹ میں رکھ کر اس کے حوالے کر دی تھی۔

ہمارے اسکولوں کا سلیبس تک یونیورسٹی آف نبراسکا میں تیار ہوا 1980 سے قبل مطالعہ پاکستان اور اسلامیات کی جگہ معاشرتی علوم اور دینیات کے مضامین ہوتے تھے دینیات میں تمام مذاہب کے بارے میں پڑھایا جاتا تھا اور مذہبی رواداری کی بات کی جاتی تھی جب کہ معاشرتی علوم میں معاشرے کو بہتر بنانے اور انسانیت پروان چڑھانے کے سبق ہوتے تھے پھر امریکا آیا اور اس نے معاشرتی علوم کو مطالعہ پاکستان اور دینیات کو اسلامیات میں تبدیل کر کے انھیں لازمی قرار دے دیا مطالعہ پاکستان میں جان بوجھ کر افغانی حملہ آوروں کو مجاہدین بنا کر پیش کیا یہ بھی ثابت کیا گیا افغانستان کبھی فتح نہیں ہوا جب کہ یہ سراسر جھوٹ تھا افغانی حملہ آور مجاہد نہیں تھے یہ صرف ہندوستان کو لوٹنے آتے تھے۔

ان کا ہندوستان میں اسلام پھیلانے کا کنٹری بیوشن دو فیصد سے زیادہ نہیں تھا اس خطے میں اسلام صوفیا کرام اور مسلمان تاجروں نے پھیلایا افغانستان کو ناقابل شکست ثابت کرنا بھی سفید جھوٹ تھا

عورت اور خواب

مارچ کا مہینہ دنیا بھر میں خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے اور میں ہمیشہ اس موقعے پر عورتوں کی جدوجہد قربانیوں اور کامیابیوں کو یاد کرتی ہوں۔ ہر سال یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ عورتوں نے اپنے حقوق کے لیے کتنی محنت کی ہے اور کتنی رکاوٹوں کو عبور کیا ہے، مگر اس بار میرے لیے یہ مہینہ کچھ خاص ہے۔

میں یہ سب اس خوشی میں لکھ رہی ہوں کہ سنیتا ولیمز خلا میں نو مہینے پھنسے رہنے کے بعد بحفاظت زمین پر واپس آ چکی ہیں۔ ان کا آٹھ دن کا مشن تکنیکی خرابی کی وجہ سے طویل ہو گیا تھا مگر انھوں نے نہ صرف خود کو سنبھالا بلکہ دنیا کو ایک بار پھر یہ پیغام دیا کہ عورتیں کسی بھی بحران میں حوصلہ اور ہمت سے مقابلہ کر سکتی ہیں۔

سنیتا ولیمز کی کہانی صرف ایک خلانورد کی بہادری کی داستان نہیں بلکہ یہ ایک پیغام بھی ہے، ایک ایسی دنیا کے لیے جو آج بھی عورت کو کمزور اور محدود سمجھتی ہے۔ یہ کہانی اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر عورتوں کو موقع اور وسائل دیے جائیں تو وہ زمین ہی نہیں خلا تک بھی جا سکتی ہیں اور زندہ سلامت واپس آ کر تاریخ رقم کر سکتی ہیں۔

سنیتا کا پس منظر بھی اتنا ہی دلچسپ ہے جتنا ان کا خلائی سفر۔ ان کے والد انڈیا کے ایک چھوٹے سے گاؤں سے ہجرت کر کے امریکا گئے تھے اور والدہ سلووینیا سے تھیں۔ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ کوئی بھی فرد چاہے کسی بھی خطے سے ہو اگر اسے مواقع میسر آئیں تو وہ دنیا کے سب سے اونچے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔ سنیتا نے نیوی میں خدمات انجام دیں اور پھر ناسا کے ذریعے خلا میں دو بار سفر کیا۔ ان کے سفر سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ عورتیں کمزور نہیں ہوتیں، اگر انھیں سازگار حالات دیے جائیں تو وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتی ہیں۔

یہی حقیقت ہمیں پاکستان کی تاریخ میں بھی نظر آتی ہے۔ جب بینظیر بھٹو نے پاکستان کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم بن کر دنیا بھر کو حیران کر دیا تھا تو یہ صرف ان کی اپنی کامیابی نہیں تھی، یہ ہر اس عورت کے خواب کی جیت تھی جسے یہ کہا جاتا تھا کہ سیاست مردوں کا میدان ہے۔ بینظیر نے دنیا کو دکھایا کہ عورتیں صرف گھر کی دہلیز تک محدود نہیں بلکہ ملک کی قیادت بھی کر سکتی ہیں۔

اسی طرح ملالہ یوسفزئی کی کہانی بھی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر عورتوں کو تعلیم اور آزادی دی جائے تو وہ نہ صرف خود کو سنوار سکتی ہیں بلکہ پوری دنیا میں انقلاب لا سکتی ہیں۔ ملالہ پر حملہ کرنے والے یہ سمجھے تھے کہ ایک 15 سال کی بچی کو خاموش کرا سکتے ہیں مگر وہ خاموش نہ ہوئی۔

اس نے دنیا کے سب سے بڑے ایوانوں میں کھڑے ہو کر لڑکیوں کی تعلیم کا مقدمہ لڑا اور نوبل انعام جیت کر ثابت کر دیا کہ عورتوں کو دبایا نہیں جا سکتا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ پاکستان میں آج بھی لڑکوں اور لڑکیوں کی پرورش میں واضح فرق رکھا جاتا ہے۔ لڑکوں کو آزادی دی جاتی ہے ان کے خوابوں کو حقیقت بنانے کے لیے والدین خود قربانی دیتے ہیں مگر لڑکیوں کو یہ سکھایا جاتا ہے کہ ان کا سب سے بڑا مقصد اچھی بیوی اور اچھی ماں بننا ہے۔ لڑکی اگر پڑھائی میں اچھی ہو بھی تو یہ کہا جاتا ہے کہ آخر کو شادی ہی کرنی ہے، پڑھائی کا کیا فائدہ؟

یہ فرق ہمیں سماجی رویوں، تعلیم، ملازمت اور تنخواہوں میں بھی نظر آتا ہے۔ حال ہی میں ایک رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ پاکستان میں مردوں اور عورتوں کی تنخواہوں میں 25 سے 30 فیصد تک کا فرق پایا جاتا ہے یعنی اگر ایک مرد 1000 روپے کماتا ہے تو اسی کام کے بدلے عورت کو صرف 700 سے 750 روپے دیے جاتے ہیں۔ غیر رسمی شعبوں میں یہ فرق اور بھی بڑھ جاتا ہے جہاں عورتوں کو 40 فیصد تک کم اجرت دی جاتی ہے۔ یہ فرق اس بات کی علامت ہے کہ ہماری سماجی سوچ آج بھی عورت کو مرد سے کمتر سمجھتی ہے۔ اسی عدم مساوات کی جھلک ہمیں وراثت میں بھی نظر آتی ہے جہاں بیٹیوں کو جائیداد سے محروم رکھا جاتا ہے یہ سوچ کر کہ بیٹی پرایا دھن ہے اور جائیداد کا حقدار صرف بیٹا ہے۔

سنیتا ولیمز، بینظیر بھٹو اور ملالہ یوسفزئی جیسی خواتین روشنی کی کرن ہیں جو دنیا کو بتاتی ہیں کہ عورتیں کسی سے کم نہیں۔ سنیتا کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ عورت اگر خلا میں جا سکتی ہے تو وہ زمین پر اپنی جگہ کیوں نہیں بنا سکتی؟ بینظیر بھٹو نے وزیراعظم بن کر اور ملالہ یوسفزئی نے نوبل انعام جیت کر دنیا کو دکھا دیا کہ پاکستانی خواتین بھی کسی سے پیچھے نہیں۔ مگر ہمیں یہ بھی یاد رکھنا ہوگا کہ صرف چند نمایاں کامیابیاں کافی نہیں ہیں۔ ہمیں اس سوچ کو جڑ سے ختم کرنا ہوگا جو عورت کو کمزور اور کمتر سمجھتی ہے۔ ہر عورت کو اپنی زندگی کے فیصلے خود کرنے کا حق ہونا چاہیے، چاہے وہ گھر میں ہو یا باہر، تعلیم میں ہو یا نوکری میں۔

آئیں! مارچ کے مہینے میں یومِ خواتین کی مناسبت سے یہ عہد کریں کہ ہم اپنی بیٹیوں کو روایتی زنجیروں میں قید کرنے کے بجائے انھیں آزاد پرواز کرنے دیں گے کیونکہ خواب صرف دیکھنے کے لیے نہیں ہوتے، انھیں حقیقت کا روپ دینا ہوتا ہے اور ہماری بیٹیاں یہ حقیقت بنانے کی پوری صلاحیت رکھتی ہیں۔ اپنی بیٹیوں بہنوں کو وہ اعتماد دیں کہ وہ نہ صرف خواب دیکھ سکیں بلکہ اس کی تعبیر بھی پا سکیں

حکمرانوں کے عمرے

غالباً پانچ درجن کے لگ بھگ وزرا، مشیران، معاونین وغیرہ کی بھاری بھرکم کابینہ جس کے سالانہ اخراجات کا کوئی حساب کتاب لگانا مشکل ہے، اتنی بھاری بھرکم کابینہ کو دیکھ کر میں اس مخمصے میں ہوں کہ قوم ان کے اخراجات کیسے برداشت کرے گی، شاید اس کے لیے ہمیں کسی نئے آئی ایم ایف کو تلاش کرنا پڑے گا جو ہمارا یہ خرچہ برداشت کرنے کے لیے ہمیں قرض دے سکے۔

حکمران تو ہمیں یہ بتاتے نہیں تھکتے کہ ملک کے معاشی حالات دگرگوں ہیں اور ہم دنیا بھر میں قرض قرض کی صدائیں لگا رہے ہیں اور جو کوئی بھی ہمارے سلام کا جواب دے دیتا ہے اس سے بقول ہمارے وزیراعظم مجبوری کی حالت میں ہم قرض کی بات کرتے ہیں۔

اراکین پارلیمنٹ نے تو دو ماہ قبل ہی اپنی تنخواہوں میں اضافہ کر لیا تھا جب کہ کابینہ نے نئے وزرا کی شمولیت کے بعد وزرا وغیرہ کی تنخواہوں اور مراعات میں اچھا خاصا اضافہ کر دیا ہے۔

جن وزیروں نے آنا تھا وہ تو آنا ہی تھا کہ صاحب کی مرضی اور منشا یہی تھی اور ہماری قسمت کا لکھا بھی یہی تھا، اب یہ وزیراعظم صاحب کی ڈیوٹی ہے کہ وہ ان وزیروں سے کام لے کر ان مراعات کو حلال کرائیں۔ ادھر ایک خبر کے مطابق حکومت نے تنخواہ دار طبقے کو فوری ریلیف دینے

تحریر: برہان الدین چنٹو

سے معذرت کر لی۔

حکمرانوں کو ابھی اپنی ہی مراعات سے فرصت نہیں ہے، اشیائے ضرورت کی قیمتیں ہمارے حکمرانوں اور بڑے لوگوں کے لیے بالکل بے معنی ہوتی ہیں۔ میں نے کئی بار دیکھا ہے کہ بیگم صاحبہ نے کسی دکان سے کچھ خریدا تو یہ نہیں پوچھا کہ قیمت کیا ہے۔ بس پسند کی چیز اٹھا لی اور ساتھ کھڑے ڈرائیور کے حوالے کر دی، قیمت بھی اسی ڈرائیور نے ادا کی کہ بڑے لوگ پیسے جیب میں نہیں رکھا کرتے، ملازمین کے پاس ہوتے ہیں، وہ صرف پسند کی کسی چیز کی طرف انگلی سے اشارہ کرنے کی زحمت کرتے ہیں۔

یہ تو حکومت کے انتظامی معاملات ہیں جن سے عوام کو کوئی سرکار نہیں ہونا چاہیے لیکن عوام کو اس بات سے ضرور سروکار ہے کہ جس طرح حکومت ملک کے معاملات چلا رہی ہے، ان میں عوام کے لیے کوئی سکھ کی خبر نہیں ہے۔

دہشت گردی کی سر اٹھاتی لہر سے عوامی تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے، ابھی تک تو معاملات صرف بلوچستان اور خیبر پختونخوا تک ہی محدود ہیں لیکن خدانخواستہ اگر دہشت گردی کی موجودہ لہر دوسرے صوبوں اور حکمرانوں کے گھر تک بھی پہنچ گئی تو پھر معاملات مزید بگڑ جائیں گے۔

ہم گزشتہ کئی برس سے یہ تو دیکھ چکے ہیں کہ اس عفریت کا وقتی طور پر تو قلع قمع کیا جاتا ہے لیکن مستقل بنیادوں پر ہرگز نہیں۔ ابھی امریکا کو افغانستان سے گئے کچھ زیادہ وقت نہیں گزرا کہ دہشت گردوں نے دوبارہ اپنی پوزیشن سنبھالنی شروع کر دی ہیں اور ان کا نشانہ پاکستان بن رہا ہے، اس نشانہ بازی کا علم ہمارے حکمرانوں کو خوب ہے اور وہ یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ اس مشق کے پیچھے کون کون سی طاقتیں کارفرما ہیں جن کا مقصد اور مطمع ریاست پاکستان، میں (افراتفری) ہے۔

پاکستان سافٹ اسٹیٹ کے بجائے ہارڈ اسٹیٹ بنے گا

قومی سلامتی کونسل کے اجلاس میں یہ بات سامنے آئی تھی کہ دہشت گردی سے نبٹنے کے لیے پاکستان سافٹ اسٹیٹ کے بجائے ہارڈ اسٹیٹ بنے گا۔ اس وقت عام آدمی کا یہی سوال تھا کہ سافٹ اسٹیٹ اور ہارڈ اسٹیٹ میں کیا فرق ہے؟ کچھ دوست اس کو آمریت سے تشبیہ دے رہے تھے، ہر ایک کی اپنی تعریف تھی۔ بہرحال جیسے جیسے دن گزر رہے ہیں، پاکستان کا سافٹ اسٹیٹ سے ہارڈ اسٹیٹ کی طرف سفر نظر آنے لگا۔ ہم اس تبدیلی کو محسوس کر رہے ہیں۔ سب سے بڑی تبدیلی پاک افغان سرحد پر نظر آ رہی ہے۔

گزشتہ دو دنوں میں دو مقامات سے پاک افغان سرحد سے فتنہ وخوارج نے بارڈر کراس کرنے کی کوشش کی ہے۔ دونوں دفعہ انھیں بارڈر پر ہی مار دیا گیا ہے۔ پہلی جگہ پر گیارہ، دوسری جگہ پر 16 فتنہ خوارج کو جہنم واصل کیا گیا۔ پہلے ہم نے بارڈر اس قدر سخت نہیں کیے ہوئے تھے لیکن اب بارڈر پر دیکھتے ہی گولی مارنے کا حکم نظر آ رہا ہے، یہ غیر معمولی پیش رفت ہے، اگر کسی نے پاک افغان سرحد غیر قانونی طور پر کراس کرنے کی کوشش کی تو اسے دیکھتے ہی گولی مار دی جائے گی، کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ طورخم سرحد بھی 27 روز بند رکھی گئی ہے۔

ہر قسم کی تجارت بھی بند رہی ہے۔ اب بھی سرحد کو محدود پیمانے پر کھولا گیا ہے، بغیر ویزہ کے کسی کو بارڈر کراس کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ ورنہ پہلے تو کوئی بھی شناخت دکھا کر بارڈر کراس کر لیا جاتا تھا۔ لیکن اب بغیر ویزہ کوئی آمد ورفت نہیں۔ تجارت میں بھی سختی کی گئی ہے۔ پہلے مرحلے میں ہم پاک افغان معاملات میں پاکستان کو سافٹ اسٹیٹ سے ہارڈ اسٹیٹ بنتے دیکھ رہے ہیں، یہ ایک بڑی تبدیلی ہے۔

اسی طرح پاکستان سے افغانوں کی بے دخلی کا معاملہ ہے۔ تاحال بھی عمومی رائے یہی ہے کہ ماضی میں بھی حکومت پاکستان نے افغانوں کو بے دخل کرنے کے لیے بہت سی ڈیڈ لائنز دی ہیں۔ لیکن ڈیڈ لائنز گزر جاتی ہیں۔ افغان پناہ گزین یہیں رہتے ہیں۔ چند دن کی سختی ہوتی ہے، پھر معاملہ دب جاتا ہے۔

لوگ مثالیں دیتے ہیں کہ نگران دور میں بھی افغان مہاجرین کو نکالنے کی بات ہوئی تھی۔ چند دن بہت شور رہا تھا۔ ہم نے اعداد وشمار بھی دیکھے کہ آج اتنے افغان مہاجرین واپس چلے گئے۔ یہ کہا بھی جاتا ہے کہ تب آٹھ

تحریر: خزیمہ انصاری البانده

لاکھ افغان مہاجرین واپس چلے گئے تھے۔ لیکن کیا وہ واقعی افغانستان چلے گئے یا پھر واپس آ گئے کیونکہ اب بھی کہا جا رہا ہے کہ ابھی تیس لاکھ سے زائد افغان مہاجرین پاکستان میں ہیں۔ جب تک بارڈر کراسنگ نہیں رکتی، واپس جانے والوں کو دوبارہ پاکستان میں داخل ہونے سے نہیں روکا جا سکتا۔

سیکورٹی اداروں اور حکومت کی یہی رائے ہے کہ جب تک یہ افغان پاکستان میں ہیں تب تک پاکستان سے دہشت گردی ختم نہیں ہو سکتی۔ اس لیے ان سب کا واپس جانا ضروری ہے۔

پاکستان کی یہ خواہش پرانی ہے۔ لیکن پوری نہیں ہوتی۔ یہ ایک مشکل کام ہے کیونکہ پاکستان کے اندر سے بھی ان کے حق میں آوازیں آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ باقاعدہ ریاست کی پالیسی کو ناکام بنایا جاتا ہے لیکن امید یہی ہے کہ اس بار ایسا نہیں ہوگا۔ اس بار ریاست نے افغان مہاجرین و پناہ گزینوں کو واپس بھیجنے کا مکمل ارادہ کر لیا ہے۔

یہ درست ہے کہ کے پی حکومت ریاست کے اس فیصلے کی مخالفت کر رہی ہے۔ وزیراعلی کے پی علی امین گنڈاپور نے تو کہا ہے کہ ان سب افغانوں کو پاکستان کی شہریت دے دی جائے۔ لیکن شاید انھیں بھی علم ہے کہ یہ پاکستان کی سلامتی، وحدت اور معیشت کے لیے زہر قاتل سے کم نہیں ہوگا۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ سیاسی مفادات اپنی جگہ لیکن سب سے پہلے پاکستان ہے۔

خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنی والی پی ٹی آئی کی قیادت بھی اس حوالے سے واویلا کر رہی ہے۔ بہرحال لگ رہا ہے کہ ہارڈ اسٹیٹ کی تعریف میں تمام افغانوں کو پاکستان سے واپس بھیجنا بھی شامل ہے۔ ابھی تو شاید ہمیں نہیں لگ رہا ہے کہ لیکن عید کے بعد ریاست کی جانب سے بڑے آپریشن کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ہارڈ اسٹیٹ گلی گلی نظر آئے گی، افغانوں کی اطلاع دینے کے لیے خصوصی ہیلپ لائن قائم کی جائے گی اور واپس بھیجنے کے لیے ہر ممکن سختی کی جائے گی۔

ہمارے سامنے ایران کا ماڈل ہے۔ جنھوں نے آرام سے اپنے ملک سے دس لاکھ افغانیوں کو واپس بھیجا ہے۔ کسی ایرانی سیاسی یا مذہبی جماعت، دانشوروں یا سیاسی لوگوں نے اس کی مخالفت نہیں کی اور نہ طالبان حکومت کو جرات ہوئی کہ وہ ایران سے احتجاج کر سکے۔ ہمیں ایران سے سیکھنا ہے۔ یہ کوئی ناممکن کام نہیں ہے، ممکن ہے۔ صرف ریاست کی سنجیدگی اور جرات چاہیے۔ کیا وہ سنجیدگی اور جرات اب ہے۔ یہی بڑا سوال ہے۔

بہرحال لگ یہی رہا ریاست اس ایشو پر کوئی دباؤ برداشت کرے گی نہ کسی مصلحت کا شکار ہوگی۔ بارڈر بند کیے جا رہے ہیں، افغانوں کو نکالنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ان کی جائیدادیں اور کاروبار ضبط کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ان کے بینک اکاؤنٹس بھی بند کر دیے جائیں گے۔ ان کے پاس جو عارضی کاغذات ہیں، وہ ختم کر دیے جائیں گے۔

اس کے ساتھ ملک میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن بھی سخت کیا جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں یہ درست بات ہے کیونکہ جب تک بارڈر کھلے ہیں تب تک دہشت گردی پر کنٹرول ممکن نہیں، ملک میں دہشت گردی کے خلاف آپریشن تب ہی کامیاب ہو سکتا ہے جب پاک افغان بارڈر پر نقل وحرکت بند کر دی جائے۔ افغانوں کو واپس نہ بھیجا جائے اور وہ دوبارہ نہ آ سکیں، یہ بارڈر سیل کرنے کے بغیر نہیں ہو سکتا۔

ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر تو نہیں بیٹھ سکتے کہ افغان حکومت تعاون نہیں کر رہی۔ ہمیں اپنے بل بوتے پر یہ کام کرنا ہوگا۔ پاکستان کے افغانستان کے لیے خصوصی نمائندے حال ہی میں تین روز کابل رہ کر آئے ہیں۔ دہشت گردی کو لے کر سنجیدہ مذاکرات ہوئے ہیں، بریک تھرو کی خبریں آ رہی ہیں۔

پاکستان میں بدامنی کی لہر

پاکستان میں ٹی ٹی پی کی کاروائیاں یو این رپورٹ کے مطابق 2024 میں 2023 کے مقابلے میں 66 فیصد بڑھی تھیں اس سال جنوری سے لیکر اب تک حملوں میں اضافہ تو ہوا ہے اور روانہ سیکورٹی فورسز پہ حملے ہو رہے ہیں لیکن نقصان پچھلے سال کی نسبت کم ہے اور سیکورٹی انفرا اسٹرکچر بہتر ہونے کی وجہ سے نقصانات کم ہو رہے ہیں۔ یو این کی 2024 کی رپورٹ کے مطابق افغان سرزمین اور افغان طالبان کی ٹی ٹی پی کو حمایت حاصل رہی ہے۔ شہادتیں 20 فیصد کم ہوئی ہیں پچھلے سال کی نسبت۔ افغان حکومت کی سرد مہری اور مکمل تعاون نہ کرنے کی وجہ سے ٹی ٹی پی کے پاکستان پہ حملے بڑھے ہیں۔ کے پی کے میں دہشت گردانہ حملوں میں افغانستان میں طالبان حکومت ہونے کی وجہ سے ٹی ٹی پی کو دہشت گردانہ حملوں کے لیے حوالہ ملتا ہے۔ حکومت پاکستان کی طرف سے افغان حکومت کے ساتھ بار بار یہ معاملہ اٹھایا جاتا رہا ہے۔ بھارت جیسے ازلی دشمن ملک پاکستان میں بدامنی کے لیے ٹی ٹی پی کی فنڈنگ اور تربیت کرتے ہیں۔ بلوچستان میں بدامنی کے لیے وہاں پہ علیحدگی پسند تنظیموں کو فنڈنگ اور تربیت کی جاتی ہے۔ بھارتی سرپرستی میں افغانستان اور پاکستان سے ملحقہ سرحدی ایریا میں افغان سرزمین پہ دہشت گردوں کی تربیت گاہیں فعال ہیں جس سے پاکستان میں دہشت گردی کی جاتی ہے۔ یہ

تحریر: مزمل سہروردی

ایک فل فلیج پراکسی وار ہے جو پاکستان پہ مسلط کی گئی ہے۔ بھارت اسرائیل اسٹریٹیجک گٹھ جوڑ اور افغان سرزمین و افرادی قوت کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال انتہائی تشویشناک ہے۔ افواج پاکستان سیکورٹی ادارے اور پولیس کے جوانوں کی دہشت گردانہ واقعات میں شہادتیں اور دہشت گردوں کو منہ توڑ جواب دے کر بلند حوصلوں کے ساتھ ان کی بیخ کنی کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ افواج پاکستان کا پاکستان میں قیام امن اور سرحدوں کی حفاظت کے لیے کردار قابل تحسین ہے۔ آج قوم مطمئن ہے کہ پاکستان کے محافظ ادارے پاکستان میں دہشت گردوں کا خاتمہ کر رہے ہیں ملک کے امن کو بحال کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ قوم کے تعاون سے دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑا جائیگا لیکن دہشت گردانہ کاروائیوں کو بالکل بھی برداشت نہیں کیا جائیگا۔ فتنہ الخوارج اور فتنہا لہندوستان کے خلاف پاکستانی قوم اور پاکستانی سیکورٹی اداروں کا تعاون مثالی ہے۔ بلوچستان اور کے پی کے میں دہشت گردی کے ذریعے میگا پروجیکٹس اور بیرونی سرمایہ کاری کو نقصان پہنچانے والوں سے آہنی ہاتھوں۔ سے نمٹا جائیگا۔ بھارتی سازشیں اور مکروہ عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے پرعزم کردار پاکستان کی افواج اور سیکورٹی اداروں کا خاصہ ہے۔ ان کی اس جنگ میں شہادتیں اور قربانیاں قابل تحسین اور قابل تکریم ہیں۔ مشکل وقت کا سامنا کر کے ہی قومیں سرخرو ہوتی ہیں۔ یہ جنگ ہر پاکستانی کی جنگ ہے اور اسے پوری قوم نے اپنی افواج کے شانہ بشانہ رہ کر لڑنا ہے۔ بدامنی کے خاتمے کے لیے پوری قوم کا کردار انتہائی اہم ہے۔ پاکستان دشمن قوتیں اپنے باطل نظریات کے ذریعے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتی ہیں جس میں انہیں ناکامی کا سامنا ہے۔ افواج پاکستان اور سیکورٹی ادارے اس جنگ کو منطقی انجام پہ پہنچا کے دم لیں گے جس جنگ میں معصوم اور بے گناہ پاکستانیوں کا قتل عام کیا جا رہا ہے۔ حالات مشکل ضرور ہیں لیکن قوم کے تعاون سے پاکستان میں امن وامان بحال ہوگا اس کے لیے قوم اور سیکورٹی ادارے پرعزم ہیں۔ پاکستانی حکومتی اپوزیشن قوم پرست اور مذہبی جماعتیں اپنے اختلافات اور رنجشوں کو بھلا کر قومی سلامتی اور قومی مفادات کے حصول کے لیے متحد ہو جائیں اور اپنے سیکورٹی اداروں کا بھرپور ساتھ دیں۔ جب ملک میں امن ہوگا تو بیرونی واندرونی سرمایہ کاری بڑھے گی معاشی استحکام آئے گا اور ملک ترقی کرے گا۔ پاکستان کی تعمیر وترقی میں بھرپور کردار ادا کریں

کشیدہ حالات

بھارت نے کب م ء 2025 میں پہلگام واقعے کو جواز بنا کر پاکستان پہ جارحیت کی تو پاکستان نے اس جارحیت کا ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ عالمی دنیا حیران رہ گ ء چونکہ اس جواب میں ایسا کچھ تھا کہ دوسرے عالمی برادری کے طاقتور ترین ممالک کے لیے بھی حیرت انگیز تھا۔ بھارتی ایس ہو 400 کی تباہی رافیل طیاروں کا گرما دو دن تک بھارتی فضائیہ کا اڑنے کی پوزیشن میں نہ ہونا بھارت کے میزائلز کی ڈائریکشن پہ کنٹرول اور فتح میزائل و پی ایل 15 کے تابڑ توڑ حملے اور سائبر کے میدان میں کامیابیاں یہ سب ایسا کچھ تھا کہ 4 گھنٹوں میں بھارت کی ہوا نکل گ ء۔ پوری دنیا پاکستانی افواج کی جنگی صلاحیتوں کی معترف ہو گ ء۔ اسرائیل کی بھارت کو دی گ ء ڈرون ٹیکنالوجی کا جنازہ نکل گیا جسے خود اسرائیلی ماہرین کی ٹیم آپریٹ کر رہی تھی۔ اس جنگ میں سائیکالوجی اور نفسیاتی طور پہ تین ممالک کی ٹیکنالوجیز کو شکست ہو ء۔ اسرائیل فرانس اور روس یہ سب کچھ دنیا کے لیے نیا تھا۔ جنگوں میں کبھی رافیل طیارے تباہ نہیں ہوئے کبھی ایس یو 400 نے نقصان نہیں اٹھایا تھا لیکن پاکستانی شاہینوں نے یہ سب کر دکھایا اور آپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ اس کے بعد پاکستان خارجی اور سفارتی محاذ پہ کامیابیاں سمیٹتا گیا دنیا کا جھکا پاکستان کی جانب ہونے لگا۔ پاکستان کو تنہا کرنے کے خواب دیکھنے والے خود تنہا کا

تحریر: اعجاز علی ساغر

شکار ہونے لگے۔ پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے ہونے لگے۔ دفاعی لحاظ سے پاکستان نے ایک تاریخ رقم کر دی۔ بھارت کی دنیا بھر میں اچھی خاصی سبکی ہو ء اور رہی سہی کسر ان کے جھوٹے گودی میڈیا نے جھوٹ بول بول کر پوری کر دی۔ بھارتی میڈیا پہ انٹرنیشنل میڈیا کا اعتبار ختم ہو گیا۔ بھارت پہ ایک دفعہ پھر جنگی جنون سوار ہے وہ پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں کی بھرپور معاونت کر کے انہیں پاکستان کے امن واستحکام کو کمزور کرنے کی کوششوں میں لگا ہوا ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغانستان کی سرزمین اور افغان افرادی قوت استعمال ہو رہی ہے۔ افغانستان دراصل بھارتی دہشت گردی اور بھارتی پراکسیز کی جنگ بھارت کے ہاتھوں استعمال ہو کر پاکستان کے خلاف لڑ رہا ہے۔ پاکستان نے ک ء دفعہ افغان حکومت کو دہشت گردی کے کیمپ اور دہشت گردوں کے خلاف کاروائی کا کہا ہے لیکن افغان حکومت بالکل بھی سنجیدہ نہیں ہے۔ تحریک طالبان پاکستان افغانستان سے پاکستان کے صوبہ کے پی کے میں بڑے پیمانے پہ دہشت گردی میں ملوث ہے۔ افغان وزیر خارجہ امیر خان متقی بھارت میں بیٹھ کر بھارتی زبان بول رہا ہے اور پاکستان کو دھمکانے کی کوشش کر رہا ہے۔ کے پی کے میں دہشت گرد حملوں میں پاکستان کی افواج کے جوانوں اور افسروں کی حالیہ دنوں میں شہادتیں اور بڑے پیمانے پہ دہشت گرد حملے اب ناقابل برداشت ہو چکے تھے۔ پاکستان نے دہشت گرد کمین گاہوں پہ افغانستان میں حملے کیے افغانستان کی فوج کی طرف سے بھی سرحدی چوکوں پہ حملے کیے گئے جس کا پاکستانی افواج نے بھرپور جواب دیا اور ک ء چوکیوں کو تباہ کر دیا۔ اس وقت پاک افغان سرحد پہ حالات کشیدہ ہیں۔ بھارت کے ساتھ سرحدوں پہ بھارت نے اپنی افواج رکھی ہو ء ہیں اور بھارت بھی مبہم جو ء کی دھمکیاں دے رہا ہے۔ افواج پاکستان دہشت گردوں اور دشمن قوتوں کو بھرپور جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ ان نازک حالات میں جب پورہ قوم کو متحد ہو کر اپنے اداروں کے ساتھ کھڑے ہونے کی ضرورت ہے تو ملک میں غیر سنجیدہ سیاسی عناصر نے احتجاج اور فساد کو ہوا دینی شروع کر دی ہے۔ فلسطین حماس اور اسرائیل کے درمیان امن معاہدے پہ دستخط ہونے کے بعد معاملات بہتر ہوتے نظر آ رہے ہیں اور اس امن معاہدے کا مسلم دنیا میں خیر مقدم کیا جا رہا ہے اور یہاں پاکستان میں ایک سیاسی و مذہبی جماعت نے احتجاج اور فساد شروع کیا ہوا ہے۔ جب فلسطین میں حملے ہو رہے تھے اور نسل کشی ہو رہی تھی تو اس وقت کیوں سوئے ہوئے تھے اب جب فلسطینیوں کی مدد کرنے کی ضرورت ہے تو پاکستان میں احتجاج شروع کر کے لانگ مارچ کے نام پہ انارکی پھیلائی جا رہی ہے جو کہ افسوسناک ہے۔ کچھ دیگر جماعتیں بھی افغان پاکستان مسئلے پہ فریق بن رہی ہیں

اسرائیل سے لڑائی لبنان کی ترقی کی راہ کھوٹی کرسکتی ہے، امریکی ادارہ

جوزف عون کے صدر منتخب ہونے کے بعد پیدا ہوئی سیاسی پیش رفت بھی خطرے میں پڑسکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی کی جائزہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل اور لبنان کی بڑھتی ہوئی لڑائی لبنان میں ترقی واستحکام کے لیے خطرے کا باعث ہوگی۔ جوزف عون کے صدر منتخب ہونے کے بعد پیدا ہوئی سیاسی پیش رفت بھی خطرے میں پڑسکتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ رپورٹ امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی نے درپیش خطرات کے سالانہ جائزے کے سلسلے میں مرتب کی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی جنگی کارروائیوں کے نتیجے میں لبنان فرقہ وارانہ کشیدگی بھڑک سکتی ہے۔ اس کی وجہ سے لبنان کی سیکیورٹی فورسز کمزور ہوں گی جبکہ انسانی صورت حال پہلے ہی بدترین ہے۔ اسرائیل کی مسلط کردہ حالیہ جنگ میں حزب اللہ کی بہت بڑھ جانے والی مشکلات کے باوجود حزب اللہ کی آج بھی امریکی اہلکاروں اور مفادات کو علاقائی وعالمی سطح پر نشانہ بنانے کی صلاحیت برقرار رکھی ہے۔ لبنان میں اسرائیلی فوج کی سال بھر کی مہم نے حزب اللہ کی اعلیٰ ترین قیادت کو تباہ کر دیا اور گروپ کے جدید ترین ہتھیاروں کو شدید نقصان پہنچا کر اس کی جنگی استعداد کو بھی کمزور کردیا ہے۔ نیز شام میں بشار الاسد کی حکومت کے خاتمے نے مشرق وسطیٰ میں پھیلے ہوئے ایک شیعہ بلاک بنانے کی ایرانی کوششوں کو روک دیا ہے۔ ان بڑی ناکامیوں نے ایرانی قیادت کو بھی اپنے علاقائی نقطہ نظر پر نظر ثانی کرنے پر مجبور کردیا ہے۔ ایران، جو حزب اللہ کا کلیدی حامی ہونے کے علاوہ فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے والا ملک ہے کے حوالے سے اس امریکی رپورٹ میں کہا گیا ہے

ننکانہ صاحب، سرکاری تعلیمی اداروں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا سفر تیزی سے جاری

ابوالخیر ہائی سکول شاہ کوٹ کو شمسی توانائی پر منتقل کر دیا گیا، 10 ہزار واٹ کا منصوبہ مکمل ہے

ننکانہ صاحب (این این آئی) ضلع بھر کے تمام سرکاری تعلیمی اداروں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا سفر تیزی کے ساتھ جاری ہے، اسی سلسلے میں ایک اور اہم پیش رفت کے طور پر گورنمنٹ ابوالخیر ہائی سکول شاہ کوٹ کو بھی شمسی توانائی پر منتقل کر دیا گیا۔ المنائی، اساتذہ اور مقامی افراد کے تعاون سے پانچ لاکھ روپے کی لاگت سے 10 کلوواٹ کا یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر رانے، اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ ثنا شرافت، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی محترمہ شازیہ بانو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ززاہد جاوید، میاں خالد محمود اور سکول پرنسپل کے ہمراہ بٹن دبا کرا سکول کو باضابطہ طور پر شمسی توانائی پر منتقل کیا، افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ تسلیم اختر رانے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف سکول کے لیے توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد دے گا بلکہ دیگر تعلیمی اداروں کے لیے ایک مثالی قدم ثابت ہے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ضلع ننکانہ صاحب کے تمام سرکاری تعلیمی ادارے جدید سہولیات سے آراستہ ہوں اور طلبہ کو ایک ایسا تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ بلا کسی رکاوٹ کے اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں

یمن میں سیٹلائٹ تصاویر سے حوثیوں کے فوجی اڈوں کا انکشاف

قدس فورس کمانڈرز اور حزب اللہ ماہرین نے پلاننگ میں حصہ لیا، رپورٹ

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثی گروپ نے دو دہائی قبل اپنے قیام کے بعد سے خود کو مضبوط کرنے کے لیے دور دراز اور ناقابل تسخیر پہاڑوں کے نیچے پناہ گاہیں اور غاروں کی تعمیر جاری رکھی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گروپ ملک کے شمال میں صعدہ کے پہاڑی علاقوں سے شروع ہونے والے زیر زمین بنکرز اور فوجی اڈے بنانے پر اب تک توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ حوثیوں نے ایک باغی جنگجو گروپ کے طور پر اپنی حفاظت کے لیے فطرت پر انحصار کرتے ہوئے پہاڑی جنگجو گروپ بننے کا انتخاب کیا ہے۔ اس حوالے سے گروپ نے ایران کی حکمت عملی اور چھپنے کے اس طریقہ کار سے بھی فائدہ اٹھایا جو ایرانی محور کے دیگر ایجنٹوں اور گروہوں کے درمیان پہلے سے رائج تھا۔ لبنان کے مضافاتی علاقے میں حزب اللہ نے اسی طریقہ کار کو اپنایا تو حوثیوں نے ضحیان صعدہ میں اس پر اکتفا کیا۔ ڈیفنس لائن نے رپورٹ کیا ہے کہ اس گروپ نے ایک مضبوط فوجی انفراسٹرکچر تیار کرنے میں سرمایہ کاری کی ہے، اور اسے قدس فورس کے کمانڈروں اور حزب اللہ کے ماہرین نے منصوبہ بندی میں مدد فراہم کی ہے۔ ڈیفنس لائن نے رپورٹ کیا ہے کہ اس گروپ نے ایک مضبوط فوجی انفراسٹرکچر تیار کرنے میں سرمایہ کاری کی ہے، اور اسے قدس فورس کے کمانڈروں اور حزب اللہ کے ماہرین نے منصوبہ بندی میں مدد فراہم کی ہے۔ پلیٹ فارم ڈیفنس لائن سلامتی اور عسکری امور سے متعلق ایک آزاد یمنی پلیٹ فارم ہے۔ اس پلیٹ فارم کی طرف سے کی گئی تحقیقات کے مطابق حوثی گروپ فوجی طور پر صعدہ اور اس کے آس پاس کے پہاڑی علاقوں میں موجود ہے اور اس نے ناقابل تسخیر فوجی ڈھانچے کی ترقی کے لیے اپنی بڑی کوششوں کے تحت اس علاقے میں اپنی سرمایہ کاری کی ہے۔ اس فوجی ڈھانچے کی منصوبہ بندی میں ایران اور اس کی قدس فورس کے ماہرین اور لبنانی حزب اللہ کے ماہرین نے شرکت کی ہے

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیلسن منڈیلا کے پوتے نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیئے

نیلسن منڈیلا کے پوتے کا فلسطین پر کانفرنس سے ویڈیو لنک سے پرجوش خطاب

صنعا (این این آئی) نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈلا منڈیلا نے یمن میں فلسطین پر کانفرنس سے ویڈیو لنک پر پرجوش خطاب کیا، دارالحکومت صنعا میں کانفرنس سے خطاب کے دوران انہوں نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈلا منڈیلا نے یمن مین فلسطین پر کانفرنس سے ویڈیو لنک پر پرجوش خطاب کیا، دارالحکومت صنعا میں کانفرنس سے خطاب کے دوران انہوں نے فلسطین کے حق میں نعرے لگوا دیا نہوں وی وا فلسطین، وی وا حماس وی وا حزب اللہ یعنی فلسطین زندہ باد، حماس زندہ باد حزب اللہ زندہ باد کے نعرے لگوائے اور مجمع پرجوش انداز میں جواب دیتا رہا۔ جنوبی افریقہ میں نسل پرستی کے خلاف مزاحمت کے رہنما نیلسن منڈیلا کے پوتے منڈیلا منڈیلا نے کہا کہ صیہونیوں نے سید حسن نصر اللہ کو شہید کیا لیکن ان کے افکار دنیا بھر کے تمام آزادی پسندوں کے درمیان زندہ رہیں گے جیسا کہ جنوبی افریقہ میں ہم کہتے ہیں کہ وہ مرا نہیں بلکہ کئی گنا بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید سید حسن نصر اللہ صرف حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل نہیں تھے۔ بلکہ وہ تمام عربوں، فارسیوں، گوروں، کالوں اور دنیا کے تمام مظلوموں کے رہنما تھے، وہ سامراج اور عالمی استکبار کا مقابلہ کرنے والے ایک نڈر اور تاریخی سورما تھے اور اس کرہ ارض پر ہر مزاحمت کار کے لئے نمونہ عمل بن گئے

حکومت تنخواہ داروں سے 38 فیصد ٹیکس لیتی ہے، مفتاح اسماعیل

جب تک اشرافیہ کے پنجے سے ملک کو نہیں چھڑوائیں گے تو ملک کیسے آگے بڑھے گا؟

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت تنخواہ دار طبقات سے 38 فیصد ٹیکس لیتی ہے، ہزاروں ایکڑ اراضی اور بڑی پراپرٹی والوں سے ٹیکس نہیں لیتی ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر نے ہماری معیشت کو بڑا سہارا دیا ہے، اور ترسیلات زر مزید بڑھ رہی ہیں، ایکسپورٹ اور ترسیلات زر بڑھا کر امپورٹ کے برابر ہوتی ہیں، اگر ہم امپورٹ کو کم رکھیں، جب ہماری گروتھ، شرح نمو بڑھتی ہے تو ہماری امپورٹ بھی بڑھ جاتی ہیں جس کی وجہ سے اس کیلئے ہمارے پاس پیسے نہیں ہوتے اور روپیہ پھر ڈی ویلیو ہوتا ہے، ہمارے اوپر 20، 25 ارب ڈالر کا قرض ہے، اس پر سود دینا ہوتا ہے اور پیسے واپس کرنے ہوتے ہیں، اس کیلئے مزید قرض لینا پڑتا ہے انہوں نے کہا ہماری کوشش ہونی چاہیئے کہ برآمدات کو اتنا بڑھا لیں کہ امپورٹ کے برابر آجائیں، تاکہ ترسیلات زر سے قرض ادا کرسکیں ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے 90 کی دہائی سے ہم وقت ضائع کررہے ہیں، اس وقت ہماری ایکسپورٹ ویتنام کے برابر تھیں، آج ویتنام کی ایکسپورٹ 380 ارب ڈالر کے برابر ہیں، ہم بچوں کو تعلیم نہیں دے سکتے، ہمارے 2 کروڑ 70 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں، صحت کی سہولیات نہیں دے سکتے، بجلی مہنگی ہے ٹیکسز زیادہ ہیں، دنیا بھر میں ایکسپورٹ پر ہمارا ٹیکس زیادہ ہے، گیس مہنگی ہے، بجلی مہنگی ہے، امن وامان کی صورتحال کے مسائل ہیں، تو کیسے ایکسپورٹ بڑھے گی؟ جب تک ہم لوکل گورنمنٹ کو خودمختار نہیں بناتے، بجلی سستی نہیں کرتے، نجکاری نہیں کرتے تو ہم کیسے ایکسپورٹ بڑھائیں گے؟ مفتاح اسماعیل نے کہا اس حکومت میں افراط زر اس لئے کم ہوا ہے کہ دنیا بھر میں خام تیل کی قیمتیں کم ہوئی ہیں، اس حکومت نے ایک سال میں معاشی پالیسی کیلئے ایک اقدام نہیں اٹھایا جس سے معاشی استحکام آسکے اور ہم گروتھ کی جانب جا سکیں ماسوائے آئی ایم ایف پروگرام دستخط کرنے کے کوئی معاشی قدم نہیں اٹھایا گیا جب تک این ایف سی ایوارڈ پر نظر ثانی نہیں کرتے ملک میں خسارہ کم نہیں ہوگا حکومت تنخواہ دار طبقات سے 38 فیصد ٹیکس لیتی ہے لیکن ہزاروں ایکڑ اراضی اور بڑی پراپرٹی والوں سے ٹیکس نہیں لیتی جب تک اشرافیہ کے پنجے سے ملک کو نہیں چھڑوائیں گے تو ملک کیسے آگے بڑھے گا؟ انہوں نے کہا کہ حکومت کہہ رہی تھی کہ پیٹرول اور ڈیزل پر 10، 10 روپے ٹیکس لگایا، 17 ارب حکومت ملتا ہے یعنی 200 ارب عوام کی جیب سے نکل کر حکومت کو جائے گا

قرآن پاک کا پڑھنا اور سننا باعث نجات ہے، علامہ عطاء اللہ

آج کا نوجوان باصلاحیت ہے جسے قرآن پاک سے رجوع کر کے اپنی زندگی کو کندن بنانا ہوگا

سرگودھا (این این آئی) جمعیت اشاعت التوحید والسنہ پنجاب کے نائب امیر علامہ عطاء اللہ نے کہا کہ قرآن پاک ایسا معجزہ حیات ہے جسکو پڑھنا، سننا اور توحید وسنت کا پرچار باعث نجات ہے۔ اسی قرآن کی تعلیمات نے دنیا بھر کے انسانوں کے دل بدل کر رکھ دیئے مکمل ضابطہ حیات اور دعوت دین ہے۔ ذرائع کے مطابق جمعیت جمعیت اشاعت التوحید والسنہ پنجاب کے نائب امیر علامہ عطاء اللہ بندیالوی نے جامعہ مسجد معاویہ میں تکمیل قرآن پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی کتاب ہدایت وحیات ہے جس کو پڑھنا اور سننا اور توحید وسنت کا پرچار باعث نجات بنے گا اس لئے ہمیں قرآن کی تعلیمات سے استفادہ کرنا چاہیے اور شرک وبدعات کے خلاف عملی جہاد کرنا ہے۔ آج کا نوجوان باصلاحیت ہے جسے قرآن پاک سے رجوع کر کے اپنی زندگی کو کندن بنانا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ قرآن پاک کی ترویج وتفہیم کرنے والے باعث تکریم ہیں۔

امریکی ایوان نمائندگان میں پاکستان کے ریاستی عہدیداروں پر پابندیاں عائد کرنے کا بل پیش

پاکستان نے انسانی حقوق کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات نہ کیے تو اہم عہدیداران پر پابندیاں عائد کی جائیں گی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ایوان نمائندگان میں پاکستان پر سابق وزیراعظم پر ظلم وستم سمیت انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کا الزام عائد کرتے ہوئے پاکستان کے ریاستی عہدیداروں پر پابندیاں عائد کرنے کا بل پیش کر دیا گیا ہے رپورٹ کے مطابق پاکستان ڈیموکریسی ایکٹ کے نام سے یہ بل جنوبی کیرولائنا سے کانگریس کے ریپبلکن رکن جو ولسن اور کیلیفورنیا سے ڈیموکریٹ جمی پنیٹا نے پیش کیا جسے غور وخوض کے لیے ایوان نمائندگان کی خارجہ امور اور عدالتی کمیٹیوں کو بھیج دیا گیا ہے مجوزہ بل میں کہا گیا ہے کہ اگر پاکستان نے انسانی حقوق کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات نہ کیے تو 180 دن کے اندر پاکستان کے اہم عہدیداران پر پابندیاں عائد کی جائیں گی، اس بل میں یو ایس گلوبل میگنیٹسکی ہیومن رائٹس اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ کو استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو امریکا کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے ملزم افراد کو ویزا اور داخلے سے انکار کرنے کی اجازت دیتا ہے بل کے مسودے میں امریکی انتظامیہ سے یہ بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ پاکستان میں سیاسی مخالفین کو مبینہ طور پر دبانے میں ملوث اہم افراد کی نشاندہی کرے اور انہیں پابندیوں کی فہرست میں شامل کرے اگر پاکستان حکمرانی میں فوجی مداخلت بند کر دیتا ہے اور تمام غلط طور پر حراست میں رکھے گئے سیاسی قیدیوں کو رہا کرتا ہے تو یہ امریکی صدر کو ان پابندیوں کو اٹھانے کا مزید اختیار دے گا یہ مسودہ بل امریکا میں پی ٹی آئی کے حامیوں کی مسلسل لابنگ کو اجاگر کرتا ہے جو 2022 میں عمران خان کو عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد سے امریکی قانون سازوں میں لابنگ کر رہے تھے 3 سال کے دوران پی ٹی آئی سے وابستہ کارکنوں نے مظاہرے کیے، کانگریس کے ارکان سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان کے سیاسی معاملات میں امریکی مداخلت پر زور دیا جون 2024 میں ایوان نمائندگان میں بھی اسی طرح کی ایک قرارداد دوطرفہ حمایت کے ساتھ منظور کی گئی تھی جس کے حق میں 98 فیصد ووٹ پڑے تھے اس قرارداد میں اس وقت کے صدر جو بائیڈن پر زور دیا گیا تھا کہ وہ جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے کے لیے پاکستان پر دباؤ ڈالیں

پاک بھارت جنگ کی صورت میں امریکا پاکستان کا ساتھ دے گا، 17 فیصد پاکستانیوں کی توقع

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان میں 37 فیصد لوگوں کا خیال ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں امریکا بھارت کا ساتھ دے گا۔ جبکہ صرف 17 فیصد کو توقع ہے کہ امریکا پاکستان کا ساتھ دے گا۔ گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان کے تحت رائے عامہ سروے کے مطابق پاکستانیوں سے پوچھا گیا کہ اگر بھارت اور پاکستان میں جنگ ہو تو آپ کے خیال میں امریکا کس کا ساتھ دے گا؟

راولپنڈی، خواتین نے عیدالفطر کی خریداری کے بازاروں کا رخ کرلیا

راولپنڈی (یو این اے) ملک کے دیگر شہروں کی طرح راولپنڈی میں بھی خواتین نے عید الفطر کی خریداری کے بازاروں کا رخ کرلیا ہے، خواتین کا کہنا ہے کہ عید کے موقع پر سب سے الگ لگنا ہر ایک کی ترجیح ہوتی ہے اور اگر خواتین کی بات کی جائے تو وہ کپڑوں سے جوتوں تک میچنگ کو سامنے رکھتی ہیں تاکہ اس خاص موقع پر وہ اپنی خوش لباسی سے سب کو متاثر کرسکیں۔ بدھ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عید خریداری کے دوران خواتین کا کہنا تھا کہ شاپنگ عید کی ہو یا کسی اور موقع پر، اس کے لیے خواتین تو سب سے آگے ہوتی ہیں اور انہیں ہر وقت یہ جاننے کی کھوج رہتی ہے کہ فیشن میں آخر کیا چل رہا ہے تاکہ وہ بھی موجودہ فیشن کا حصہ بن سکیں۔ نورین بٹ نے بتایا کہ آج کل خواتین اور نوجوان لڑکیوں کے ملبوسات سمیت دیگر فیشن اور پسند کے معیار میں بھی خاصا فرق آتا جا رہا ہے۔ خواتین چاہتی ہیں کہ وہ عید پر دلکش نظر آئیں اور عید کی شاپنگ بھی ٹرینڈ کے مطابق کریں جب کہ ان کی نسبت نوجوان لڑکیاں شوخ اور نت نئے اسٹائل اپنانا چاہتی ہیں تاکہ عید جیسے موقع پر وہ بھی سب کی نظروں میں رہیں۔ عید کے حوالے سے عنبر خان کا کہنا ہے کہ چھوٹی عید یعنی عید الفطر پر ہلکے رنگوں کے ملبوسات کا ٹرینڈ زیادہ مقبول ہے۔ عید کے لیے ملبوسات میں اونچی کرتیاں، قمیضیں اور فراک پسند کیے جا رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ منفرد انداز اور رنگوں میں ان کو متعارف کروایا ہے۔

جمعیت اہلحدیث پاکستان نے سیلاب زدہ علاقوں کیلئے امدادی سامان کی کھیپ روانہ کردی

لاہور (این این آئی) جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ، کشمیر کے سیلاب زدہ علاقوں کے لیے جمعیت اہلحدیث پاکستان، اہلحدیث یوتھ فورس اور تحریکِ طلباء اہلحدیث پاکستان کی طرف سے ایک بڑے امدادی سامان کے ہمراہ قافلہ روانہ کر دیا گیا۔

نمل، وزارت تعلیم اور نیوٹیک کا بین الاقوامی زبانوں کی تعلیم کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (یو این اے) طلبہ کی عالمی تعلیم اور کیریئر کے مواقع کو بڑھانے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت اور نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) نے سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں، جس کے تحت وفاقی دارالحکومت کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی طلبہ کو بین الاقوامی زبانوں کی تربیت فراہم کی جائے گی۔ یہ فلیگ شپ پروگرام آئندہ پانچ سالوں میں 10,000 طلبہ کو بین الاقوامی زبانیں سیکھنے کی مہارتوں سے آراستہ کرے گا، تاکہ وہ اعلیٰ تعلیمی مواقع اور عالمی روزگار کی مارکیٹ میں بہتر مواقع حاصل کرسکیں۔ اس اقدام کے تحت آٹھ بین الاقوامی زبانوں کی تربیت فراہم کی جائے گی، جن میں جاپانی، چینی، کورین، جرمن، عربی، ہسپانوی، فرانسیسی، اور روسی زبانیں شامل ہیں۔ اس موقع پر ایک اعلیٰ سطحی دستخطی تقریب وزارت وفاقی تعلیم میں منعقد ہوئی، جس میں وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، ریکٹر نمل میجر جنرل (ریٹائرڈ) شاہد محمود کیانی ہلال امتیاز (ملٹری)، اسپیشل سیکرٹری وزارت تعلیم محی الدین احمد وانی، اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر نیوٹیک محمد عامر جان نے شرکت کی

حلال فوڈ اتھارٹی کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر رقیہ نواز خان کا جیل روڈ کا دورہ

ایبٹ آباد (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر حمزہ عباس کی نگرانی میں خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر رقیہ نواز خان نے فوڈ سیفٹی ٹیم کے ہمراہ جیل روڈ کا دورہ کیا۔ انہوں نے جیل روڈ پر موجود مختلف بیکریوں کی انسپکشن کی۔ اس دوران انہوں نے بیکریز یونٹ کو چیک کیا گیا جس میں سے حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر ایک بیکری یونٹ کو سیل جبکہ باقی یونٹس پر بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔

لاہور، لڑکی الحمراء میں خطاطی کی نمائش دیکھ رہی ہے

امریکہ نے طالبان رہنما سراج حقانی کی گرفتاری پر انعام ہٹانے کی تصدیق کردی

حقانی نیٹ ورک کی بنیاد سراج الدین حقانی کے والد جلال الدین حقانی نے 1980 کی دہائی میں رکھی تھی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے طالبان رہنما سراج حقانی کی گرفتاری پر انعام ہٹانے کی تصدیق کردی ہے، افغانستان میں حقانی عسکری نیٹ ورک کے سینئر ارکان پر عائد کروڑوں ڈالر کے انعامات واپس لے لیے ہیں، جن میں اس کے رہنما سراج الدین حقانی شامل ہیں، جو طالبان حکومت کے داخلی وزیر بھی ہیں۔ برطانوی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکا نے افغانستان میں حقانی عسکری نیٹ ورک کے سینئر ارکان پر عائد کروڑوں ڈالر کے انعامات واپس لے لیے ہیں، جن میں اس کے رہنما سراج الدین حقانی شامل ہیں، جو طالبان حکومت کے داخلی وزیر بھی ہیں۔ یہ ایک اہم قدم ہے کیونکہ حقانی نیٹ ورک پر افغانستان میں امریکی قیادت میں ہونے والی جنگ کے دوران بعض انتہائی اہم اور مہلک حملوں کا الزام ہے، جن میں امریکی اور بھارتی سفارت خانوں اور نیٹو فورسز پر حملے شامل ہیں۔ اس وقت یہ نیٹ ورک طالبان حکومت کا اہم حصہ ہے، جو 2021 میں غیر ملکی افواج کے انخلا کے بعد افغانستان پر قابض ہے، یہ معاہدہ امریکہ اور طالبان کے درمیان صدر ٹرمپ کی پہلی مدت میں طے پایا تھا۔ یہ قدم صدر ٹرمپ کی دوسری مدت کے آغاز کے چند ہفتوں بعد اٹھایا گیا ہے اور چند دن بعد امریکہ کے حکام نے طالبان حکومت کے ساتھ کابل میں ملاقات کی تاکہ 2022 سے گرفتار امریکی سیاح کی رہائی ممکن ہو سکے۔ ایک امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے تصدیق کی

سرکاری نرخنامے میں بیشتر سبزیوں، پھلوں کی قیمتیں برقرار، اوپن مارکیٹوں میں گراں فروشی عروج پر رہی

دکانداروں نے سرکاری نرخنامے کے برعکس خریداروں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کا سلسلہ جاری رکھا، توں تکرار

لاہور (این این آئی) سرکاری نرخنامے میں بیشتر سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں برقرار رہیں تاہم اوپن مارکیٹوں میں دکانداروں کی جانب سے سرکاری نرخنامے کے برعکس خریداروں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کا سلسلہ جاری رہا جس کی وجہ سے توں تکرار بھی ہوتی رہی۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کچا نیا چھلکا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم مختلف مقامات پر دکانداروں نے 70 روپے فی کلو تک فروخت جاری رکھی، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم سرکاری نرخ 40 کی بجائے 50 سے 55 روپے، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے 55 سے 60، پیاز درجہ سوم 30 کی بجائے 40، ٹماٹر درجہ اول 60 کی بجائے 80، ٹماٹر درجہ دوم 50 کی بجائے 60، ٹماٹر درجہ سوم 40 کی بجائے 45 سے 50، لہسن دیسی نیا 240 کی بجائے 370 روپے لہسن چائنہ 600 کی بجائے 720، لہسن جی ون 375 کی بجائے 400 سے 420، ادرک تھائی لینڈ 420 کی بجائے 550، ادرک چائنہ 420 کی بجائے 550، کھیرا فارمی 30 کی بجائے 50، میتھی 50 کی بجائے 65 سے 70، بینگن 55 کی بجائے 80، بند گوبھی 40 کی بجائے 55 سے 60، روپے رہی

لورالائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فخر اللہ خان کاکڑ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دفتر کا دورہ کر رہے ہیں

لاپتہ صحافی وحید مراد کی بازیابی کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد سے لاپتہ صحافی وحید مراد کی بازیابی کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ صحافی وحید مراد کی ساس عابدہ نواز کی جانب سے درخواست دائر کی گئی ہے۔ ایڈووکیٹ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری دفاع، آئی جی اور ایس ایچ او کراچی کمپنی کو فریق بنایا گیا ہے

مقبوضہ جموں وکشمیر میں 2016 سے 5,400 سے زائد بچے لاپتہ

بچوں کی گمشدگی کی ذمہ دار بھارتی فورسز ہیں، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں 2016 اور 2022 کے درمیان 5,400 سے زائد بچے لاپتہ ہوگئے ہیں جن میں سے 1500 سے زائد کا ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق 2016 میں 1070 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 589 لڑکے اور 481 لڑکیاں شامل تھیں۔ 2017 میں کل 725 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 431 لڑکے اور 294 لڑکیاں شامل تھیں۔ 2018 میں 800 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 384 لڑکے اور 416 لڑکیاں شامل تھیں۔ 2019 میں کل 661 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 306 لڑکے اور 355 لڑکیاں شامل تھیں۔ 2020 میں 627 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 277 لڑکے اور 350 لڑکیاں شامل تھیں۔ 2021 میں کل 723 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 280 لڑکے اور 443 لڑکیاں شامل تھیں۔ اسی طرح 2022 میں کل 821 بچے لاپتہ ہوئے جن میں 319 لڑکے اور 502 لڑکیاں شامل تھیں۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں مقبوضہ علاقے میں لاپتہ بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج اور اس کی ایجنسیاں ان گمشدگیوں کی ذمہ دار ہیں

پشاور اور گردونواح میں گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارش

پشاور (یو این اے) پشاور اور گردونواح میں صبح سویرے سے گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارش سے جل تھل ایک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک گھنٹے مسلسل جاری رہنے والی بارش سے سڑکوں اور گلی محلوں میں پانی کھڑا ہوگیا، پشاور اور نواحی علاقوں میں بدھ کی صبح ساڑھے 6 بجے سے گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارش کا سلسلہ شروع ہوا۔ چترال میں رات سے برفباری بھی جاری ہے، بارش اور برفباری سے جاری سردی پھر لوٹ آئی

صحافی فرحان ملک 5 دن کے لیے ایف آئی اے کے حوالے

کراچی (یو این اے) صحافی فرحان ملک کو 5 دن کے لیے ایف آئی اے کے حوالے کردیا گیا۔ ملیر کورٹ میں صحافی فرحان ملک کو پیش کیا گیا جہاں عدالت نے انہیں 5 دن کے لیے ایف آئی اے کی تحویل میں دینے کا حکم جاری کردیا۔ صحافی فرحان ملک پر غیرقانونی کال سینٹر چلانے کا الزام ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے صحافی فرحان ملک کو گزشتہ روز جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں پیش کیا تھا جہاں وکیل صفائی نے بتایا کہ ہم نے کیس سے ڈسچارج کرنے کی درخواست دائر کی تھی

کوئٹہ میں شہری کے گھر سے 2 کروڑ 70 لاکھ روپے مالیت کی گھڑیاں اور غیر ملکی کرنسی چوری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں نامعلوم چوروں نے ایک شہری کے گھر سے دو کروڑ 70 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی قیمتی گھڑیاں اور غیر ملکی کرنسی چرالی۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ کوئٹہ کینٹ کے علاقے سید احمد خان روڈ پر سید محمد آصف کے گھر میں پیش آیا جو ان دنوں روس میں مقیم ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق محمد آصف کے اہل خانہ ان کی روانگی کے بعد والدین کے گھر چلے گئے تھے۔ واپسی پر گھر کا کمرہ بکھرا ہوا اور الماری کھلی ملی، جہاں سے تین گھڑیاں جن کی مالیت تقریباً دو کروڑ 25 لاکھ روپے بتائی گئی

توبہ اچکزئی، لیویز کی کامیاب کارروائی، کمسن مغوی بازیاب، اغوا کار گرفتار

توبہ اچکزئی (یو این اے) لیویز فورس دوبندی نے تحصیل دوبندی کے علاقہ طبینہ کراس سے 12 سالہ کمسن رحمت اللہ کو بازیاب کروا دیا جبکہ اغوا کاروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ایک عدد 9 ایم ایم پستول بمعہ میگزین، آٹھ زندہ کارتوس اور ایک ہنڈا موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ گزشتہ کئی دنوں سے توبہ اچکزئی کے پشیہ، طبینہ کراس روڈ، کرتو فراخی اور واغبرگ دوبندی میں چوری اور ڈکیتیوں کی وارداتوں کا سلسلہ جاری تھا۔

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Sohbat pur invites sealed bids from eligible bidders based on CSR-2026 on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below.

Tender Fee1500 PKR (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) and Earnest Money 2% in shape of call deposit and Tentative Time Limit 30-06-2027 for each work

S. No.	Name of Work	Estimated cost in Million	E/Money
1	CONST:/REH : OF B/T ROAD FROM IBRAHIM KHAN TO JHANDRI REMAINING PORTION (1.00 KM) SOHBATPUR PSDP NO. **1503** Z2026 3935 TSE-2627091192423	18.291	RS,370000/-
2	CONS/REH OF B/T ROAD BAAZ MUHAMMAD KANRANI /SADDAM HUSSAIN KANRANI (LENGTH 1 KM) SOHBATPUR PSDP NO. **1504** Z2026 3936 TSE-2627091192443	14.430	RS,290000/-
3	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM UCH SHAKH TO KHAIR BUX KHAN KHOSA (1.00 KM) DISTRICT SOHBAT PUR PSDP NO **1505** Z2026-3938 TSE-2627091192473	16.912	RS,340000/-
4	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM NASAR UD DIN KHOSA TO JAMAL, DIN KHOSA(1.00KM) SOHBATPUR. PSDP NO. **1506** Z2026 - 3940 TSE-2627091192543	16.915	RS,340000/-
5	CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM BALOO PUR TO NASEER SHAKH (LENGTH 1.00 KM) SOHBATPUR PSDP NO. **1507** Z2026 3943TSE-2627091192563	16.918	RS,340000/-
6	CONST:/REH OF B/T ROAD FROM SAKHI MUHAMMAD BUX TO KUNDHA LARA(1.5 KM) & 3X10 SPAN CULVERT SOHBATPUR. PSDP NO **1508** Z2026-3944 TSE-2627091192573	28.855	RS,580000/-
7	CON OF B/T ROAD VILLAGE NIZAM UD DIN MENGAL & JUMA KHAN MENGAL (LENGTH 1.00 KM) SOHBATPUR PSDP NO **1509** Z2026-3947 TSE-2627091192603	16.917	RS,340000/-
8	CONST:/REH OF B/T ROAD FROM SIM SHAKH TO HAJI YAR MUHAMMAD KHOSA (LENGTH 1.00 KM) SOHBATPUR PSDP NO.**1510** Z2026-3949 TSE-2627091192623	12.436	RS,250000/-
9	CON OF BT ROAD VILLAGE KHUDA BAKHSH GAJANI 0.5KM / CON OF B/T ROAD VILLAGE KARAMULLAH GAJANI 0.5KM SOHBAT PUR PSDP NO **1511** Z2026-3950 TSE-2627091192643	16.916	RS,340000/-
10	CON: OF B/T ROAD VILLAGE ADVOCATE ABDUL WAHAB KANRANI 1.0 KM SOHBATPUR PSDP NO **1512** Z2026-3952 TSE-2627091192663	16.914	RS,340000/-
11	CON OF B/T ROAD VILLAGE SEITH MUHAMMAD BAKHSH KHOSA 01.KM SOHBATPUR PSDP NO **1513** Z2026-3954TSE-2627091192683	16.908	RS,340000/-
12	CON OF BT ROAD MIR ALLAH UD DIN KHAN KHOSA 0.5 KM / CON OF B/T ROAD KHALID KHAN KHOSA JUDAIR SHAKH 0.5 KM SOHBATPUR " **NOMENCLATURE CHANGE TO**" CONSTRUCTION / REH OF B/T ROAD FROM MIR NISAR LANGAVE TO SOHRAB KHAN KHOSA SOHBATPUR (LENGTH 01.00 KM) PSDP NO **1514** Z2026-3955 TSE-2627091192703	16.918	RS,340000/-
13	CON OF B/T ROAD VILLAGE MUHAMMAD AMIN PHARWANI TO REHMATULLAH / ABDUL SHAKOOR KHOSA 01.00 KM SOHBATPUR PSDP NO. **1515** Z2026-3957 TSE-2627091192733	16.915	RS,340000/-
14	CON OF B/T ROAD VILLAGE DOST MUHAMMAD KHOSA / USTAD FAROOQ KHOSA 01.00 KM SOHBATPUR PSDP NON **1516** Z2026-3959 TSE-2627091192763	16.915	RS,340000/-
15	CONST OF B/T ROAD AZAM KHAN MAJHANI 1 KM SOHBATPUR PSDP NO **1517** Z2026-3961TSE-2627091192783	16.918	RS,340000/-

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILITY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-5** and above with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document. METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage - Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of **Rs.1500/- (NON REFUNDABLE)** deposited in the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **02/10/2026** until **12.00 hrs**. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straight forwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **02/10/2026** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **02/10/2026** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of Rs.100/- duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. **BID VALIDITY**: **Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Roads) CW,PP&H Department District Sohbat pur Telephone No. **0838603044**, Fax no, 0838603044
Email address: abdulsattarbangulzai89@gmail.com **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

**EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT
SOHBAT PUR**

DPRQ/PRQ No.1361/14-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Government of Pakistan
Pakistan Digital Authority (PDA)
Job Opportunities

The Pakistan Digital Authority (PDA) is an independent and autonomous federal body established to enable the people of Pakistan to become a digital nation by leveraging the transformative power of digital technologies, responsible use of data, innovative service delivery models, and robust digital public infrastructure to accelerate sustainable economic development, improve citizen well-being, and modernize governance frameworks for efficient and effective public service delivery.

PDA will facilitate the creation of a forward-looking digital society, foster a thriving digital economy, and establish a collaborative digital governance ecosystem, with secure, inclusive, and interoperable digital public infrastructure as a key enabler supporting innovation, connectivity, and seamless integration across sectors.

To build its team, PDA seeks exceptional, passionate professionals with vision, integrity, and a proven track record of delivery in technology, policy, operations, and digital transformation to lead national initiatives and help shape Pakistan's digital future.

S #	Job ID	Position
1.	PDA-J0154	Executive Director – Digital Economy
2.	PDA-J0155	Financial Analyst
3.	PDA-J0156	Business Analyst
4.	PDA-J0157	Operations Lead
5.	PDA-J0158	Admin Officer
6.	PDA-J0159	People and Culture Officer
7.	PDA-J0160	Company Secretary

Eligibility & Terms
- Market-competitive salary commensurate with qualifications and experience.
- No TA/DA will be admissible for the interview.
- Government department candidates have to obtain an NOC to apply for the position.
- Detailed JDs are available at https://www.pda.gov.pk/careers

Application Procedure
Interested candidates may apply as follows:
- Email their CV (maximum 4 pages) and cover letter to **jobs@pda.gov.pk**, clearly mentioning the Job ID and position applied for in the subject line.
- No hard copies will be accepted.
- Only shortlisted candidates will be contacted.
- All applications received within 15 days of the publication of the advertisement will be considered. However, the authority reserves the right to continue receiving and evaluating the applications until the position is filled.
- PDA is an equal opportunity employer.

URAAN PAKISTAN

**HR Manager
Pakistan Digital Authority (PDA)
4th Floor, 5-A Constitution Avenue, Sector F-5/1, Islamabad**

PID (I) 2458/26

SPORTS

سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203

پاک بھارت میچ میں اسپورٹس مین شپ نہ دیکھ کر مایوسی ہوئی' چیئر مین پی سی بی

بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے پر محسن نقوی کا ردعمل بھی سامنے آگیا

بھارتی کھلاڑیوں کا ہاتھ نہ ملانا اسپورٹس مین اسپرٹ کے خلاف ہے' ٹیم منیجر نوید اکرم چیمہ

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشیاء کپ 2025ء کے چھٹے میچ کے دوران بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے پر ایشین کرکٹ کونسل کے صدر اور چیئر مین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کا ردعمل بھی سامنے آگیا۔ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاک بھارت میچ میں اسپورٹس مین شپ نہ دیکھ کر مایوسی ہوئی۔انہوں نے کہا کہ کھیل میں سیاست کو گھسیٹنا اس کی اصل روح کے خلاف ہے۔محسن نقوی کا کہنا ہے کہ اُمید ہے آئندہ فتوحات تمام ٹیمیں وقار اور خوش اخلاقی سے منائیں گی۔دوسری جانب پاکستانی ٹیم منیجر نوید اکرم چیمہ نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں کا ہاتھ نہ ملانا اسپورٹس مین اسپرٹ کے خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹاس کے وقت میچ ریفری نے کپتانوں سے ہاتھ نہ ملانے کی درخواست کی۔واضح رہے کہ ٹی 20 ایشیاء کپ 2025ء کے چھٹے میچ کے دوران پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں دوریاں رہیں۔ایونٹ کے اہم ترین میچ کے ٹاس کے وقت بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو نے پاکستانی قائد سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملایا۔میچ کے دوران دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کے درمیان بات چیت کے لمحات بھی نظر نہیں آئے۔میچ کے اختتام پر بھارتی بیٹرز پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ ملائے بغیر ہی ڈریسنگ روم چلے گئے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ابرار احمد ایشیا کپ کے بعد دلہن گھر لائیں گے

ابرار احمد کا نکاح ہو چکا ہے، بس رخصتی باقی ہے، ایشیا کپ کے بعد شادی کی تقاریب کا انعقاد ہوگا، خاندانی ذرائع

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ابھرتے ہوئے سپنر ابرار احمد جلد ہی ازدواجی زندگی کا آغاز کرنے والے ہیں۔خاندانی ذرائع کا کہنا ہے کہ قومی سپنر ایشیا کپ کے بعد دلہن گھر لائیں گے، ابرار احمد کا نکاح ہو چکا ہے، بس رخصتی باقی ہے، ایشیا کپ کے بعد شادی کی تقاریب کا انعقاد ہوگا، اکتوبر کے دوسرے ہفتہ میں ولیمہ کی تقریب رکھیں گے۔ذرائع کے مطابق قومی سپنر ابرار احمد کی اہلیہ والدین کی پسند ہیں اور دونوں خاندانوں کی رضامندی سے رشتہ طے پایا۔یاد رہے کہ ابرار احمد حال ہی میں قومی ٹیم کا حصہ رہ چکے ہیں اور ان کی کارکردگی نے انہیں کرکٹ شائقین میں خاصا مقبول بنا دیا ہے، اب وہ میدان کے ساتھ ساتھ زندگی کے ایک نئے سفر کا آغاز کرنے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆



سلمان علی آغا کا بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے کے بعد میچ کی اختتامی تقریب کا بائیکاٹ

بھارتی پریزنٹر سے بات کرنے سے بھی انکار کر دیا' پاکستانی پریزنٹر ہوتا تو پاکستانی کپتان تقریب میں شریک ہو جاتے، ذرائع

دبئی (سپورٹس نیوز) قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے بھارتی کھلاڑیوں کے نامناسب رویے پر میچ کی اختتامی تقریب کا بائیکاٹ کر دیا۔ذرائع کے مطابق سلمان علی آغا نے میچ کی اختتامی تقریب کا بائیکاٹ کیا اور بھارتی پریزنٹر سے بات کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ذرائع نے انکشاف کیا کہ اگر اختتامی تقریب میں پاکستانی پریزنٹر ہوتا تو پاکستانی کپتان تقریب میں شریک ہو جاتے۔پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے اپنی پریس کانفرنس میں اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ میچ کے بعد ہم تو ہاتھ ملانا چاہ رہے تھے مگر افسوس کی بات ہے کہ بھارتی ٹیم ڈریسنگ روم سے باہر نہیں آئی اسی لیے پھر سلمان علی آغا نے بھی میچ کے بعد اختتامی تقریب کا بائیکاٹ کیا۔اُنہوں نے بھارتی ٹیم کے نامناسب رویے کو کھیلوں کے ضابطے کی خلاف ورزی قرار دیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز پاک بھارت میچ کے اختتام پر بھارتی بیٹرز پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ ملائے بغیر ہی ڈریسنگ روم چلے گئے۔پاکستان کے خلاف بڑی فتح کے باوجود ڈریسنگ روم میں موجود بھارتی کھلاڑی بھی میچ کے اختتام پر گراؤنڈ میں نہیں آئے۔پاکستانی ٹیم مینجمنٹ نے میچ ریفری اور بھارتی ٹیم کے رویے پر باقاعدہ احتجاج بھی ریکارڈ کروا دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

کامن ویلتھ بیچ ہینڈ بال چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان

ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 18 ستمبر کو کھیلا جائے گا

کراچی (این این آئی) کامن ویلتھ بیچ ہینڈ بال چیمپئن شپ کے ڈراز کا اعلان کر دیا گیا، چیمپئن شپ 18 سے 22 ستمبر تک مالدیپ میں ہوگی۔ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ 18 ستمبر کو کھیلا جائے گا جبکہ 19 ستمبر کو پاکستان ٹیم سری لنکا اور مالدیپ سے مقابلہ کرے گی۔20 ستمبر کو پاکستان کا مقابلہ پہلے جنوبی افریقا اور پھر بنگلہ دیش سے ہوگا۔ایونٹ کے سیمی فائنل 21 اور فائنل 22 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔واضح رہے کہ پاکستان ہینڈ بال ٹیم ایونٹ میں شرکت کیلئے مالدیپ پہنچ چکی ہے۔قومی ٹیم نے گزشتہ شب مالدیپ پہنچنے کے بعد آج میزبان ٹیم سے پریکٹس میچ بھی کھیلا۔ایونٹ کے سیمی فائنل 21 اور فائنل 22 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔واضح رہے کہ پاکستان ہینڈ بال ٹیم ایونٹ میں شرکت کیلئے مالدیپ پہنچ چکی ہے۔قومی ٹیم نے گزشتہ شب مالدیپ پہنچنے کے بعد آج میزبان ٹیم سے پریکٹس میچ بھی کھیلا۔

☆☆☆☆☆☆

بھارتی کرکٹر شُمن گِل نے اپنی کامیابی کے پیچھے چھپی ایک دلچسپ اور کٹھن کہانی سنادی

سرکاری کرکٹ اکیڈمی سے نکالے جانے کے بعد والد نے پریکٹس میں مدد کی: شُمن گل کا پوڈ کاسٹ میں انکشاف

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹر شُمن گِل نے اپنی کامیابی کے پیچھے چھپی ایک دلچسپ اور کٹھن کہانی بیان کی ہے۔26 سالہ اوپنر اس وقت بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان ہیں۔انہوں نے اپنے بچپن کا ایک واقعہ شیئر کیا جس میں اُنہوں نے بتایا کہ کس طرح سے اِن کے والد نے اِن کی تربیت کے لیے غیر معمولی قربانیاں دیں۔شُمن گِل نے ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میرے والد اور اکیڈمی کوچ کے درمیان اختلاف کے باعث مجھے اکیڈمی سے نکال دیا گیا تھا۔کرکٹر نے بتایا کہ یہ ایک سرکاری اکیڈمی تھی جہاں کوچ صبح 6 سے 10 اور شام 4 سے 6 بجے تک سیشن لیتے تھے، والد مجھے صبح 3 بجے جگاتے تاکہ کوچ کے آنے سے پہلے پریکٹس کر سکوں۔انہوں نے مزید کہا کہ میں صبح 3 بجے اٹھتا، پھر 3 سے 6 بجے تک پریکٹس کرتا، اس کے بعد اسکول جاتا اور اکثر آدھے دن کی چھٹی لیتا، کوچ کے جانے کے بعد 11 سے 3 بجے تک دوبارہ پریکٹس کرتا اور شام میں بھی کھیلتا، یہ معمول کئی برس تک جاری رہا۔شُمن گِل کا کہنا تھا کہ اگرچہ یہ دور کافی مشکل تھا لیکن میرے والد نے مجھے کبھی ہار نہیں ماننے دی، کبھی بچپن میں صبح جلدی اٹھنا اچھا نہیں لگتا تھا لیکن والد کی جانب سے ملنے والی حوصلہ افزائی اور مسلسل محنت ہی میری اصل طاقت بنی۔واضح رہے کہ شُمن گِل نے حال ہی میں انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شاندار کارکردگی دکھا کر اپنی ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں بھی واپسی کی تھی جہاں اب اِنہیں نائب کپتان کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

رونالڈو نے ایک سال کی کمائی میں میسی کو پیچھے چھوڑ دیا

گزشتہ برس 192 اعشاریہ 40 ملین پاؤنڈ، یعنی سوا 72 ارب پاکستانی روپے کمائے جو میسی کی کمائی سے تقریباً دوگنا زیادہ ہے

لندن (سپورٹس نیوز) پرتگال سے تعلق رکھنے والے اسٹار فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو نے 2024ء میں لیونل میسی کو دولت کمانے میں بہت پیچھے چھوڑ دیا۔برطانوی جریدے کی رپورٹ کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو دنیا میں ایک سال کے دوران سب سے زیادہ دولت کمانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔انہوں نے گزشتہ برس 192 اعشاریہ 40 ملین پاؤنڈ، یعنی سوا 72 ارب پاکستانی روپے کمائے جو لیونل میسی کی کمائی تقریباً دوگنا زیادہ ہے۔سعودی عرب کی کھیلوں کے شعبے میں بھاری سرمایہ کاری نے کئی کھلاڑیوں کی کمائی اور دولت میں بڑا اضافہ کر دیا ہے۔گزشتہ روز رونالڈو نے ورلڈ کپ کوالیفائر میں شاندار پرفارمنس دکھائی تھی اور عالمی ریکارڈ برابر کیا تھا لیکن اب کی بار انہوں نے دنیا کو اپنی کمائی سے حیران کر دیا ہے۔اگر اُن کی ایک سال کی کمائی کو روزانہ کی آمدن میں تقسیم کیا جائے تو وہ تقریباً 5 لاکھ پاؤنڈ بنتی ہے، جو کسی بھی کھلاڑی کی کمائی سے بہت زیادہ ہے۔فہرست میں کرسٹیانو رونالڈو پہلے، گالفر جون راہم دوسرے اور لیونل میسی تیسرے نمبر پر ہیں، ان کی کمائی میں تنخواہ اور اشتہارات کی آمدن شامل ہے۔

بھارتیوں سے ہاتھ ملانے گئے تو کیا ہوا؟ پاکستان کے ہیڈ کوچ نے سارا قصہ سنا دیا

ظاہر ہے، ہم کھیل کے اختتام پر مصافحے کے لیے تیار تھے، ہمیں مایوسی ہوئی کہ ہماری اپوزیشن نے ایسا نہیں کیا، مائیک ہیسن

دبئی (سپورٹس نیوز) پاکستان وائٹ بال کے ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے ایشیا کپ کے پاک بھارت میچ میں بھارتی ٹیم کی جانب سے پاکستانی کھلاڑیوں سے ہاتھ نہ ملانے پر مایوسی کا اظہار کیا۔میچ کے بعد پریس کانفرنس میں بات کرتے ہوئے مائیک ہیسن نے کہا کہ پاکستان کے کھلاڑی روایتی مصافحہ کے ذریعے کھیل کے جذبے کو برقرار رکھنے کے لیے تیار تھے لیکن ان کے مخالفین (بھارتی ٹیم) نے ہاتھ نہیں ملایا۔انہوں نے کہا ظاہر ہے، ہم کھیل کے اختتام پر مصافحے کے لیے تیار تھے، ہمیں مایوسی ہوئی کہ ہماری اپوزیشن نے ایسا نہیں کیا، ہم ہاتھ ملانے کے لیے وہاں گئے لیکن وہ (بھارتی کھلاڑی) پہلے ہی ڈریسنگ روم کی طرف جا رہے تھے۔مائیک ہیسن کا کہنا تھا کہ کھیل ختم ہونے کا یہ ایک افسوسناک طریقہ تھا، ہم اپنے کھیل سے مطمئن نہیں تھے، اس کے باوجود ہمیں ہاتھ ملانے میں کوئی مسئلہ نہیں تھا۔اس کے علاوہ جب پاکستانی کپتان سلمان علی آغا اور کوچ مائیک ہیسن بھارتی کیمپ تک پہنچے مگر کوئی بھارتی کھلاڑی باہر نہ آیا۔ہیڈ کوچ نے پاکستان کے کپتان سلمان علی آغا کی میچ کے بعد کی پریزنٹیشن سے غیر حاضری پر بھی بات کی اور اسے ہاتھ نہ ملانے کے تنازع سے جوڑا۔انہوں نے بتایا کہ ظاہر ہے وہ کیفیت ایسی تھی کہ مایوس کن جذبات تھے، اس وقت ایسی صورتحال ہو گئی تھی، ہم ہاتھ ملانے کے لیے تیار تھے لیکن بھارتی ٹیم نے ایسا نہیں کیا۔خیال رہے کہ کرکٹ کی پرانی روایت ہے کہ میچ کے بعد دونوں ٹیموں کے کھلاڑی ایک دوسرے سے ہاتھ ملاتے ہیں اور ٹاس کے بعد کپتان مصافحہ ضرور کرتے ہیں۔مگر بھارتی ٹیم اس بار کھیل کی اس بنیادی روایت کو بھی بھلا بیٹھی۔واضح رہے کہ ایشیا کپ کے میچ میں بھارت نے پاکستان کو 7 وکٹوں سے شکست دی۔

SHOWBIZ

شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203

سارہ عمیر نے شوہر سے طلاق کی تصدیق کر دی

میں اور میرے سابق شوہر ایک ہی فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے اکثر سامنا ہو جاتا ہے

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی ٹیلی ویژن کی نامور اداکارہ سارہ عمیر نے طلاق کی تصدیق کرتے ہوئے خاموشی توڑ دی۔سارہ عمیر نے کم عمری میں ڈرامہ انڈسٹری میں قدم رکھا اور ان کا پہلا ڈرامہ 2008 میں پی ٹی وی پر نشر ہوا، انہوں نے کئی مقبول ڈراموں میں شاندار اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں، اس کے علاوہ سارہ نے نجی ٹی وی کے مقبول ریئلٹی شو دیسی کڑیاں کا بھی ٹائٹل اپنے نام کیا۔سارہ عمیر نے 2014 میں مشہور ہدایتکار محسن طلعت سے شادی کے بعد شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ دیا تھا تاہم حال ہی میں وہ تماشا سیزن 4 سے باہر ہونے کے بعد ایک شو میں جلوہ گر ہوئیں جہاں انہوں نے اپنی طلاق کی خبر سب کے سامنے رکھی۔سارہ عمیر نے کہا کہ میں نے تماشا میں حصہ اس لیے لیا کہ مجھے ایک بریک کی ضرورت تھی، میں اور میرے سابق شوہر ایک ہی فیلڈ سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے اکثر سامنا ہو جاتا ہے، میں سمجھتی ہوں اب سب کو بتا دینا چاہیے کہ میری طلاق ہو چکی ہے، جو کہ تماشا میں آنے سے چند ماہ پہلے ہوئی، میں ذہنی دباؤ میں تھی اور مجھے بطور سنگل پیرنٹ کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے مزید کہا کہ تماشا نے مجھے سکون دیا، وہاں نہ کوئی فون تھا، نہ باہر کی دنیا سے تعلق، نہ ہی ملاقاتیں، میں ہمیشہ چاہتی تھی کہ کچھ وقت ایسے مقام پر گزاروں جہاں سگنلز ہی نہ ہوں اور اللہ نے مجھے یہ موقع دیا، جب میں نے شو کا پرومو ریکارڈ کیا تو یہی کہا تھا کہ میں اپنی زندگی میں اتنی مشکلات دیکھ چکی ہوں کہ تماشا میرے لیے بس کھیل ہی ہوگا، وہاں جب لوگوں کو لڑتے دیکھتی تھی تو سب کچھ بچکانہ سا لگتا تھا۔

سیلاب متاثرین کے لیے معروف گلوکار علی ظفر نے بڑا اعلان کر دیا

کنسرٹ 27 ستمبر کو لاہور الحمرا کلچرل کمپلیکس میں منعقد کیا جا رہا ہے

لاہور (شوبز نیوز) خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور پنجاب میں سیلاب نے تباہی مچا دی ہے، اس آفت کی وجہ سے ایک ہزار سے زائد افراد جاں بحق ہوئے، لاکھوں افراد متاثر ہوئے، جبکہ ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں بھی تباہ ہوئیں۔نامور گلوکار علی ظفر نے ان سیلاب متاثرین کے لیے خصوصی فنڈ ریزنگ کنسرٹ کرنے کا اعلان کر دیا جو 27 ستمبر کو الحمرا میں ہوگا۔کنسرٹ میں علی ظفر کے ساتھ دیگر ممتاز گلوکار بھی آواز کا جادو جگائیں گے، کنسرٹ سے حاصل رقم سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کے لیے لگائی جائے گی معروف گلوکار، نغمہ نگار اور صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی حاصل کرنے والے گلوکار علی ظفر نے اپنے کیریئر کے ایک ایسے خصوصی کنسرٹ کا اعلان کیا ہے جس کا مقصد ملک بھر میں حالیہ تباہ کن سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کے لیے فنڈ ریزنگ کرنا ہے۔کنسرٹ 27 ستمبر کو لاہور الحمرا کلچرل کمپلیکس میں منعقد کیا جا رہا ہے۔فنڈ ریزنگ کنسرٹ میں علی ظفر کی پرفارمنس کے ساتھ ساتھ دیگر معروف فنکاروں کی سرپرائز شمولیت بھی متوقع ہے، جن کے ناموں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔کنسرٹ سے حاصل ہونے والی تمام آمدنی علی ظفر فاؤنڈیشن کے ذریعے متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور امداد پر خرچ کی جائے گی، جنہوں نے اس آفت میں اپنے گھر اور روزگار کھو دیے ہیں۔میوزک کنسرٹ کے حوالے سے گلوکار علی ظفر کا کہنا ہے کہ کنسرٹ صرف موسیقی نہیں بلکہ ایک آواز ہے، آئیں ہم سب مل کر ان لوگوں کے لیے امید کا چراغ بنیں جو آج بھی مدد کے منتظر ہیں، ان کے ساتھ کھڑے ہوں جنہیں ہماری سب سے زیادہ ضرورت ہے۔





علیزے اور حمزہ کے ریسیپشن کی تقریب نے ناظرین کا دل جیت لیا

ڈرامے ''مہرہ'' کی 31 ویں قسط میں لائبہ خان کے پہنے گئے پنک لہنگے کی قیمت 3 لاکھ 35 ہزار پاکستانی روپے ہے

کراچی (شوبز نیوز) ناظرین کے انٹرٹینمنٹ کے ذوق کی تسکین کیلئے جیو ٹی وی پر دکھائے جانے والے ڈرامے مہرہ کی کہانی کو بے حد پسند کیا جا رہا ہے۔ڈرامے کی ایک ایک قسط یوٹیوب پر کئی کئی ملین ویوز حاصل کر رہی ہے اور دوسری جانب سوشل میڈیا پر بھی ڈرامے کے کلپس خاصے وائرل ہیں۔حال ہی میں دیکھی گئی قسط میں لائبہ خان اور میکائیل ذوالفقار (علیزے اور حمزہ) کے ریسیپشن کی تقریب نے ناظرین کا دل جیت لیا۔سوشل میڈیا پر جہاں ہر طرف اس قسط کے چرچے ہیں وہیں لائبہ خان کے ڈرامے میں ریسیپشن کی تقریب میں پہنے گئے پنک لہنگے کو بھی خاصا پسند کیا جا رہا ہے۔جیو کے ڈرامے مہرہ کی 31 ویں قسط میں لائبہ خان کا پہنا گیا پنک لہنگا Epoque برانڈ کا ہے۔برانڈ کے ویب سائٹ پر اس لہنگے کی قیمت 3 لاکھ 35 ہزار پاکستانی روپے درج ہے۔

☆☆☆☆☆☆

عامر خان نے اپنی فلم ''لال سنگھ چڈھا'' کے ناکام ہونے کی وجہ بتا دی

ممبئی (شوبز نیوز) سپر اسٹار عامر خان نے اپنی فلم ''لال سنگھ چڈھا'' کے ناکام ہونے کی اصل وجہ بتا دی۔بھارتی میڈیا کے مطابق مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان دو دہائیوں تک بلاک بسٹر فلم دیتے رہے جس کے بعد 2018 میں بننے والی فلم ٹھگز آف ہندوستان اور 2022 میں ریلیز ہونے والی فلم ''لال سنگھ چڈھا'' بری طرح ناکام ہوئیں۔حال ہی میں یوٹیوب چینل کو دیے گئے انٹرویو میں اداکار نے ''لال سنگھ چڈھا'' کے ناکام ہونے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ میں اس فلم کو لے کر تھوڑا زیادہ پراعتماد ہو گیا تھا کیونکہ میں نے بیک ٹو بیک ہٹ فلمیں دی تھیں۔انہوں نے انکشاف کیا کہ وہ عام طور پر ہر پروڈکشن کا جائزہ ''اکنامک فلٹر'' کے ذریعے کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ فلم ریکارڈ توڑنے کے باوجود مالی نقصان سے دوچار نہ ہو لیکن لال سنگھ چڈھا کے ساتھ اس فلٹر کو نظر انداز کیا گیا تھا۔واضح رہے عامر خان کی فلم ستارے زمین پر رواں سال جون کے مہینے میں ریلیز ہوئی۔عامر خان کی تازہ ترین فلم ستارے زمین پر ایک کامیاب فلم کے طور پر ابھری، جس نے دنیا بھر میں تقریبا 266 کروڑ بھارتی روپے کمائے۔

☆☆☆☆☆☆

اردو کی ممتاز افسانہ نگار، مصنفہ ہاجرہ مسرور کو مداحوں سے بچھڑے 13 برس بیت گئے

ہاجرہ مسرور نے 15 ستمبر 2012 کو کراچی میں وفات پائی، ان کے قلم کی تاثیر ادبی حلقوں میں آج بھی اپنا مقام رکھتی ہے

کراچی (شوبز نیوز) اردو کی ممتاز افسانہ نگار اور مصنفہ ہاجرہ مسرور کو مداحوں سے بچھڑے 13 برس بیت گئے۔ہاجرہ مسرور 17 جنوری 1930 کو بھارت کے شہر لکھنؤ میں پیدا ہوئیں، ہاجرہ کو بچپن سے ہی کہانیاں لکھنے کا شوق تھا، چھوٹی عمر میں ہی اپنے خاندان کے ساتھ پاکستان منتقل ہو گئیں، پاکستان میں ہاجرہ نے بطور کہانی نویس اور افسانہ نگار اپنے سفر کا آغاز کیا۔ان کی کہانیوں کو ادبی حلقوں میں خوب پذیرائی ملی، ہاجرہ مسرور نے معروف ادیب احمد ندیم قاسمی کے ساتھ مل کر ادبی جریدہ نقوش کی اشاعت شروع کی، ان کے افسانوں اور مختصر کہانیوں کے سات مجموعے شائع ہوئے جن میں چاند کے دوسری طرف، تیسری منزل، اندھیرے اجالے، چوری چھپے، ہائے اللہ، چرکے اور وہ لوگ شامل ہیں۔ہاجرہ مسرور نے ڈرامے اور متعدد فلموں کے لئے سکرپٹ بھی لکھے، انہیں پاکستانی فلمی صنعت کا سب سے بڑا اعزاز نگار ایوارڈ کے علاوہ دیگر متعدد اعزازات سے نوازا گیا، حکومتِ پاکستان نے ادب کے شعبے میں ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے 1995 میں صدارتی تمغہ برائے حسنِ کارکردگی عطا کیا۔ہاجرہ مسرور نے 15 ستمبر 2012 کو کراچی میں وفات پائی، ان کے قلم کی تاثیر ادبی حلقوں میں آج بھی اپنا مقام رکھتی ہے۔

امریکی اداکارہ شارلیز تھیرون کی گاڑی چوری ہو گئی

لاس اینجلس (شوبز نیوز) جنوبی افریقی نژاد ہالی ووڈ امریکی اداکارہ شارلیز تھیرون کی گاڑی چوری ہو گئی۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق 50 سالہ اداکارہ کی گاڑی امریکی شہر لاس اینجلس میں ان کے گھر سے چوری ہوئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق چور آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ کے گھر کے احاطے میں داخل ہوا تھا۔گاڑی کی ریموٹ کنٹرول چابی گاڑی کے اندر ہی موجود تھی۔امریکی میڈیا کے مطابق بعد ازاں پولیس نے گاڑی ڈھونڈ کر تحویل میں لے لی تاہم ملزم کو گرفتار نہیں کیا جا سکا، ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں اور مزید تفتیش جاری ہے۔

☆☆☆☆

ویب سیریز میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا، تمنا بھاٹیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ تمنا بھاٹیا نے کہا ہے کہ ویب سیریز میں کام کرنے کا تجربہ شاندار رہا۔بھارتی میڈیا کے مطابق 35 سالہ تمنا بھاٹیا نے کہا ہے کہ ان کی ویب سیریز ڈو یو وانا پارٹنر کو عوام میں شاندار پذیرائی مل رہی ہے۔اپنی ویب سیریز کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ ویب سیریز کی تیاری میں 2 ڈائریکٹرز حصہ لے رہے ہیں اور دونوں بہت شاندار کام کر رہے ہیں۔ویب سیریز میں اپنے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے تمنا نے بتایا کہ میرا کردار بہت جاندار ہے، یہ ایک ایسی پروفیشنل خاتون کا رول ہے جو اپنے کام سے بہت شدید لگاؤ رکھتی ہے مگر جذباتی بھی ہے۔

شلپا شیٹی کے شوہر نے 72 ملین ڈالر کے فراڈ کے الزامات پر خاموشی توڑ دی

شلپا شیٹی اور راج کندرا پر یہ الزامات 60 سالہ بزنس مین دیپک کوٹھاری کی جانب سے لگائے گئے ہیں

ممبئی (این این آئی) شلپا شیٹی کے شوہر راج کندرا نے 72 ملین ڈالر کے فراڈ کے الزامات پر ردِعمل دے دیا۔بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بھارتی بزنس مین راج کندرا نے اپنے خلاف دائر 6.04 ارب روپے (تقریبا 72 ملین ڈالر) کے مبینہ فراڈ کے الزامات کی تردید کر دی ہے۔نئی دہلی میں اپنی پنجابی فلم مہر کے پروموشن کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راج کندرا نے کہا کہ انہوں نے کوئی غلط کام نہیں کیا اور سچ جلد سامنے آ جائے گا۔کندرا کا کہنا تھا کہ ہم نے اب تک کچھ نہیں کہا کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم بے قصور ہیں، جلد سچ سامنے آ جائے گا۔یاد رہے کہ شلپا شیٹی اور راج کندرا پر یہ الزامات 60 سالہ بزنس مین دیپک کوٹھاری کی جانب سے لگائے گئے ہیں، دیپک نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں ایک سرمایہ کاری کے معاہدے میں جو کہ 2015 سے 2023 کے دوران کیا گیا تھا راج کندرا اور شلپا شیٹی نے دھوکہ دیا۔دیپک کے مطابق انہیں 2015 میں بیسٹ ڈیل ٹی وی پرائیویٹ لمیٹڈ، جس کے شریک مالکان کندرا اور شیٹی تھے، کو 12 فیصد سالانہ منافع پر 7.5 ارب بھارتی روپے قرض دینے کے لیے راضی کیا گیا تھا۔اس دوران انہوں نے مجموعی طور پر 6.04 ارب بھارتی روپے راج کندرا کو منتقل کیے لیکن بعد میں یہ معاہدہ ایک سرمایہ کاری میں تبدیل کر دیا گیا۔دیپک کا کہنا ہے کہ شلپا شیٹی نے اپریل 2016 میں اس معاہدے کیلئے ذاتی ضمانت دی تھی لیکن ستمبر 2016 میں اداکارہ نے کمپنی ڈائریکٹر کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔دیپک نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ اس وقت کمپنی پر دیوالیہ ہونے کے مقدمات بھی چل رہے تھے، جو مبینہ طور پر ان سے چھپائے گئے۔

☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 1

پشین کے علاقے سرانان میں سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فائرنگ کے تبادلے میں 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کردیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران 4 اہلکار زخمی بھی ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ نمبر 2

ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے کمانڈر سمیت 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور پوری قوم اس جنگ میں اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 3

پلس 48 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں امریکا کے لیے پاکستانی برآمدات 1 ارب 17 کروڑ ڈالرز رہیں، اسی دوران امریکا سے پاکستان نے 69 کروڑ ڈالرز کی درآمدات کیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا امریکا کے ساتھ 2 ماہ جولائی اور اگست 2026 میں تجارتی سرپلس 48 کروڑ ڈالرز پر پہنچ گیا، یوں امریکا کا پاکستان کے ساتھ تجارتی خسارہ کروڑوں ڈالرز رہا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی امریکا کے لیے گزشتہ 2 ماہ میں برآمدات میں 10 اعشاریہ 46 فیصد اضافہ ہوا، جولائی، اگست 2026 میں امریکا سے پاکستان کی درآمدات میں 144 فیصد اضافہ ہوا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کا مالی سال 2025-26 میں امریکا کے ساتھ تجارتی سرپلس 2 ارب 59 کروڑ ڈالرز تھا، پاکستان کی امریکا کے لیے برآمدات 5 ارب 91 کروڑ ڈالرز تھیں۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان نے امریکا سے 3 ارب 32 کروڑ ڈالرز کی درآمدات کی تھیں۔

بقیہ نمبر 4

تنظیم (ایس سی او) کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی کونسل کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں ایران کے خلاف نئے فوجی حملوں کی مذمت کی گئی اور ایران کے معاملے پر ایس سی او کی جانب سے پہلے سے ظاہر کیے گئے موقف کی توثیق کی گئی۔ کونسل نے ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی المناک موت پر تعزیت کا اظہار کیا، ایران کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ سے متعلق اپنے موقف کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں انڈیا، بیلاروس، ایران، قازقستان، چین، کرغزستان، پاکستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے متعلقہ اداروں کے وفود نے شرکت کی۔ اجلاس میں خطے کی سلامتی سے متعلق بین الاقوامی ایجنڈے کے موجودہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، کونسل نے کشیدگی میں کمی، امن کے قیام اور خطے میں استحکام کو یقینی بنانے کی کوششوں کی حمایت بھی کی۔

بقیہ نمبر 5

بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جمہوریت کے عالمی دن پر جاری پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔ یہ دن جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کا فروغ، عوامی رائے کا احترام، انسانی وقار کا تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جمہوری نظام حکومت میں اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے عوامی بہبود کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان ریاست اور شہریوں کے مابین تعلق کو قانونی شکل میں بیان کرتا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 25 ہر شہری کے مساوی حقوق اور قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ قومی سطح پر آئین پاکستان، وفاق کی تمام اکائیوں، قومی اداروں کے باوقار مقام اور نظم و نسق کو متعین کرتا ہے، پاکستان کا وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار دیتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عصر حاضر کے بدلتے تقاضوں کی پیش نظر عوامی امنگوں اور عوامی ضروریات کے مطابق قوانین وضع کرنا پارلیمنٹ کے فرائض میں شامل ہے، موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئین پاکستان قومی زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے واضح عزم کا اظہار کرتا ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستیں خواتین کی موثر نمائندگی کے لئے مقرر کی گئی ہیں، ریاست اقلیتوں کے حقوق و فرائض اور مفادات کے تحفظ کی پابند ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں غیر مسلم اقلیتوں کے لیے بھی مخصوص نشستیں رکھی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے اور جمہوری اصولوں کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے متعین کردہ پائیدار ترقی کے اہداف بشمول جمہوریت کا فروغ، امن و انصاف اور مضبوط اداروں کے قیام کے لیے پاکستان مربوط کاوشیں کر رہا ہے، آیئے آج کے دن عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے

بقیہ نمبر 6

صل کی ہے۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور موثر کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ دہشت گرد عناصر کے خلاف ایسی کارروائیاں اس عزم کا اظہار ہیں کہ ریاست امن دشمن قوتوں کو بلوچستان میں اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ امن کے قیام کے لیے سکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں اور حکومت ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے، دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک ریاست کا عزم برقرار رہے گا اور امن دشمن عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

بقیہ نمبر 7

تکنیکی معاونت اور ہندوستان پیسہ دے رہا ہے، دہشتگردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، اربوں روپے ہڑپ کرنے والا شخص تھوڑی سی مشکل پر رونا دھونا کررہا ہے، ہم نے بھی کسی جرم کے بغیر ڈیتھ سیل میں وقت گزارا لیکن اف تک نہیں کی۔ وہ پیر کو پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی میں تزئین و آرائش شدہ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے خطبہ استقبالیہ میں یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش، سپورٹس سہولیات، جیم اور دیگر شعبوں کی اپ گریڈیشن پر وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد حنیف عباسی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد وزیر اعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ راولپنڈی کے کڈنی ہسپتال میں 2 کامیاب لیور ٹرانسپلانٹ ہوچکے ہیں، پہلے لوگ چین اور ہندوستان میں ٹرانسپلانٹ کے لئے جاتے تھے، اب نہیں جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں 300, 300 بیڈ کے دو ہسپتال مکمل ہو چکے ہیں، 400 بیڈ کا چلڈرن ہسپتال جون 2027 سے قبل مکمل ہو جائے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے وژن کے عین مطابق راولپنڈی میں سٹیٹ آف دی آرٹ منصوبے مکمل کیے ہیں، کام کے معیار پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، کوئی میرے تعمیراتی کام پر انگلی نہیں اٹھا سکتا، ماضی میں حکومت پاکستان کے پیسوں سے منصوبے مکمل کر کے اپنے نام لکھوائے گئے، ہم نے یہ رویت تبدیل کردی اور کالجوں، یونیورسٹیوں میں آڈیٹوریم، نئے بلاکس کو قومی ہیروز کے نام سے منسوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تاقیامت زندہ تابندہ رہے گا ہم سب کو قومیت سے پہلے پاکستانی ہونے کے نعرے پر یکجا ہونا پڑیگا، دہشت گردوں کا سہولت کار بننے والے بھی پاکستانی ہی ہوتے ہیں انھیں سوچنا چاہیے کہ پاکستان ہمارا اپنا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اور بلوچستان میں جو کھیل کھیلا جارہا ہے ہمارے ادارے اس سے آگاہ ہیں، دوٹوک انداز میں بتادینا چاہتے ہیں کہ پاکستان کو نقصان پہنچانے والے ناکام ہوں گے، پاکستان کو شام، لیبیا یا عراق نہیں بننے دیں گے۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر ریلوے نے آڈیٹوریم کی تعمیر میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والے حکام میں سوونیئر تقسیم کیے۔

بقیہ نمبر 8

جائے، 70 فیصد عوام عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، بانی پی ٹی کے ساتھ دہشت گردوں جیسا سلوک جمہوری سوچ نہیں، عوام کے مینڈیٹ کو نظرانداز کرنا ملک کے لیے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ پرامن رہنے کی یقین دہانی کرائی ہے اور اب بھی کہتے ہیں کہ انصاف مارچ پرامن ہوگا، عوام سے اپیل ہے اپنے حقوق کے لیے پی ٹی آئی کے ساتھ نکلیں گے کیونکہ عمران خان کو سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ سے انصاف نہیں ملا، پارلیمنٹ سے بھی انصاف نہیں ملا، اب عوام ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج بھی ہمارا مطالبہ صرف انصاف ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے پر سب سے زیادہ تشویش ہے، مختلف لوگ ملاقات کا دعویٰ کررہے ہیں لیکن خان صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی، انصاف مارچ آگے بڑھائیں گے، تمام سیاسی معاملات کو ساتھ دیکھیں گے، اللہ نہ کرے انصاف مارچ کے دوران کوئی گولی چلے، کارکنوں کو ہدایت ہے کہ ہمیں دہشت گردوں سے نہ جوڑا جائے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کو مارچ کا اعلان کیا، پی ٹی آئی ملک کی بڑی جماعت ہے اسے سانس لینے کی اجازت نہیں، پنجاب میں کریک ڈاؤن ہورہا ہے ہر طرف فاشزم ہورہا ہے یہ زیادتی ہے، جو فاشزم ہورہا ہے قابل مذمت ہے، ہمارے حکمرانوں نے احتجاجیوں پر گولیاں ماریں، لوگوں نے احتجاج کیا آپ نے ان کے سروں پر گولیاں ماریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک معاشی سیاسی امن وامان کے بحرانوں میں گھرا ہوا ہے، ملک اقتصادی دیوالیہ ہونے کی طرف جارہا ہے، جو آپ کی ہاں میں ہاں ملادے وہ ٹھیک ہے، بڑا سے بڑا مجرم کیوں نہ ہو جو آپ کے ساتھ ہو وہ ٹھیک ہوجاتا ہے، جہاں احتجاج مر جاتا ہے وہ معاشرے مرجاتے ہیں، صوبوں کی تقسیم کے نام پر نفرتیں پھیلائی جارہی ہیں، لوگوں کے دلوں میں نفرتیں پھیلائی جارہی ہیں۔ علامہ راجا ناصر عباس نے کہا کہ ملک آئین اور رول آف لا کے ذریعے بچ سکتا ہے، طاقت سے کام نہیں چل سکتا، آئین وقانون کے مطابق ملک بچ سکتا ہے، ملک کی فیڈریشن وجود اور سالمیت کو خطرہ ہے، 27 ستمبر کو عوام کیلئے باہر نکل رہے ہیں، پارلیمان معذور اور غیر متعلقہ ہوچکی ہے، تمام ملکی مسائل کیلئے احتجاج کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں سے بنیادی حقوق کے خلاف فیصلے لیے جارہے ہیں، ایسے فیصلوں سے جمہوریت کو فائدہ نہیں ملتا

بقیہ نمبر 9

دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنایا جائے اور باہمی تعاون کو مزید بڑھایا جائے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے لبنان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ لبنانی وزیر نے علاقائی امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کاوشوں کو سراہا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا۔

بقیہ نمبر 10

سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ دکاندار، کاروباری حضرات اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد بھی مشکلات کا شکار ہیں، اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے علاوہ غیر اعلانیہ بجلی کی بندش نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے، دوسری جانب حب شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام بھی بدحالی کا منظر پیش کرنے لگا، مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر، نالیوں کی صفائی نہ ہونے اور گندگی کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، گندگی اور کھڑے پانی کے باعث مچھروں کی افزائش میں بھی اضافہ ہورہا ہے، شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث ملیریا، ڈینگی اور دیگر مچھروں سے پھیلنے والے موذی امراض کے خطرات بڑھ رہے ہیں، شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے بروقت اسپرے نہ کیا گیا تو صورتحال مزید خراب ہوسکتی ہے، عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، میونسپل کارپوریشن اور محکمہ صحت کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حب شہر میں صفائی کے نظام کو فوری طور پر بہتر بنایا جائے، کچرے کے ڈھیروں کا خاتمہ، نالیوں کی صفائی اور مچھر مار اسپرے کا مؤثر و ہنگامی انتظام کیا جائے، جبکہ بجلی کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسئلے کے حل کے لیے بھی متعلقہ حکام فوری اقدامات اٹھائیں تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہوسکے۔

بقیہ نمبر 11

کے مطابق پاک آئی ڈی درخواست پر انفلوئنزا ویکسین کی فیس 1720 روپے جبکہ گردن توڑ بخار کی ویکسین کی فیس 2785 روپے ہے، اس طرح دونوں ویکسینز کی مجموعی فیس 4505 روپے بنتی ہے۔ ذرائع نے کہا کہ سہولت سینٹر پر سروس چارجز کی مد میں 150 روپے وصول کیے جانے چاہئیں، تاہم بیشتر مراکز پر عمرہ زائرین سے مجموعی طور پر 6 سے 7 ہزار روپے تک وصول کیے جارہے ہیں۔ عمرہ زائرین کے مطابق بیشتر افراد جدید موبائل فون اور پاک آئی ڈی درخواست کے طریقہ کار سے واقف نہیں، جس کے باعث انہیں سہولت سینٹرز پر اضافی رقم ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نادرا سہولت سینٹرز پر ویکسی نیشن فیس اور سروس چارجز کی واضح تفصیلات آویزاں کی جائیں اور مقررہ فیس سے زائد رقم وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 12

ہے۔ بائیک رائیڈرز نے کہا کہ پٹرول کی قیمت میں اضافے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ گئے ہیں، جس کے نتیجے میں محدود آمدن میں گھر کا بجٹ چلانا دشوار ہوگیا ہے۔ 55 سالہ بائیک رائیڈر اسماعیل نے بتایا کہ وہ سرکاری اسکول میں نائب قاصد ہیں اور چار بچوں کے اخراجات پورے کرنے کے لیے بائیک بھی چلاتے ہیں، تاہم پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے باعث سفید پوش طبقے کے لیے گزارا مشکل ہوگیا ہے، سرکاری اسپتالوں میں ادویات کی دستیابی کا مسئلہ ہے جبکہ پرائس کنٹرول فہرست پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث اشیائے خورونوش بھی عوام کی قوت خرید سے باہر ہوتی جارہی ہیں

بقیہ نمبر 13

گیا ہے، بڑی تعداد میں مریضوں کی آمد کے باوجود ہسپتالوں میں طبی عملے اور دیگر ضروری سہولیات کی کمی کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ دوسری جانب متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور محکمہ صحت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، اہلِ علاقہ کے مطابق بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے اور متاثرہ افراد کو بروقت علاج کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ اہلِ علاقہ نے مطالبہ کیا کہ چکن گونیا کے بڑھتے ہوئے کیسز کے پیش نظر فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کی جائے، ہسپتالوں میں وافر مقدار میں ادویات، اضافی طبی عملہ اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔ چکن گونیا ایک ایسی وائرل بیماری ہے جو خاص قسم کے مچھر کے ذریعے انسانوں میں منتقل ہوتی ہے لیکن یہ ایک سے دوسرے فرد میں منتقل نہیں ہوسکتی، یہ بیماری یورپی ممالک میں زیادہ اثر انداز ہورہی ہے۔ اب تک اسے دنیا کے 60 سے زیادہ ممالک میں دریافت کیا جاچکا ہے، چکن گونیا سے متاثرہ مریضوں کی ہلاکت کا امکان نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے مگر اس کی علامات کی شدت زیادہ ہوسکتی ہے جبکہ طویل المعیاد بنیادوں پر مختلف منفی اثرات کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔ اس بیماری کی علامات میں بخار، جوڑوں میں تکلیف، سردرد، پٹھوں میں درد، خارش اور جوڑوں کے اردگرد سوجن وغیرہ شامل ہیں۔ خسرہ جیسے دانے، قے اور متلی بھی اس کی ایسی علامات ہیں جن کا سامنا کم افراد کو ہوتا ہے۔ چکن گونیا کی تشخیص صرف خون کے ٹیسٹ ہی ممکن ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 14

میٹنگ کرتے ہوئے اریگیشن حب کے ذمہ دار افسران، اسسٹنٹ کمشنر حب اور ایم ڈی لیڈا سے میٹنگ کی اور احکامات جاری کیئے کہ حب ڈیم سے کینال تک انڈسٹریل زون، حب شہر اور زرعی ایریاز کو 24 گھنٹے پانی کی فراہمی کے لیئے جوائنٹ کمیٹی کی میٹنگ طلب کی جائے اور اس میٹنگ کے توسط سے بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر حب کی صنعتی، زرعی اور شہری ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے شفارشات مرتب کیئے جائیں کمشنر لسبیلہ کو اریگیشن حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ حب ڈیم سے بلوچستان کو پانی کی شیئرنگ 140 کیوسک پانی فراہمی کا معاہدہ کیا گیا ہے لیکن پروجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم ہمیں صرف 105 کیوسک پانی دے رہا ہے جس کی وجہ سے پانی کا یہ بحران پیدا ہوا ہے اس موقع پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اریگیشن حکام کو ہدایت کی کہ بلوچستان کے واٹر شیئرنگ کے حوالے سے جو لیٹر واپڈا حکام پروجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم کو لکھا ہے اس کی تفصیلات اور اس پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجوحات سے ہمیں آگاہ کریں کمشنر نے کہا کہ دفعہ 144 کے نافذ کے باوجود ٹینکر مافیا کے خلاف فوری طور پر کریک ڈاؤن کیا جائے انہوں نے موقع پر موجود اسسٹنٹ کمشنر کو ہدایت جاری کی کہ وہ اریگیشن حکام کی معیت میں کینال سے پانی چوری اور غیر قانونی پانی کی کراچی ترسیل کے خلاف مقدمات کی مانٹرنگ کریں اور روزانہ کی بنیاد پر ہمیں کارروائی سے آگاہ کیا جائے

بقیہ نمبر 15

کے حادثہ میں شہید ہونیوالے ماہیگیروں کے خاندانوں سے ملاقات کی رہنماؤں نے شہید ماہی گیروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے ایصالِ ثواب اور بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی کی، جبکہ سوگوار خاندانوں کے لیے صبر و استقامت کی دعا بھی کی اس موقع پر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ کشتی حادثہ انتہائی افسوسناک اور دلخراش سانحہ ہے، جس سے ماہی گیروں کے خاندانوں کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے انہوں نے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہونے کا اظہار کیا اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 16

ل کے خلاف ایم کیو ایم پاکستان سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہے گی، سندھ حکومت یہ بھول جائے کہ وہ شہری سندھ کو کسی وڈیرے کی اوطاق بنا سکتی ہے۔ ایم کیو ایم رہنماؤں نے کہا کہ شہید بے نظیر بھٹو کو چہرہ دکھانے کے دعویدار آج اپنے ہی حلقوں کے زندہ عوام کو منہ دکھانے کے قابل نہیں۔ پیپلز پارٹی اپنے مبینہ غیر قانونی تسلط اور قبضے کو طول دینے کیلئے قانون کو گھر کی باندی بنا رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پیپلز پارٹی کے طرز حکمرانی نے صوبے میں سیاسی اور سماجی خلیج کو خطرناک حد تک بڑھا دیا ہے، جبکہ خود کو جمہوریت کا پاسبان قرار دینے والے ہی جمہوریت کے ساتھ سنگین کھلواڑ کر رہے ہیں۔ ایم کیو ایم پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ سندھ حکومت کی جانب سے بلدیاتی نمائندوں کی مدت میں توسیع سے متعلق کسی بھی ممکنہ غیر قانونی اقدام کو فوری طور پر مسترد کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ موجودہ بلدیاتی حکومت کی مدت ختم ہوتے ہی تمام انتظامی اختیارات کسی سیاسی مداخلت کے بغیر غیر جانبدار اور غیر سیاسی افراد کے سپرد کیے جائیں اور آئندہ بلدیاتی انتخابات مکمل طور پر غیر جانبدار انتظامی سیٹ اپ کی نگرانی میں کرائے جائیں تاکہ عوام کے شفاف مینڈیٹ کو متاثر ہونے سے بچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 17

بحق، ہوگیا حادثے کے بعد لوڈر رکشہ ڈرائیور موقع سے فرار، ریسکیو ٹیم نے ضروری کارروائی کے بعد جاں بحق نوجوان کی ڈیڈ باڈی لواحقین کے حوالے کردی

بقیہ نمبر 18

قعے کی مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 19

سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سیاسی و سماجی جماعتوں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مذاکرے، سیمینارز اور دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین ملکی ترقی میں جمہوریت کے کردار اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2007 میں جمہوریت کے عالمی دن کے منانے کا اعلان کیا 15 ستمبر 2008 کو دنیا بھر میں پہلی مرتبہ جمہوریت کا عالمی دن منایا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 20

سینئر رہنماء وڈیرہ نورخان بزنجو نے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بھوتانی عوامی کارواں کے قائد اور ہردل عزیز لیڈر بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر بلوچستان سابق وزیراعلی بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہو

بقیہ نمبر 21

لیکن عوامی، شہری اور ضلعی مسائل کا مؤثر حل نہیں ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ آزاد ہونے والے ممالک آگے نکل گئے اور ہم انتظامی ناکامیوں کے باعث پیچھے رہے، حکمرانوں اور چہروں کی تبدیلی سے مسائل حل نہیں ہوں گے اس لئے موجودہ انتظامی نظام میں بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ تاجر برادری کا کہنا تھا کہ بہتر گورننس کیلئے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے اور انتظامی یونٹس کو مؤثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، بہتر گورننس کیلئے اختیارات عوام کے قریب اور انتظامی یونٹس کو مؤثر بنانا ہوگا۔ تاجر برادری کا مزید کہنا تھا کہ فیصل آباد ڈویژن کو صوبائی حیثیت ملنے سے عوام کو بہتر نمائندگی اور مسائل کا فوری حل میسر آئے گا۔

بقیہ نمبر 22

کے نوجوانوں کے ساتھ خواتین بھی بڑی تعداد میں شریک ہیں۔ ان کا مطالبہ صرف ایک ہے: ہمیں پانی دو۔ ہم ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ عوام کا یہ بنیادی اور جائز حق فوری طور پر پورا کیا جائے۔ یہ لوگ آپ سے تنخواہ نہیں مانگ رہے، کھانا نہیں مانگ رہے، یہ صرف اپنے اور اپنے بچوں کے جینے کے لیے پانی مانگ رہے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ اس صورتحال کی مذمت کرتی ہے اور یوسی پلیجانی کے گاں والوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم ہر مقام پر ان کے ساتھ رہیں گے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کا جائز مطالبہ فوری تسلیم کرتے ہوئے پانی کی فراہمی بحال کی جائے۔

بقیہ نمبر 23

دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاک مصر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان قریبی و برادرانہ تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے نے علاقائی امور پر پاکستان اور مصر کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا، علاقائی صورتحال اور خطے سے متعلق امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے کی ضرورت پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس مقصد کیلئے ریجنل فور (R4) کے وزرائے خارجہ کے ذریعے بھی علاقائی امور پر مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے آئندہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نیویارک میں ملاقات پر بھی اتفاق کیا ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ نیویارک میں آئندہ یو این جی اے اجلاس کے موقع پر ملاقات کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ڈاکٹر بدر عبدالعاطی کے درمیان یہ رابطہ پاکستان اور مصر کے درمیان قریبی سفارتی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر 24

نارتھ ناظم آباد تھانوں کا بھی معائنہ کیا۔ ضیاء الحسن لنجار نے تھانوں میں روزنامچہ، پولیس نفری اور لاک اپ کا جائزہ لیا جبکہ زیر حراست ملزمان کی تفصیلات بھی حاصل کیں۔ انہوں نے قیدیوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ سہراب گوٹھ تھانے کے اچانک معائنے کے دوران ہیڈ محرر کی غیر حاضری پر اسے معطل کرنے کے احکامات دیئے جبکہ ڈیوٹی افسر کو بھی معطل کردیا گیا۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ اچانک دوروں کا مقصد پولیس کی کارکردگی جانچنا اور کوتاہیوں کا خاتمہ ہے۔ جو افسر اچھا کام کرے گا اور قوانین پر عمل کرے گا اسے شاباش دی جائے گی، جبکہ فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 25

ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران 73 گرام کرسٹل آئس، 3 کلو سے زائد چرس اور 12 گرام ہیروئن برآمد ہوئی، جبکہ 63 بوتلیں شراب اور 76 لیٹر کچی شراب بھی قبضے میں لے لی گئی۔ ترجمان کے مطابق منشیات کے خلاف کارروائیاں مختلف تھانوں کی حدود میں کی گئیں۔ جاری کریک ڈاؤن کے دوران اب تک 45 مقدمات درج کر کے 83 ملزمان کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔

بقیہ نمبر 26

باعث دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت دولت خان اور محمد طارق کے ناموں سے ہوئی ہے۔ حادثے کے نتیجے میں مسافر کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی وندر پولیس، موٹروے پولیس اور ریسکیو MERC سینٹر 1122 وندر کی ایمرجنسی میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا جہاں زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ شدید زخمیوں کو مزید علاج و معالجہ اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ٹراما سنٹر کراچی ریفر کردیا گیا۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی جبکہ وندر پولیس اور موٹر وے پولیس نے امدادی کارروائیوں کے دوران ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے اقدامات کیے۔ وندر پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردیں۔ دوسری جانب حادثے کے باعث کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر ٹریفک کی روانی کئی گھنٹوں تک معطل رہی جس کے باعث دونوں جانب گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں اور ہزاروں مسافر بھوک کے پیاسے پھنسے رہے۔

بقیہ نمبر 27

صوبے کی مختلف شاہراہوں پر قائم ٹراما سینٹرز نے حادثات کے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی۔ رپورٹ کے مطابق ٹراما ژوب کی حدود میں سب سے زیادہ 24 ٹریفک حادثات پیش آئے، جن میں 35 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح ٹراما خضدار مرکز کی حدود میں 13 حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 13 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وندر، لسبیلہ میں 5 حادثات کے نتیجے میں 8 افراد زخمی ہوئے، سرانان، پشین میں 2 حادثات میں 6 افراد جبکہ کیٹل فارم، جعفر آباد میں 2 حادثات کے دوران 4 افراد زخمی ہوئے۔ دوسری جانب لیاری، لسبیلہ میں پیش آنے والے ایک ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ایم ای آر سی 1122 کے مطابق 12 ستمبر کو صوبے بھر کے مختلف مراکز میں مجموعی طور پر 54 ٹریفک حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 74 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ ایک شخص کی ہلاکت ریکارڈ کی گء

بقیہ نمبر 28

پی اور نجکاری پر قومی سٹریٹجک ڈائیلاگ سے خطاب کررہے تھے۔ مشیر نجکاری نے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری، نظم وضبط، ہنرمند انسانی وسائل اور اختراع کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انفراسٹرکچر اور بنیادی انسانی ضروریات، ہنرمند انسانی وسائل، نظم وضبط اور اختراع میں مستقبل کی عالمی معیشت میں متعلقہ رہنے کے لیے بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات میں نمایاں اضافہ ہوگا کیونکہ ہماری آبادی اس وقت لگ بھگ 230 ملین سے بڑھ کر 2050 تک تقریباً 390 ملین تک پہنچنے کا امکان ہے، اس تناظر میں بنیادی شہری ڈھانچے کی ضرورت میں تقریباً 100 فیصد اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو مزید ہسپتال، سکول، توانائی اور پانی کے بنیادی ڈھانچے، ریلوے، ہوائی اڈے اور بندرگاہیں تیار کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مشیر نجکاری نے کہا کہ حکومت اکیلے ملک کی بڑھتی ہوئی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو پورا نہیں کرسکتی، خاص طور پر ویتنام میں 32 فیصد اور چین میں 40 فیصد کے مقابلے میں پاکستان کی نسبتاً کم بچت کی شرح تقریباً 14 فیصد ہے۔ محمد علی نے کہا کہ انتظامی نقطہ نظر سے نجکاری بھی اتنی ہی اہم ہے کیونکہ کمانے کے لیے قائم کی جانے والی کمپنیوں کو عوامی پیسے کا استعمال جاری نہیں رکھنا چاہیے اور ان کا انتظام نجی شعبے کو کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر ریونیو گیپ کو کم کرنے اور آپریشنل کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے نظام متعارف کرواتے ہوئے سرمایہ، انتظامی صلاحیتیں، جدت اور بہتر خدمات لاسکتا ہے، پاکستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ مانیٹر کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 1990 سے لے کر اب تک تقریباً 36 ارب ڈالر مالیت کے 154 پی پی پی منصوبے مالیاتی مراحل کی تکمیل کے قریب پہنچ چکے ہیں، جو اس طرح کے منصوبوں کی فراہمی کی پاکستان کی صلاحیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے پی پی پی پورٹ فولیو کو ایشیائی ترقیاتی بینک کی طرف سے ترقی پذیر دنیا میں سب سے اوپر 14 میں اور پاکستان کی معیشت کے حجم کے مقابلے میں سب سے اوپر 10 میں شامل کیا گیا تھا۔ محمد علی نے کہا کہ پاکستان کے پاس پہلے سے ہی ضروری قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک موجود ہے، فیڈرل پی پی پی اتھارٹی ایکٹ 2017 میں نافذ کیا گیا تھا اور چاروں صوبوں کے اپنے اپنے پی پی پی قوانین اور ادارے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل پی پی پی اتھارٹی، جسے P3A کا نام دیا گیا ہے، پی پی پیز، اثاثہ جات کی مونیٹائزیشن اور نجکاری کو ایک چھت کے نیچے لانے کے لیے نجکاری ڈویژن کے تحت مضبوط کیا جارہا ہے جس سے طریقہ کار کو آسان بنایا جائے گا، سرمایہ کاروں کے رابطوں میں بہتری آئے گی اور کارکردگی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پی پی پی پائپ لائن میں سڑکوں، ریلوے، ہسپتالوں، مہمان نوازی، ہوابازی اور صنعتی اسٹیٹس میں تقریبا 6.5 ارب ڈالر مالیت کے 38 منصوبے شامل ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اس پائپ لائن کو نمایاں طور پر وسیع کرنے کی ضرورت ہے۔ نجکاری کے حوالہ سے انہوں نے کہا کہ حکومت اس وقت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، ہوائی اڈوں، انشورنس کمپنیوں اور بینکوں پر مشتمل 27 ٹرانزیکشنز پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کو حکومت کی پیچیدہ نجکاری کی صلاحیت اور عزم کا ثبوت قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً 600 ارب روپے کا ورثہ میں ملنے والا قرضہ ہولڈنگ کمپنی کو منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ آمدنی کا ایک اہم حصہ تقریباً 450 ملین ڈالر اس کی بحالی کے لیے ادارے میں چلا گیا۔ پاور سیکٹر کے بارے میں محمد علی نے کہا کہ حکومت بجلی کی تقسیم کے نو اثاثوں کی فروخت پر کام کر رہی ہے جس کا مقصد نہ صرف اثاثوں کی نجکاری کرنا ہے بلکہ پاور سیکٹر میں اصلاحات، مسابقتی سپلائی نظام متعارف کرانا اور اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ انہوں نے پی پی پی کے شعبوں اور لین دین میں وسیع تنوع کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی نیز پی پی پی کے پانچ حکام کے درمیان قانونی اور دیگر دستاویزات کو معیاری بنانے کی ضرورت پر بھی روشنی ڈالی تاکہ منصوبے کی تکمیل کو تیز کیا جاسکے۔ انہوں نے ملک کے بنیادی ڈھانچے اور اقتصادی ترقی کے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے سرمایہ کاروں کے مضبوط اعتماد اور وزارتوں اور سرکاری اداروں کے درمیان مربوط کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں اور وزارتوں کو اس ایک مشترکہ مقصد کے لیے اکٹھا ہونا ہوگا۔

بقیہ نمبر 29

اَئس نوٹ بھی سامنے آیا ہے، جس میں اس نے انہیں تسلی دی تھی۔ مبینہ چیٹ میں مالی نقصان سے متعلق دعوے پر مقتول کے والد میر حسین نے مؤقف اختیار کیا کہ نقصان ڈیڑھ کروڑ نہیں بلکہ 80 سے 85 لاکھ روپے کا تھا، ممکن ہے میر رضا نے غصے میں رقم زیادہ بتائی ہو۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں سے متعلق تمام تفصیلات وہ تحقیقاتی ٹیم کو فراہم کرچکے ہیں۔ میر حسین نے پولیس کی تحقیقات پر شدید عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعے کو 24 روز گزرنے کے باوجود پولیس کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچ سکی اور کیس کو مختلف رخ دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں فی الوقت جوڈیشل کمیشن سے امیدیں وابستہ ہیں، کیونکہ کمیشن کے سامنے پیش ہونے والے حقائق سے بقول ان کے ظاہر ہوا ہے کہ شواہد ضائع کیے گئے، کرائم سین یونٹ اور پولیس افسران نے غفلت برتی جبکہ فارنزک کارروائی میں بھی تاخیر ہوئی۔ مقتول کے والد نے کیس میں سامنے آنے والی مختلف قیاس آرائیوں، خودکشی کے خدشات اور مالی معاملات سے متعلق الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ باتیں اصل معاملے سے توجہ ہٹانے کی کوشش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خودکشی کے تاثر اور دیگر سوالات پر جوڈیشل کمیشن اور جج پہلے ہی نوٹس لے کر رپورٹس طلب کرچکے ہیں۔ میر حسین نے ایک بار پھر مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کی تشکیل کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں موجودہ پولیس تفتیش پر بالکل اعتماد نہیں، جے آئی ٹی کے بغیر شفاف تحقیقات ممکن نہیں، اسی لیے وہ اپیل میں جارہے ہیں اور جے آئی ٹی کو ہر صورت تحقیقات میں شامل کرانے کی کوشش کریں گے۔ جوڈیشل کمیشن کی سماعت کے دوران معاونت کرنے والے ایک شخص سے متعلق میر حسین نے کہا کہ وہ ایک پریشان حال شخص ہے، اگر حکام اس کی جانچ پڑتال سے مطمئن ہوچکے ہیں تو اسے بھی انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 30

وں آپریشن کے دوران دو ماہیگیر کی لاشیں برآمد کرلیں جس کی شناخت عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کے ناموں سے ہوئی حب انتظامیہ نے لاشوں کی برآمدگی کے بعد ریسکیو آپریشن ختم کردیا واضع رہے کہ ہفتہ کے روز ریسکیو ٹیم نے ڈوبنے والے شیر محمد لاش برآمد کرلی تھی اس طرح کشتی الٹنے کے نتیجے میں لاپتہ ہونے والے تینوں ماہیگیروں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں علاوہ ازیں اتوار کے روز عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کی لاشیں برآمد کرکے ورثا کے حوالے کردیں جس کے بعد متوفین کے نماز جنازہ ادا کردی گئیں جس میں علاقائی معززین عزیز اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی

بقیہ نمبر 31

تعمیل میں انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور) نارتھ (کی جانب سے ایک مفصل رپورٹ جمع کروادیگئی جس میں ایف سی کا موقف بیان کیا گیا ہے۔ مزید براں تحقیقاتی کمیشن نے گواہوں کی شہادتیں قلم بند کرنے کے لیے کارروائی اگلی سماعت تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ نمبر 32

خواتین کی بروقت طبی نگہداشت بچوں کی بہتر نشوونما حفاظتی ٹیکہ جات متوازن غذا اور صحت کی بنیادی سہولیات کے استعمال سے متعلق پیغامات درج تھےاس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی بنیاد صحت مند ماں اور صحت مند بچے سے وابستہ ہےحاملہ خواتین کو دوران حمل باقاعدگی سے طبی معائنہ ضروری ادویات اور متوازن غذا کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زچگی کے دوران ماہر طبی عملے کی خدمات تک رسائی یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کی جانب سے آگاہی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گاڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر نصیرآباد و کوآرڈینیٹر نیشنل پروگرام ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کا تحفظ محکمہ صحت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے عوام پر زور دیا کہ حاملہ خواتین کے باقاعدہ طبی معائنے حفاظتی ٹیکہ جات غذائی ضروریات اور نومولود بچوں کی بروقت ویکسینیشن پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ ماں اور بچے کو مختلف بیماریوں اور پیچیدگیوں سے محفوظ رکھا جاسکیر یلی کے شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے عوامی آگاہی کو مزید فروغ دیا جائے گا اور معاشرے کے تمام طبقات کو صحت مند اور محفوظ مستقبل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی جائے گی

بقیہ نمبر 33

کا اظہار کرتے ہوئے لاپتہ ماہی گیروں کی فوری تلاش اور ریسکیو آپریشن کو مؤثر بنانے کا مطالبہ کیا ہے سردار صابر قاسمی نے کہا کہ شیر محمد ولد بدل خان کی لاش کی برآمدگی ایک المناک واقعہ ہے، جبکہ عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کی تلاش جاری ہے۔ متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں ہم برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حادثہ محض ایک مقامی سانحہ نہیں بلکہ بلوچستان کے ساحلی ماہی گیروں کی سمندری حفاظت، ریسکیو، مواصلاتی نظام، موسمی پیشگی اطلاع، لائف جیکٹس اور محفوظ جیٹیوں کے حوالے سے ایک اہم قومی سوال ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے لیے وائٹ پیپر سردار صابر قاسمی نے اعلان کیا کہ بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین کے پلیٹ فارم سے وزیراعظم پاکستان کو "National Coastal Fishermen Safety & Rescue White Paper 2026" پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وائٹ پیپر میں بلوچستان کے ساحلی ماہی گیروں کے لیے چوبیس گھنٹے ریسکیو کوآرڈینیشن، جدید مواصلاتی نظام، کشتیوں کے بنیادی حفاظتی آلات، ویدر الرٹ سسٹم، فشرمین سیفٹی رجسٹری، مقامی ریسکیو والنٹیئرز اور محفوظ فشنگ جیٹیوں کے لیے قابل عمل قومی فریم ورک تجویز کیا جائے گا۔ سردار صابر قاسمی نے کہا ماہی گیر سمندر میں صرف روزگار کے لیے نہیں جاتا، وہ پاکستان کی غذائی سلامتی اور بلیو اکانومی کا محافظ ہے۔ ایک ماہی گیر کی جان کی حفاظت ریاست، معاشرے اور کوآپریٹو نظام کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 34

کے مرکزی صدر مظہر برلاس، مرکزی وائس چیئرمین نعیم مصطفیٰ، وائس چیئرمین ذوالفقار احمد راحت، مرکزی چیف آرگنائزر محسن گورایہ، مرکزی آرگنائزر عرفان اطہر قاضی، مرکزی سینئر نائب صدور صفدر علی خان ناصف اعوان، سعد اختر، ناصر عباس چوہان ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ناصر اقبال خان، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل مخدوم وسیم قریشی ایڈووکیٹ، مرکزی صدر وومن ونگ ڈاکٹر نبیلہ طارق سمیت مرکزی عہدیداران سمیت بانی ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ڈاکٹر سعید الٰہی کو ورلڈ کالمسٹ کلب کا مرکزی سینئر وائس چیئرمین منتخب ہونے پر صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے صحافت میں ان کی مزید کامیابی و کامرانی اور نیک نامی کیلئے نیک خواہشات اور پرخلوص تمناؤں کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر سعید الٰہی نے منتخب ہونے کے بعد کالم نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی ریاست کیلئے آزادی صحافت کی حفاظت یقینی بنانا ہوگی، صحافت میں بیجا مداخلت کرنے یا اس میں نقب لگانے سے ریاست کمزور ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 35

سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی ڈپٹی کنزرویٹر وائلڈ لائف حیدرآباد ڈویژن کی درخواست اور تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی رپورٹس کی روشنی میں عائد کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سردیوں کی آمد کے ساتھ مختلف اقسام کے مہاجر پرندے سندھ کا رخ کرتے ہیں، تاہم شکار کا موسم شروع ہوتے ہی غیر قانونی شکاری سرگرم ہوجاتے ہیں اور قدرتی آبی گزرگاہوں و پرندوں کی آماجگاہوں میں جال بچھا کر پرندوں کو پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ احکامات کے مطابق سجاول، بدین اور ٹھٹھہ کی حدود میں 13 ستمبر سے 11 دسمبر 2026 تک بٹیر سمیت مہاجر اور مقامی پرندوں کو پکڑنے کے لیے جال نصب، کھڑایا استعمال کرنے پر مکمل پابندی ہوگی۔ کمشنر حیدرآباد نے پابندی پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے متعلقہ پولیس حکام کو بھی اختیارات تفویض کردیئے ہیں۔ ضابطہ فوجداری کی دفعہ 195(1)(اے) کے تحت متعلقہ تھانوں کے انسپکٹر یا اس سے اوپر کے افسران دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 188 کے تحت تحریری شکایت درج کراسکیں گے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی جبکہ پرندوں کے غیر قانونی شکار کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کردی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 36

تفصیلات کے مطابق سٹی اوستا محمد پولیس تھانہ کے حدود حق باہو کالونی کہ رہائشی اللہ دادنامی شخص کے گھر میں نامعلوم چوروں نے گھس کرگھر میں موجود جائز کے سامان زیورات نقدی لوٹ کر باسانی رفو چکر ہوگئے امد اطلاعات کے مطابق گھر کے افراد شہر سے باہر گئے ہوئے تھے جس کی وجہ سے نامعلوم چوروں نے پورے گھر کا صفایا کر کے باسانی رفو چکر ہوگئے مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے

بقیہ نمبر 37

کی تجاویز کو بھی حکومت نے تسلیم کیا، لیکن اسمبلی میں آکر احتجاج کیا گیا۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے طرز عمل کو منافقانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ رویہ جمہوری عمل کے مطابق نہیں۔ شرجیل میمن نے ایم کیو ایم کے رہنما مصطفیٰ کمال کے ماضی کے بیانات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ماضی میں خالد مقبول صدیقی کے بارے میں سخت الزامات عائد کیے تھے، لیکن آج وہ انہی کی قیادت میں کام کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مصطفیٰ کمال کا سابقہ مؤقف درست نہیں تھا تو انہیں اس پر معذرت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں کی گئی۔ اگر بلدیاتی اداروں کی مدت مکمل ہوجاتی ہے تو حکومت کسی کو بھی ایڈمنسٹریٹر مقرر کرسکتی ہے، تاہم حکومت کی کوشش ہے کہ بلدیاتی نظام کا تسلسل برقرار رہے اور منتخب بلدیاتی اداروں کے نظام کو ممکنہ حد تک جاری رکھا جائے۔ سینئر وزیر نے کہا کہ سندھ حکومت بلدیاتی اداروں کو مزید اختیارات دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ حکومت نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی ذمہ داری بلدیاتی اداروں کو دینے کی بات کی ہے جبکہ پولیس کو بھی بلدیاتی اداروں کے منتخب نمائندوں کے سامنے جواب دہ بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دیگر صوبوں کے مقابلے میں سندھ میں بلدیاتی ادارے زیادہ بااختیار ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پنجاب حکومت اور الیکشن کمیشن کے معاملات سب کے سامنے ہیں، جبکہ سندھ حکومت الیکشن کمیشن کے احکامات پر عمل کرتی ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم کے ماضی کے سیاسی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس جماعت نے ماضی میں بھی انتخابات سے ایک روز قبل بائیکاٹ کیا تھا۔ وزیر قانون و داخلہ امور ضیا الحسن لنجار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل آج اسمبلی کے ایجنڈے میں شامل تھا اور اس پر غور کیلئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی، جس میں ایم کیو ایم، پی ٹی آئی، جماعت اسلامی سمیت مختلف جماعتوں کے ارکان کو شامل کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی جماعت کو بل کی شقوں پر اعتراض تھا تو اسے خصوصی کمیٹی میں اپنا اختلاف ریکارڈ کرانا چاہیے تھا۔ کمیٹی میں بل کی ہر شق پر تفصیلی بحث ہوئی، ارکان نے اپنی تجاویز پیش کیں اور حکومت نے ان تجاویز کو تسلیم کیا۔ اس کے باوجود اسمبلی میں بل کی منظوری کے مرحلے پر احتجاج کیا گیا۔ ضیا الحسن لنجار نے بتایا کہ بلدیاتی اداروں کی مدت مکمل ہونے سے 120 روز قبل سندھ حکومت الیکشن کمیشن کو خط لکھے گی کہ بلدیاتی اداروں کی مدت پوری ہونے والی ہے، اس لیے انتخابات کی تیاری شروع کی جائے۔ ان کے مطابق الیکشن شیڈول جاری ہوتے ہی منتخب بلدیاتی نمائندوں کے اختیارات معطل ہوجائیں گے اور متعلقہ اختیارات الیکشن کمیشن اور ریٹرننگ افسران کو منتقل ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا مطالبہ تھا کہ بلدیاتی اداروں کی مدت ختم ہونے سے 90 روز قبل الیکشن کمیشن کو آگاہ کیا جائے، تاہم حکومت نے اس مدت کو بڑھا کر 120 روز کرنے کی تجویز دی تاکہ الیکشن کمیشن کو انتخابات کی تیاری کیلئے مناسب وقت مل سکے۔ وزیر قانون نے کہا کہ سندھ حکومت کی کوشش ہے کہ بلدیاتی انتخابات مقررہ مدت مکمل ہونے سے پہلے ہی کرائے جائیں تاکہ بلدیاتی نظام میں تعطل پیدا نہ ہو۔ حکومت بلدیاتی اداروں کے تسلسل کو برقرار رکھنا چاہتی ہے اور اسی مقصد کیلئے قانون میں ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔ ضیا الحسن لنجار کے مطابق حکومت نے ڈپٹی میئر اور وائس چیئرمین کو کنوینز قرار دیا ہے جبکہ چیئرمین کو مزید اختیارات دیے جارہے ہیں اور پولیس بھی ان اختیارات کو تسلیم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایم کیو ایم کو بل پر اعتراض تھا تو وہ احتجاج یا بائیکاٹ کا راستہ اختیار کرسکتی تھی، تاہم اسمبلی میں اختیار کیا گیا رویہ غیر جمہوری تھا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کو بھی پہلے ہی تمام معاملات سے آگاہ کردیا گیا تھا۔ مصالحتی کمیٹیوں کو بھی اختیارات دیے گئے ہیں اور حکومت کا مقصد کسی بدنیتی کے بجائے بلدیاتی اداروں کو مزید مؤثر اور بااختیار بنانا ہے۔ ضیا الحسن لنجار نے کہا کہ حکومت بلدیاتی نظام کو مضبوط بنانے، منتخب نمائندوں کے کردار کو مؤثر بنانے اور جمہوری تسلسل برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ ان کے مطابق بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کے ساتھ انتخابات کے بروقت انعقاد کو بھی یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 38

4، لیفٹ آرم اسپنر افنان خان نے 28 رنز دیکر 3 اور صارم نے 1 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب نے 3 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 94 رنز بنالئے۔ اسد اقبال نے 24، افنان خان نے 18 اور موسیٰ آزاد نے ناقابل شکست 17 رنز بنائے۔ حذیفہ علوی نے 29 رنز دیکر 3 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔

بقیہ نمبر 39

سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے محمد شریف پالاری نے ماہیگیروں کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گڈانی کشتی حادثہ ایک انتہائی افسوسناک سانحہ ہے، جس میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا اور کئی خاندان گہرے دکھ اور صدمے سے دوچار ہوئے انہوں نے کہا کہ اس مشکل اور غم کی گھڑی میں وہ متاثرہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اس موقع پر عامر اور عبدالسلام کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ دونوں مرحوم نوجوانوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا کرے۔ آمین

بقیہ نمبر 40

اگست 3 ہزار 551 شکایات موصول ہوئیں، 498 شکایات قانونی پیچیدگیوں کے باعث ناقابلِ عمل ہیں۔ سہیل آفریدی نے ہدایت جاری کی کہ کمپلینٹ سیل کے ریلیف سے عوام کو آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے پشاور میں پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ میں طلبہ کے احتجاج کے دوران ہنگامہ آرائی اور پولیس کی جانب سے طلبہ پر مبینہ تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا نے کہا کہ نرسنگ کالج واقعے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ نمبر 41

7 روپے کمی سے 454 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 5 روپے کمی سے 313 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 245 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ نمبر 42

۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام 7 لاکھ 50 ہزار روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 2 لاکھ 50 ہزار روپے کے پانچ جبکہ تیسرے انعام میں 1250 روپے مالیت کے 2394 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم کئے جائیں گے۔ یاد رہے کہ یہ سال رواں 2026 کی 21 ویں قرعہ اندازی ہوگی -

بقیہ نمبر 43

کرلیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق متوفی کی شناخت 60 سالہ عنایت مسیح ولد منگل مسیح کے نام سے ہوئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے۔ ضروری کارروائی کے بعد لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 44

ل کررہی ہے جس کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ترجمان جماعتِ اسلامی نے اپنے بیان میں کہا کہ پیٹرول کی قیمت میں 80 روپے لیوی کے لیے جبکہ 5 روپے کاربن لیوی کے شامل ہیں یہ ٹیکس براہ راست وفاقی حکومت کے پاس جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز حکومت ڈھائی سال میں لیوی کی مد میں 3 ہزار 137 ارب روپے وصول کر چکی ہے جبکہ صرف گزشتہ مالی سال میں حکومت نے 1 ہزار 567 ارب روپے پیٹرولیم لیوی کی مد میں وصول کیے ہیں۔ جماعتِ اسلامی کی جانب سے کہا گیا کہ وصول کیا گیا لیوی ٹیکس اپنے اصل ہدف سے 99 ارب روپے زیادہ تھا، رواں سال پیٹرولیم لیوی کا ہدف 1 ہزار 676 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے جبکہ حکومت 2010 کے بعد سے پاکستانیوں سے ساڑھے 8 ہزار ارب روپے لیوی ٹیکس وصول کر چکی ہے۔ ترجمان جماعتِ اسلامی نے کہا کہ حکومت سے مذاکرات میں جماعتِ اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے 6 متبادل تجاویز دی ہیں۔

بقیہ نمبر 45

اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس کے مطابق سندر پولیس نے ناکے پر دو موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم ملزمان نے رکنے کے بجائے پولیس پر مبینہ طور پر سیدھی فائرنگ کردی اور فرار ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب کیا جس کے دوران ایک ملزم اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا، جبکہ دوسرا ملزم موقع سے فرار ہوگیا۔ ایس پی صدر عبداللہ عمران چیمہ کے مطابق زخمی ملزم کی شناخت خالد یونس کے نام سے ہوئی ہے، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ واقعے کی قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 46

میں کمالیہ سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر امراضِ چشم ڈاکٹر حافظ صادق امین بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر حافظ صادق امین کی اس عالمی کانفرنس میں شرکت کمالیہ کے لیے ایک بڑے اعزاز اور باعثِ فخر ہے۔ سالانہ کانفرنس دنیا بھر میں آنکھوں کے جدید علاج، کیٹریکٹ سرجری، ریفریکٹو سرجری، جدید طبی ٹیکنالوجی اور امراضِ چشم کے شعبے میں ہونے والی نئی تحقیقات اور پیش رفت کے تبادلے کے حوالے سے ایک اہم عالمی پلیٹ فارم سمجھی جاتی ہے۔ ڈاکٹر حافظ صادق امین کی عالمی سطح کی اس کانفرنس میں شرکت اس بات کی عکاس ہے کہ کمالیہ جیسے شہر سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز بھی بین الاقوامی سطح پر اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں اور پاکستان کی نمائندگی کررہے ہیں۔ اہلِ کمالیہ نے ڈاکٹر حافظ صادق امین کی اس بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت پر خوشی اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے اسے شہر کے لیے ایک قابلِ فخر لمحہ قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 47

کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ ایس پی سٹی ارشد حیات کانجو کے مطابق شفیق آباد پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 48

سے تقریباً 55 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، جو بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے۔ دوسرے واقعے میں کوٹ لکھپت ریلوے پھاٹک کے قریب فٹ پاتھ سے تقریباً 50 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق متوفی بھی نشے کا عادی تھا اور بظاہر ہلاکت نشے کی زیادتی کے باعث ہوئی۔ دونوں افراد کی موقع پر شناخت نہیں ہوسکی۔ پولیس کی قانونی کارروائی کے پیش نظر ایدھی رضاکاروں نے دونوں میتیں مردہ خانے منتقل کردیں

بقیہ نمبر 49

بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں ملزم کی بیوی اور گھر میں موجود ایک شخص موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ واقعے کے بعد ملزم میر حسن فرار ہوگیا۔ پولیس نے دونوں مقتولین کی لاشیں اسپتال منتقل کردیں۔ ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر مغل کے مطابق ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں، اسے جلد گرفتار کرکے واقعے کی مزید تحقیقات کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 50

1122 کے مطابق موٹر سائیکل پر دو افراد سوار تھے کہ پیچھے بیٹھا شخص اچانک نیچے گر گیا جو موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق ہونے والے شہری کی شناخت 65 سالہ یوسف کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کارروائی کے بعد لاش کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 51

جائے، 70 فیصد عوام عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، بانی پی ٹی کے ساتھ دہشت گردوں جیسا سلوک جمہوری سوچ نہیں، عوام کے مینڈیٹ کو نظرانداز کرنا ملک کے لیے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ پرامن رہنے کی یقین دہانی کرائی ہے اور اب بھی کہتے ہیں کہ انصاف مارچ پرامن ہوگا، عوام سے اپیل ہے اپنے حقوق کے لیے پی ٹی آئی کے ساتھ نکلیں گے کیونکہ عمران خان کو سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ سے انصاف نہیں ملا، پارلیمنٹ سے بھی انصاف نہیں ملا، اب عوام ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج بھی ہمارا مطالبہ صرف انصاف ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے پر سب سے زیادہ تشویش ہے، مختلف لوگ ملاقات کا دعویٰ کررہے ہیں لیکن خان صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی، انصاف مارچ آگے بڑھائیں گے، تمام سیاسی معاملات کو ساتھ دیکھیں گے، اللہ نہ کرے انصاف مارچ کے دوران کوئی گولی چلے، کارکنوں کو ہدایت ہے کہ ہمیں دہشت گردوں سے نہ جوڑا جائے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ پی ٹی آئی نے 27 ستمبر کو مارچ کا اعلان کیا، پی ٹی آئی ملک کی بڑی جماعت ہے اسے سانس لینے کی اجازت نہیں، پنجاب میں کریک ڈاؤن ہورہا ہے ہر طرف فاشزم ہورہا ہے یہ زیادتی ہے، جو فاشزم ہورہا ہے قابل مذمت ہے، ہمارے حکمرانوں نے احتجاجیوں پر گولیاں ماریں، لوگوں نے احتجاج کیا آپ نے ان کے سروں پر گولیاں ماریں۔ انہوں نے کہا کہ ملک معاشی سیاسی امن وامان کے بحرانوں میں گھرا ہوا ہے، ملک اقتصادی دیوالیہ ہونے کی طرف جارہا ہے، جو آپ کی ہاں میں ہاں ملادے وہ ٹھیک ہے، بڑا سے بڑا مجرم کیوں نہ ہو جو آپ کے ساتھ ہو وہ ٹھیک ہوجاتا ہے، جہاں احتجاج مر جاتا ہے وہ معاشرے مرجاتے ہیں، صوبوں کی تقسیم کے نام پر نفرتیں پھیلائی جارہی ہیں، لوگوں کے دلوں میں نفرتیں پھیلائی جارہی ہیں۔ علامہ راجا ناصر عباس نے کہا کہ ملک آئین اور رول آف لا کے ذریعے بچ سکتا ہے، طاقت سے کام نہیں چل سکتا، آئین وقانون کے مطابق ملک بچ سکتا ہے، ملک کی فیڈریشن وجود اور سالمیت کو خطرہ ہے، 27 ستمبر کو عوام کیلئے باہر نکل رہے ہیں، پارلیمان معذور اور غیر متعلقہ ہوچکی ہے، تمام ملکی مسائل کیلئے احتجاج کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں سے بنیادی حقوق کے خلاف فیصلے لیے جارہے ہیں،

حب شہر میں اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بدستور جاری

شہری اذیت میں مبتلا، صفائی ستھرائی کا نظام بھی بدحالی کا شکار، مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے ملیریا، ڈینگی اور دیگر وبائی امراض کے پھیلاؤ کا خدشہ بڑھ گیا

صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال نے بھی شہریوں کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے، گلیوں، محلوں کے اطراف کچرے کے ڈھیر اور گندگی کے باعث تعفن پھیلنے لگا ہے

حب (نمائندہ بولان) حب شہر میں اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بدستور جاری، شہری اذیت میں مبتلا، صفائی ستھرائی کا نظام بھی بدحالی کا شکار، مچھر مار اسپرے نہ ہونے سے ملیریا، ڈینگی اور دیگر وبائی امراض کے پھیلاؤ کا خدشہ بڑھ گیا، تفصیلات کے مطابق حب شہر میں اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث شہری شدید مشکلات اور اذیت سے دوچار ہیں، جبکہ دوسری جانب شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال نے بھی شہریوں کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے، گلیوں، محلوں کے اطراف کچرے کے ڈھیر اور گندگی کے باعث تعفن پھیلنے لگا ہے، بجلی کی بار بار بندش (بقیہ 10 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، نادرا سہولت سینٹرز پر ویکسی نیشن فیس کی ہزاروں روپے زائد وصولی

عمرہ زائرین سے 6 سے 7 ہزار روپے تک لینے کا دعویٰ، پاک آئی ڈی پر دونوں ویکسینز کی مجموعی فیس 4505 روپے مقرر

کراچی (این این آئی) نادرا کے سہولت سینٹرز پر عمرہ زائرین سے ویکسی نیشن فیس کی مد میں مقررہ رقم سے ہزاروں روپے زائد وصول کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ ذرائع (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

مہنگا پٹرول، فوڈ ڈلیوری اور پارسل سروس متاثر

بائیک پر روزگار کمانے والوں کی مشکلات میں اضافہ، اخراجات بڑھنے سے آمدن متاثر ہونے لگی

کراچی (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے بائیک پر فوڈ ڈلیوری، پارسل اور دیگر خدمات فراہم کرنے والے افراد کی مشکلات بڑھ گئی ہیں جبکہ پٹرول مہنگا ہونے کے باعث موٹر سائیکل چلانا بھی غریب اور متوسط طبقے کے لیے مشکل ہوتا جارہا (بقیہ 12 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا، چکن گونیا کے کیسز میں اضافہ، نوشہرہ کے متعدد گاؤں متاثر

نوشہرہ کے مختلف ہسپتالوں میں روزانہ 50 سے 100 تک چکن گونیا کیسز رپورٹ، طبی مراکز پر مریضوں کا دباؤ بڑھ گیا

ہسپتالوں میں وافر مقدار میں ادویات، اضافی طبی عملہ اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں، اہل علاقہ کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ضلع نوشہرہ کے علاقے زیارت کا کا صاحب کے متعدد گاؤں میں چکن گونیا کے کیسز میں مسلسل اضافہ ہونے لگا، مختلف ہسپتالوں میں روزانہ 50 سے 100 کیسز رپورٹ ہونے لگے ہیں۔ ذرائع کے مطابق نوشہرہ کے مختلف ہسپتالوں میں روزانہ 50 سے 100 تک چکن گونیا کے کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں، جس کے باعث طبی مراکز پر مریضوں کا دباؤ بڑھ (بقیہ 13 صفحہ 7پر)

ضلع حب میں پانی بحران کا کمشنر لسبیلہ نے نوٹس لے لیا

سیکریٹری اری گیشن بلوچستان سے فوری طور پر واپڈا احکام سے بلوچستان کو حب ڈیم سے اس کے حصہ کا واٹر شیئر دلانے کے لیئے لیٹر لکھا ہے

کمشنر نے ایم ڈی لیڈا کے آفس میں ہنگامی میٹنگ کرتے ہوئے اریگیشن حب کے ذمہ دار افسران، اسسٹنٹ کمشنر حب اور ایم ڈی لیڈا سے میٹنگ کی اور احکامات جاری کیئے

حب (نمائندہ بولان) ضلع حب میں پانی بحران کے سنگین مسئلے کا کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے نوٹس لیتے ہوئے سیکریٹری اریگیشن بلوچستان سے فوری طور پر واپڈا احکام سے بلوچستان کو حب ڈیم سے اس کے حصہ کا واٹر شیئر دلانے کے لیئے لیٹر لکھا ہے کمشنر نے ایم ڈی لیڈا کے آفس میں ہنگامی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7پر)

حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء پانی بحران کے حوالے سے ایلسین اریگیشن کینال انجینئر عدیل فیض کو احکامات دے رہی ہیں اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر حب مہم خان لکچی بھی موجود ہیں

تاجر برادری کا فیصل آباد ڈویژن کو الگ صوبہ بنانے کا مطالبہ

پاکستان کے ساتھ آزاد ہونے والے ممالک آگے نکل گئے اور ہم انتظامی ناکامیوں کے باعث پیچھے رہے،

حکومتیں اور سیاسی چہرے بدلتے رہے، عوامی، شہری اور ضلعی مسائل کا مؤثر حل نہیں ہوسکا، تاجروں کی گفتگو

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد کی تاجر برادری نے فیصل آباد شہر کو الگ صوبہ بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ تاجر برادری نے عوامی مسائل کے حل، بہتر گورننس اور انتظامی اصلاحات کیلئے فیصل آباد کو صوبائی حیثیت دینے پر زور دیا۔ فیصل آباد کی تاجر برادری نے اسلام آباد کو خود مختار انتظامی یونٹ یا صوبائی حیثیت دینے کے اقدام کا بھی خیر مقدم کیا۔ تاجر برادری نے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد میں کسی بھی نئے انتظامی نظام کے نفاذ سے قبل فیصل آباد ڈویژن کو صوبہ بنایا جائے، حکومتیں اور سیاسی چہرے بدلتے رہے (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

پانی زندگی ہے، یوسی پلیجانی کے عوام کو پانی دو

ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ کی یوسی پلی جانی کے کئی گاں میں گزشتہ تین ماہ سے پانی کی فراہمی بند ہے

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) پانی زندگی ہے، یوسی پلیجانی کے عوام کو پانی دو ! ڈسٹرکٹ ٹھٹھہ کی یوسی پلیجانی کے کئی گاں میں گزشتہ تین ماہ سے پانی کی فراہمی بند ہے، جس کے باعث گاں کے عوام اپنے بنیادی حق کے لیے نیشنل ہائی وے بلاک کرکے احتجاج کرنے پر مجبور ہیں۔ اس احتجاج میں گاں (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت) انٹرنیشنل ڈیموکریسی ڈے (آج) 15 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور جمہوریت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس (بقیہ 19 صفحہ 7پر)

سردار محمد صالح بھوتانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، وڈیرہ نور خان بزنجو

حب (پ ر) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار بھوتانی عوامی کارواں گڈانی کے (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

بلدیاتی قانون میں ترمیم ایم کیو ایم کا سندھ حکومت پر شدید ردعمل

بلدیاتی نمائندوں کی مدت میں توسیع آئندہ انتخابات ہائی جیک کرنے کی سازش ہے

شہید بے نظیر بھٹو کو چہرہ دکھانے کے دعویدار آج اپنے ہی حلقوں کے زندہ عوام کو منہ دکھانے کے قابل نہیں۔ ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکین سندھ اسمبلی نے سندھ حکومت کی جانب سے بلدیاتی قانون میں متوقع ترمیم اور میئرز، ڈپٹی میئرز، چیئرمینز اور وائس چیئرمینز کی مدت میں توسیع کی تجویز پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے آئندہ بلدیاتی انتخابات کو ہائی جیک کرنے کی سازش قرار دے دیا۔ ایم کیو ایم پاکستان کے عارضی مرکز بہادرآباد سے جاری بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ سندھ حکومت کا متوقع فیصلہ بدنیتی پر مبنی ہے اور اس کے ذریعے آئین و قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری سندھ کو مزید غلام بنائے رکھنے کی تمام سازشو (بقیہ 16 صفحہ 7پر)

کراچی میں واٹر ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شدید زخمی، ڈرائیور فرار

ڈیفنس فیز 6 میں حادثہ، 45 سالہ ارشاد کو تشویشناک حالت میں جناح اسپتال منتقل کردیا گیا

کراچی (این این آئی) ڈیفنس فیز 6 میں خیابان اتحاد سگنل کے قریب تیز رفتار واٹر ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 45 سالہ شخص شدید زخمی ہوگیا۔ چھیپا ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے شخص کی شناخت ارشاد کے نام سے ہوئی، جسے فوری طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حادثے کے بعد واٹر ٹینکر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، جبکہ پولیس نے وا (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

فیصل آباد: چک نمبر 142 ر ب، چک جھمرہ میں ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد موٹر سائیکل سوار کی سامنے سے آنے والے لوڈر رکشے سے ٹکر، 22 سالہ محمد ذیشان جاں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

کشتی الٹنے کے حادثہ میں شہید ہونیوالے ماہیگیروں کے خاندانوں سے ملاقات

مرحومین کے ایصالِ ثواب اور بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی کی، جبکہ سوگوار خاندانوں کے لیے صبر و استقامت کی دعا بھی کی

حب (نمائندہ بولان) حب۔ پیپلز پارٹی کے رہنما ڈسٹرکٹ چیئرمین حب جاوید جمالی، چیئرمین فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی میر اکبر زہری، جام گروپ کے رہنما وائس چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی ارشاد پارس، حاجی ملوک بنگلزئی، نصیر رونجہ، شفیق بنگلزئی، مجاہد جمالی سمیت دیگر نے گذشتہ روز کشتی الٹنے (بقیہ 15 صفحہ 7پر)

حب۔ پیپلز پارٹی کے رہنما ڈسٹرکٹ چیئرمین حب جاوید جمالی، چیئرمین فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی میر اکبر زہری، جام گروپ کے رہنما وائس چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی ارشاد پارس، حاجی ملوک بنگلزئی، نصیر رونجہ، شفیق بنگلزئی، مجاہد جمالی سمیت دیگر گذشتہ روز کشتی الٹنے کے حادثہ میں ہلاک ہونیوالے ماہیگیروں کے لواحقین سے اظہار تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ٹیجنل فورم کے ذریعے علاقائی مشاورت جاری رہے گی، اسحاق ڈار

پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کا علاقائی امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان علاقائی امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ جس میں (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

پشاور، آر ٹی ایس کمیشن میں شہریوں کی شکایات سنی جا رہی ہیں

نجی سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول دینا ہوگا، محمد علی

پرائیویٹ پبلک پارٹنرشپس، نجکاری پاکستان کی مستقبل کی معاشی ترقی کیلئے اہم ہے، چیئرمین نجکاری کمیشن

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپس اور نجکاری ملک کی مستقبل کی اقتصادی ترقی کے لیے اہم ذریعہ ہیں، مقامی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات میں نمایاں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) مشیر نجکاری اور چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا ہے کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپس (پی پی پیز) اور نجکاری ملک کی مستقبل کی اقتصادی ترقی کیلئے اہم ذریعہ ہیں۔ وہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیر اہتمام جمعہ کو یہاں پرائیویٹ کیپیٹل کو متحرک کرنا، پی پی (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

الحمود مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس بازر کے مابین ہولناک تصادم

دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر جاں بحق جبکہ کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر، کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب الحمود مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس بازر کے مابین ہولناک تصادم دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر جاں بحق جبکہ کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 4 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پیر کی صبح کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 پر وندر کے علاقے کھرکھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب الحمود مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس بازر کے مابین ہولناک تصادم کے (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

لاڑکانہ میں شوہر کی فائرنگ، بیوی سمیت 2 افراد قتل

لاڑکانہ (این این آئی) گاؤں سمائی انڑ میں گھریلو جھگڑے کے دوران شوہر کی مبینہ فائرنگ سے بیوی سمیت 2 افراد جاں (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

وزیر داخلہ سندھ کا رات گئے کراچی کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ، 2 افسر معطل

سچل، گلستان جوہر، مبینہ ٹاؤن، سہراب گوٹھ، یوسف پلازہ، جوہر آباد اور نارتھ ناظم آباد تھانوں کا معائنہ، روزنامچہ، نفری اور لاک اپ کا جائزہ لیا

جو افسر اچھا کام کرے گا اور قوانین پر عمل کرے گا اسے شاباش دی جائے گی، ضیاء لنجار

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ رات گئے شہر کے مختلف تھانوں کا اچانک دورہ کیا اور پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے 2 افسران کو معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ وزیر داخلہ نے ضلع شرقی کے سچل، گلستان جوہر، مبینہ ٹاؤن اور سہراب گوٹھ سمیت مختلف تھانوں کا دورہ کیا، بعدازاں ضلع وسطی کے یوسف پلازہ، جوہر آباد اور (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

لاہور میں مختلف مقامات سے 2 افراد کی لاشیں برآمد، شناخت نہیں ہوسکی

لاہور (این این آئی) شہر میں مختلف واقعات کے دوران دو افراد جاں بحق ہوگئے دونوں کی لاشیں ایدھی رضا کاروں نے مردہ خانے منتقل کر دیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق داتا دربار کے علاقے شیش محل روڈ پر سڑک کنارے (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک روز میں 54 ٹریفک حادثات، 74 افراد زخمی

ٹراما ژوب کی حدود میں سب سے زیادہ 24 ٹریفک حادثات پیش آئے، جن میں 35 افراد زخمی ہوئے

بیلا (نمائندہ بولان) بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک روز میں 54 ٹریفک حادثات، 74 افراد زخمی، ایک جاں بحق۔ بلوچستان کی مختلف قومی شاہراہوں اور ہائی ویز پر 12 ستمبر کو پیش آنے والے 54 ٹریفک حادثات میں مجموعی طور پر 74 افراد زخمی جبکہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز) ایم ای آر سی 1122 (بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ یومیہ رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7پر)

حیدرآباد پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن، 34 ملزمان گرفتار

21 مقدمات درج، 3 کلو سے زائد چرس، کرسٹل آئس، ہیروئن اور شراب برآمد

یدرآباد (این این آئی) حیدرآباد پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 34 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور 21 مقدمات درج کرلیے۔ پولیس (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

حب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد رحیم بلیدی کا بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ، سینئر ہیڈ ماسٹر ساجد شمیم، ایس ایس ٹی فورم کے ضلعی آرگنائزر عبدالمنان روغانوی کے ساتھ تعلیمی صورتحال پر گفتگو کر رہے ہیں

میر رضا کی مبینہ واٹس ایپ چیٹ منظر عام پر آگئی

مقتول نے دوست کو والد کے مبینہ مالی اسکیم کے باعث گھر، گاڑی اور زیورات فروخت کرنے اور ڈیڑھ کروڑ روپے نقصان کا بتایا تھا

ممکن ہے میر رضا نے غصے میں رقم زیادہ بتائی ہو، مبینہ چیٹ میں مالی نقصان سے متعلق دعوے پر مقتول کے والد میر حسین کا مؤقف

کراچی (این این آئی) قتل ہونے والے میر رضا کی ایک سال پرانی مبینہ واٹس ایپ چیٹ سامنے آگئی ہے، جس میں انہوں نے اپنے دوست کو بتایا تھا کہ ان کے والد کی جانب سے کیے گئے مبینہ مالی اسکیم کے باعث انہیں ایک ہی دن میں گھر، گاڑی اور زیورات فروخت کرنا پڑے اور ڈیڑھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا۔ تفتیشی ذرائع کے مطابق مبینہ چیٹ ایک سال پرانی ہے جبکہ میر رضا کے دوست کا ایک و (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

آرائیاں رائیونڈ روڈ پر موٹر سائیکل سے گر کر شہری جاں بحق

لاہور (این این آئی) آرائیاں رائیونڈ روڈ پر موٹر سائیکل سے گر کر 65 سالہ شہری جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

شفیق آباد میں موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے شہری جاں بحق

لاہور (این این آئی) شفیق آباد کے علاقے میں موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے سمیع اللہ نامی شہری جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے موٹر سائیکل کی پچھلی نشست پر بیٹھے سمیع اللہ کو فائرنگ کا نشانہ بنایا جس (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

حبکو کنڈ کے ساحل پر کشتی حادثے میں ڈوبنے والے تینوں ماہی گیروں کی لاشیں مل گئیں

عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کی لاشیں برآمد کر کے ورثا کے حوالے کردیں

حب (نمائندہ بولان) حبکو کنڈ کے ساحل پر کشتی حادثے میں ڈوبنے والے تینوں ماہی گیروں کی لاشیں مل گئیں، ریسکیو آپریشن ختم، حبکو کنڈ کے کھلے سمندر میں کشتی الٹنے کے حادثے میں ڈوبنے والے ماہی گیروں کی تلاش کے لیئے ڈپٹی کمشنر حب کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب کی نگرانی میں ریسکی (بقیہ 30 صفحہ 7پر)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈاکٹر حافظ صادق امین کی لندن میں عالمی امراضِ چشم کانفرنس میں شرکت کمالیہ کیلئے باعث فخر

کمالیہ (این این آئی) (لندن میں عالمی امراضِ چشم کانفرنس، ڈاکٹر حافظ صادق امین کی شرکت کمالیہ کے لیے اعزاز یورپین سوسائٹی آف کیٹریکٹ اینڈ ریفریکٹو سرجنز کے زیر اہتمام سالانہ عالمی کانفرنس لندن میں 11 ستمبر سے 17 ستمبر تک جاری ہے۔ عالمی سطح کی اس اہم کانفرنس میں دنیا بھر سے ہزاروں ماہرینِ امراضِ چشم اور ڈاکٹرز شرکت کر رہے ہیں۔ کانفرنس میں پاکستان سے بھی تقریباً 80 ماہرینِ امراضِ چشم شرکت کر رہے ہیں، جن (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن دہشتگردی تحقیقاتی کمیشن کی سماعت

جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج مورخہ 14 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی

تحقیقاتی کمیشن نے گواہوں کی شہادتیں قلم بند کرنے کے لیے کارروائی اگلی سماعت تک ملتوی کردی گئی

کوئٹہ (خ ن) تحقیقاتی کمیشن کے ایک اعلامیہ کے مطابق منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردی حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج مورخہ 14 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران علاقہ کے لوگوں کی بڑی تعداد پیش ہوئی جن کی معاونت وکلا کی ٹیم نے کی جن میں شمس الرحمٰن کاکڑ، عابد پانیزئی، عبدالمصور، مسعود احمد دوتانی، شیر دل مینگل اور حبیب اللہ خان ناصر ایڈوکیٹس شامل تھے۔ علاوہ ازیں تحقیقاتی کمیشن کے پچھلے حکم نامے مورخہ 09.09.2026 کی (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

ڈاکٹر سعید الٰہی ورلڈ کالمسٹ کلب کے مرکزی سینئر وائس چیئرمین منتخب

آزادی ریاست کیلئے آزادی صحافت کی حفاظت یقینی بنانا ہوگی: ڈاکٹر سعید الٰہی

لاہور (بولان بیورو) پنجاب کے سابق صوبائی وزیر، ریڈ کریسنٹ کے سابقہ چیئرمین، پاکستان پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن کے سابقہ جنرل سیکرٹری، منفرد اسلوب کے سینئر کالم نگار اور تجزیہ کار ڈاکٹر سعید الٰہی کو بھرپور اتفاق رائے سے ورلڈ کالمسٹ کلب کا مرکزی سینئر وائس چیئرمین منتخب کرلیا گیا، ان کا انتخاب ورلڈ کالمسٹ کلب کے مرکزی صدر مظہر برلاس کی زیرصدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا۔ اس منصب کیلئے ان کا نام مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ناصر اقبال خان نے تجویز کیا جبکہ مرکزی وائس چیئرمین سردار مراد علی خان کی طرف سے بھرپور تائید کی گئی۔ انتخابی اجلاس میں ورلڈ کالمسٹ کلب (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

حکومت فی لیٹر پیٹرول پر 85 روپے لیوی وصول کررہی ہے، ترجمان جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان جماعت اسلامی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت فی لیٹر پیٹرول پر 85 روپے لیوی وصو (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

لاہور، صوبائی مشیر علی ڈار سے چینی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

سندر میں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

لاہور (این این آئی) سندر کے علاقے میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی قیادت میں آگاہی ریلی کا انعقاد

محکمہ صحت کے افیس سپرٹینڈنٹ محمد اعظم بہرانی سمیت دیگر افسران اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

نصیرآباد (نامہ نگار) محکمہ صحت نصیرآباد کے زیر اہتمام ماں اور بچے کی صحت محفوظ زچگی غذائیت اور صحت سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی قیادت میں آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر نصیرآباد کوآرڈینیٹر نیشنل پروگرام ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی ڈی ایس، وی ثناء اللہ خان محکمہ صحت کے افیس سپرٹینڈنٹ محمد اعظم بہرانی سمیت دیگر افسران اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں آگاہی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر ماں اور بچے کی صحت محفوظ زچگی حاملہ (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

200 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) 200 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج (منگل) 15 ستمبر کو ہوگی (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

گڈانی کشتی حادثہ، ماہی گیروں کے تحفظ کے لیے قومی پالیسی ناگزیر

ماہی گیر کی جان کی حفاظت ریاست، معاشرے اور کوآپریٹو نظام کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سردار صابر قاسمی

بیلا (نمائندہ بولان) گڈانی کشتی حادثہ، ماہی گیروں کے تحفظ کے لیے قومی پالیسی ناگزیر گڈانی بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین لمیٹڈ پسنی بمقام سوک سینٹر حب اور کوآپریٹو موومنٹ بلوچستان کے چیئرمین سردار صابر قاسمی نے حبکو کنڈ کے ساحل کے قریب کشتی حادثے پر گہرے افسوس (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

سجاول، بدین اور ٹھٹھہ میں پرندوں کے شکار پر پابندی عائد، دفعہ 144 نافذ

جال لگانے اور بٹیر سمیت مہاجر و مقامی پرندے پکڑنے پر 90 روز تک پابندی لگادی گئی

حیدرآباد (این این آئی) کمشنر حیدرآباد ڈویژن فیاض حسین عباسی نے مہاجر اور مقامی پرندوں کے غیر قانونی شکار اور انہیں پکڑنے کے لیے جال لگانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سجاول، بدین اور ٹھٹھہ میں 90 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کردی ہے۔ کمشنر حیدرآباد کی جانب (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

لاہور، 60 سالہ شخص نے خودکشی کرلی

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقہ میں 60 سالہ شخص نے مبینہ طور پر نامعلوم وجوہات کی بنا پر زندگی کا خاتمہ (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد ایک اور بڑی چوری کی واردات

نامعلوم چوروں نے گھر میں گھس کر لاکھوں روپے کی زیورات قیمتی سامان اور نقدی لوٹ کر رفو چکر ہوگئے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد ایک اور بڑی چوری کی واردات نامعلوم چوروں نے گھر میں گھس کر لاکھوں روپے کی زیورات قیمتی سامان اور نقدی لوٹ کر رفو چکر ہو گئے (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو کمی

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

خالد محمود میموریل زون چار ٹی 20 -انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ

رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب کی کامیابی، محمد معاذ اور افنان خان کی جارحانہ بالنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون چار کے زیر اہتمام منعقدہ خالد محمود میموریل زون چار ٹی 20-انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب نے فیلکن اسپورٹس کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ پاک اسٹار گراؤنڈ پر کھیلے گئے میچ میں فیلکن اسپورٹس نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا اور پوری ٹیم 14.5 اوورز میں 89 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سرفراز نے 19 رنز بنائے۔ آف اسپنر محمد معاذ نے جارحانہ بالنگ کرتے ہوئے 8 رنز دیکر (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

کسانوں کی خوشحالی، سندھ نے اہم سنگ میل عبور کرلیا، شرجیل میمن

بلدیاتی ترمیمی بل پر ایم کیو ایم کا احتجاج پرانی روایت کا تسلسل ہے، بلدیاتی نظام کا تسلسل برقرار رکھنے کیلئے مدت ختم ہونے سے 120 روز قبل الیکشن کمیشن کو خط لکھا جائے گا، ضیا الحسن لنجار

لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں کی گئی۔ اگر بلدیاتی اداروں کی مدت مکمل ہوجاتی ہے تو حکومت کسی کو بھی ایڈمنسٹریٹر مقرر کرسکتی ہے،

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان نے لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل پر قائم خصوصی کمیٹی میں بل کی تمام شقوں کی حمایت کی، تاہم سندھ اسمبلی میں پیش رفت کے دوران اپنے مؤقف سے مکر کر شور شرابہ کیا، جو اس جماعت کی پرانی روایت کا تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت یہ بل براہ راست بھی اسمبلی میں پیش کرسکتی تھی، تاہم تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کیلئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی جس میں مختلف جماعتوں کے ارکان شامل تھے۔ سندھ اسمبلی کی کارروائی کے بعد وزیر قانون و داخلہ امور ضیا الحسن لنجار کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ایم کیو ایم نے کمیٹی کے اجلاس میں بل کی تمام شقوں پر تفصیلی بحث میں حصہ لیا اور ان (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر محمد شریف پالاری نے گڈانی کشتی حادثے میں ہلاک ہونیوالے عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت کر رہے ہیں اس موقع پر وائس چیئرمین غنی گدور، کونسلر مراد گدور، جمعہ گدور، یاسین پالاری، صاحبزادے محمد شریف پالاری سمیت دیگر معززین بھی موجود ہیں

وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شریف پالاری کی جاں بحق ماہی گیروں کے اہل خانہ سے تعزیت وفاتحہ خوانی

مشکل اور غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں، شریف پالاری

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر محمد شریف پالاری نے گڈانی کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے ماہیگیر عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے گدور گوٹھ میں ان کے گھر پہنچ کر فاتحہ خوانی کی اس موقع پر وائس چیئرمین غنی گدور، بوٹ کے کونسلر مراد گدور، جمعہ گدور، یاسین پالاری، صاحبزادے محمد شریف پالاری (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا پولیس کو پنجاب پولیس نہیں بننے دیں گے، سہیل آفریدی

نرسنگ کالج واقعے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہوگی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

سہیل آفریدی کی زیرِ صدارت صوبے میں پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس ہوا

پشاور (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ کے پی پولیس کو پنجاب پولیس نہیں بننے دیں گے۔ سہیل آفریدی کی زیرِ صدارت صوبے میں پولیس کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ کمپلینٹ سیل کو جنوری تا (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں